قاضی عبدالودود کا مرتب کردہ

تذکرۂ مسرّت افزا

مصنفہ

ابوالحسن امیرالدین احمدؒ امراللہ الٰہ آبادی

(تصنیف: ۱۱۹۳ھ)

تحقیق

سیّد شاہ محمّد اسمٰعیل

(م: ۱۹۹۸ء)

خُدا بخش اُورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

قاضی عبدالودود کا مرتب کردہ

تذکرۂ مسرّت افزا

مصنفہ

ابوالحسن امیرالدین احمد امراللہ الہ آبادی

(تصنیف : ۱۱۹۳ھ)

تحقیق

سید شاہ محمد اسمٰعیل

(م : ۱۹۹۸ء)

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

سال اشاعت : ۱۹۹۸
۱۲۵

غیر ممالک کے لیے : سات ڈالر

طابع و ناشر: خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ-۴

حرف آغاز

"تذکرۂ مسرت افزا" مصنفہ ابوالحسن امیرالدین احمد امراللہ الہ آبادی بارہویں صدی ہجری کے بالکل اواخر میں منصۂ وجود پر آیا۔ یہ فارسی زبان میں اردو کے قدیم شعراء کا تذکرہ ہے۔ اس کا ایک خطی نسخہ آکسفورڈ یونیورسٹی لائبریری میں دستیاب تھا۔ اس کی عکسی نقل پٹنہ یونیورسٹی لائبریری نے حاصل کرلی جسے قاضی عبدالودود صاحب مرحوم نے "معاصر" میں قسط وار شائع کیا۔ اس سے متعلق قاضی صاحب کی تین مختلف تحریریں مختلف رسائل میں اشاعت پذیر ہوئیں۔ ان کا ایک طویل مقالہ جو رسالہ "اردو" میں طبع ہوا بطور مقدمہ اس میں شامل کرلیا گیا ہے۔

"معاصر" میں اس کی اشاعت کے بعد حسن اتفاق سے خدابخش لائبریری کو اس کا ایک اور نسخہ حاصل ہوا۔ اس کا حصول ہی شاہ محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم کی تحقیق کا محرک ہوا۔ شاہ صاحب خود بھی ایک شاعر تھے اور اپنا اکثر وقت لائبریری میں تصنیف و تالیف میں صرف کرتے تھے۔ انھوں نے ان دونوں نسخوں کا موازنہ کرڈالا۔ قاضی صاحب کے مرتب کردہ نسخے کو اساسی مان کر اس کی تدوین کی۔ اختلاف نسخ کو ضمیمے میں اور مناسب ترین لفظ کو متن میں جگہ دی۔ شاہ صاحب کا پیشگفتار ان کی ترتیب نو پر تفصیل سے روشنی ڈالتا ہے۔

اس کا مکمل اردو ترجمہ ڈاکٹر مجیب قریشی نے اور اس کی تلخیص اردو میں پروفیسر عطاء الرحمٰن عطا کاکوی شائع کرچکے ہیں۔ لیکن خدابخش لائبریری نے یہ تصحیح شدہ نسخہ اصل فارسی زبان میں شائع کیا ہے۔

اپنے دیرینہ رفیق شاہ محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم کو لائبریری کی جانب سے یہ ایک نذرانۂ عقیدت ہے۔

——— ح درج

مشتملات

پیش گفتار (سید شاہ محمد اسمٰعیل) سات

تعارف (قاضی عبدالودود) تیرہ

فہرست اسمار شعرا تینتالیس

تذکرۂ مسرت افزا (متن) ۱

تتمہ ۔ ۱

اضافہ مخطوطہ خدا بخش سے ۱۷۱

مزید اشعار جو مطبوعہ نسخہ میں نہیں ہیں ۱۷۲

تتمہ ۔ ۲ ۲۰۹

ضمیمہ ۔ ۱

اختلاف نسخ ۲۱۳

ضمیمہ ۔ ۲

مجیب قریشی ۲۲۷

شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی ۲۴۴

پیشگفتار

بارہویں صدی ہجری میں اردو شعرا کے متعدد تذکرے لکھے گئے، ان میں تذکرۂ مسرت افزا بھی شامل ہے۔ اس کا صرف ایک خطی نسخہ معلوم ہو سکا تھا جو آکسفورڈ یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہے۔ پٹنہ یونیورسٹی لائبریری کو اس کی فوٹو کاپی دستیاب ہوگئی اور قاضی عبدالودود صاحب نے اسے باقساط معاصر میں شائع کیا۔

اس سلسلہ میں قاضی صاحب کی تین تحریریں ملتی ہیں، ایک مختصر تحریر جو مسرت افزا کی اشاعت سے قبل معاصر میں چھپی تھی۔ دوسری تحریر مسرت افزا کے تعارف پر مشتمل ہے۔ وہ سہ ماہی اردو اپریل ۱۹۶۸ء میں شائع ہوئی۔ تیسری تحریر جو دوسری تحریر سے قدرے مختلف ہے، تحریر دہلی کے اگست ۷۲ء کے شمارے میں آئی ہے۔

رسالہ اردو میں شائع شدہ مقالہ زیادہ بسیط ہے، اور "تذکرۂ مسرت افزا" سے متعلق جو مواد حاصل ہو سکا ہے اس کے پیش نظر قاضی صاحب نے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اس لیے مناسب سمجھا گیا کہ اس مقالے کو بطور مقدمہ اس اشاعت میں شامل کر دیا جائے۔

"معاصر" میں تذکرہ مسرت افزا کی اشاعت کے بعد ایک خطی نسخہ خدا بخش لائبریری کو حاصل ہوا، افسوس ہے کہ قاضی صاحب کی سرسری نظر اس نسخے پر پڑی اور بالاستیعاب اس کو دیکھنے اور اس پر کچھ لکھنے کا موقع نہ مل سکا۔

زیر نظر نسخہ مندرجہ بالا دو نسخوں پر مبنی ہے۔ قاضی صاحب کے مرتبہ مطبوعہ نسخے کو بنیادی نسخہ قرار دیا گیا ہے۔ خدا بخش نسخہ سے مقابلہ کرکے جہاں کہیں اختلاف نظر آیا، وہاں جس نسخے کا لفظ زیادہ مناسب معلوم ہوا اسے متن میں جگہ دی گئی اور دوسرے نسخہ کے اختلافی لفظ کو ضمیمے میں رکھا گیا۔ جہاں کہیں بنیادی نسخے میں کسی لفظ کی کمی دیکھی گئی، اور وہ لفظ مخطوطے میں مل گیا تو اسے متن میں جگہ دیدی گئی اور جہاں کہیں دونوں نسخوں میں ایسا لفظ آگیا ہے جو بدیہی طور پر ناموزوں یا نامناسب ہے وہاں اس لفظ کو باقی رکھتے ہوئے قوسین میں ممکنہ صحیح لفظ لکھ دیا گیا ہے۔ ایسے الفاظ جو واضح طور پر وزن شعر سے زیادہ نظر آئے انہیں متن سے خارج کرکے تفصیل ضمیمے میں دیدی گئی ہے، دونوں نسخوں میں جہاں کہیں خلا پایا گیا، وہاں ممکنہ موزوں اور مناسب لفظ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چند جگہیں ایسی ہیں جہاں پورا مصرع یا کئی الفاظ غائب ہیں اور دیوان شاء یا تذکروں سے مدد نہ مل سکی ہے اپنی حالت پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں تذکرہ میر حسن، گلزار ابراہیم اور مجموعہ نغز سے استفادہ کیا گیا ہے۔

مطبوعہ نسخہ میں قاضی صاحب نے کہیں کہیں پورے ایک مصرع، لفظ یا حرف کا اضافہ قوسین میں کر کے نسخہ آکسفورڈ کے خلا کو پر کیا ہے، ایسی جگہوں میں اگر وہ لفظ یا مصرع مخطوطے میں مل گیا، تو متن سے قوسین کو ختم کر دیا گیا ہے اور اگر مخطوطے میں بھی نہیں ملا، تو قوسین کو برقرار رکھا گیا ہے۔ اور حوالہ ضمیمے میں دے دیا گیا ہے۔

اختلاف نسخ کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل علامتیں اختیار کی گئی ہیں:

۱۔ خدا بخش کا نسخہ = خ ۲۔ مطبوعہ نسخہ = مط

نسخہ خدا بخش کی تفصیلات: سائز ۳۲ × ۲۲ س م، اوراق ۱۵۱، سطور ۱۷، خط نستعلیق معمولی۔ پہلا ورق نہیں ہے، آخر میں کوئی ترقیمہ نہیں ہے جس سے کاتب کا نام اور سال کتابت معلوم ہو سکے۔ ۱۳ ویں صدی کے نصف اوّل کی کتابت معلوم ہوتی ہے۔ کہیں کہیں کرم خوردگی کی وجہ سے ایک آدھ حرف یا لفظ غائب ہو گیا ہے۔ نسخہ اچھی حالت میں ہے ضروری مرمت کر دی گئی ہے۔ شعر کے نلم اور کہیں شر کی ابتدا کی علامت کے لیے سرخ روشنائی استعمال کی گئی ہے۔

بعض جگہ حاشیے پر لفظ کی تصحیح کسی لفظ، عبارت یا شعر کا اضافہ بھی ہے۔ ان میں سے بعض اضافے کاتب متن ہی کے قلم سے معلوم ہوتے ہیں۔ اور بعض کا خط مختلف ہے۔

خصوصیات کتابت: کاتب کم سواد معلوم ہوتا ہے۔ املا کا کوئی منضبط طریقہ اختیار نہیں کیا گیا ہے، املا کی غلط نویسی بھی پائی جاتی ہے۔ بعض الفاظ کو کہیں صحیح لکھا ہے اور کہیں غلط۔ مزید چند خصوصیات یہ ہیں جو بطور نمونہ پیش کی جا رہی ہیں:

ٹ، ڑ کی کتابت:

۱۔ توت (ب۵) = ٹوٹ، بڑا (الف۱۵) = بڑا، اڑے = اڑے (الف۲۵)۔

۲۔ ٹک (الف۵۳) = ٹک، ماٹی (الف۵۸) = ماٹی۔

۳۔ پھوڑے (ب۱) = پھوڑے۔

ن غنہ کا اضافہ:

اپناں (الف۳۶) = اپنا، کوں (ب۶۵) = کو، سناں (الف۸) = سُنا، سیں (الف۱۱) = سے، نیں (ب۱۳) = نے۔

انھیں الفاظ کو کہیں صحیح بھی لکھا ہے: اپنا (الف۳۹)، کو (الف۴۱) سے الف۱۳)، نے (ب۱۴)

ن غنہ کا حذف کرنا: چارو (الف۴۳) = چاروں، نوک سنا (الف۱۱) = نوک سناں

ن غنہ کا باقی رکھنا: پلکوں (الف۱۶)

'یہ' کے دو انداز: (الف۴۳) = یہ، یہہ (ب۴۳) = یہ

'واو' کا اضافہ: کوچھ (الف۵) = کچھ ، کھودائی (الف۱۱) = کھدائی، جھوکتی (ب۳۱) = جھکتی۔ موہنہ (الف۴۱) = منہ۔

بغیر 'واو' کے: کچھ (ب۱)

املا کے مزید چند نمونے:

بودھی (ب۶۱) = بوڑھے ، جوندے (ب۶۱) = چونڈے، پونچھ (الف۴۲) = پوچھ

گوایا (ب۱۶) = گنوایا، کلہ (ب۱۲) = کل، کپنی (ب۲۵) = کمپنی ، کوسل (الف۲۵) = کونسل ، نقرہ ئی (ب۳۱) = نقرئی۔

اونہوں (ب۹۲) = ہونٹوں، عیوض (الف۶۳) = عوض، جتے (ب۹۲) = جس سے ، اوتے (ب۹۷) = اس سے۔

واضح غلطیوں کی چند مثالیں:

ملاذمان (ب۲۷) = ملازمان ، ملاز (الف۲۵) = ملاذ ، لساتی (الف۲۶) = لساطی، کسرت (ب۴۲) = کثرت ، ارزال (ب۳۹) = ارذال مسنوی (ب۴۳) اکثر جگہوں میں = مثنوی، مہن (ب۴۳) = من، گلذار (ب۱۱) اکثر جگہوں میں = گلزار، نارہ (الف۴۵) = نعرہ ، ساٹ (ب۶۱) = رات ، نوآہ (ب۶۲) = نواح، وطیرہ (ب۶۲) = وتیرہ ، مرسیہ (الف۵۰) = مرثیہ، عبس (الف۱۲) = عبث ، اساس (ب۲۵) = اثاث ، تعلق (ب۳۱) = تتق، بے رسکی (الف۳۸) = بے ربطگی، کیونکی (الف۴۹) = کیوں کہ، جہاز (ب۹۱) = جہاز۔۔

مطبوعہ نسخہ بھی اغلاط کتابت سے خالی نہیں ہے۔ بعض اغلاط میں دونوں نسخے مشترک ہیں چند مثالیں یہ ہیں =

حسرت الہ آبادی کی فارسی مثنوی کے چند اشعار نقل کیے ہیں جن میں مندرجہ شعر بھی ہے۔:

اے کہ چوں ختم انبیائے کرام ہست ختم ائمۂ اطہار (ص۶۶، ق ب۳)

کرام اور اطہار ہم قافیہ نہیں ہیں مگر دونوں نسخوں میں اسی طرح لکھا ہے۔ قرینۂ غالب یہ ہے کہ کرام کی جگہ کبار ہوگا۔

نارہ (= نعرہ) ہل من مزید (ص۲، ق الف۴۵) ، بے ربتگی (= بے ربطگی) (ص الف۵۰ ، ق الف۳۸)

مصرع: جلدی سے بھیے مجھ (= مجھ کو اے بخشہ ابرار دیکھنا (ص ۹۱، ق الف۵۰)

درآوان (اعوان) واقران (ص ،، ، ق ب۴۲)

مصرع: ٹک اس طرف بھی لے بت اغیار دیکھنا (= بت عیار) ص ۱۳۸، ق الف۸۶)

مصرع: علی کے نام کو پایا (ہے) خدا خدا کر کے (ص ۱۰۱ ق الف۶۳) 'ہے' وزن سے خارج ہے۔

اغلاط کی مطابقت سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ مخطوطہ اور آکسفورڈ کا مخطوطہ ایک ہی نسخے سے نقل کیا گیا ہے، یا ان دونوں میں سے کوئی ایک دوسرے سے نقل کیا گیا ہے۔ مطبوعہ نسخے میں نسبتاً اغلاط کم ہیں، ہو سکتا ہے کہ قاضی صاحب نے اغلاط

کی تصحیح کر دی ہو، پھر بھی کچھ اغلاط نظر انداز ہو گئے ہیں۔

شعرا کی تعداد: قاضی صاحب نے ہر شاعر کے تذکرے کی ابتدا میں حاشیے پر نمبر شمار دیا۔ نمبر شمار کے نیچے بھی اعداد دیے ہیں جو تعداد اشعار کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

آخری نمبر شمار ۲۵۵ ہے لیکن درمیان کا ایک نمبر شمار یعنی ۲۴۹ چھوٹ گیا ہے اسلیے مطبوعہ نسخہ ۲۵۴ شعرا کے تذکرے پر مشتمل ہے۔

جبکہ نسخۂ خدا بخش میں مندرجہ ذیل دو شاعروں کا اضافہ ہے:

۱۔ غلام حسین خاں عیاش (ق الف ۱۳۸) کے حاشیہ پر کسی دوسرے کاتب کے قلم سے) ۲۔ میر محفوظ علی ہمدم (ق الف ۱۴۰ پر، متن میں شامل ہے) اس طرح نسخۂ خدا بخش میں شعرا کی تعداد ۲۵۶ ہو جاتی ہے۔

اشعار کی تعداد: مطبوعہ نسخہ میں نمبر شمار کے نیچے لکھے ہوئے اعداد کے مطابق اشعار کی کل تعداد ۵۳۹۶ بنتی ہے۔ لیکن مطبوعہ متن میں شامل اشعار کی کل تعداد ۲۱۲۸ ہے۔

مطبوعہ نسخے کے آخر میں مزید ۶۹ اشعار شامل کیے گئے ہیں جس پر قاضی صاحب کی یہ تحریر ہے۔

"حسب ذیل اشعار کسی نہ کسی سبب سے درج نہ ہو سکے حاشیے کے ہندسوں سے معلوم ہوگا کہ کن شعرا کے اشعار ہیں"

ان اشعار کا سلسلہ ۲۱۹۷ پر ختم ہو جاتا ہے۔ اور ان اشعار کو شامل کرنے کے بعد مطبوعہ نسخے میں اشعار کی تعداد ۲۱۹۷ ہو جاتی ہے اور جو اشعار خارج کر دیے گئے ہیں ان کی تعداد ۳۱۹۹ ہوتی ہے۔

نسخۂ خدا بخش میں ایسے اشعار جو مطبوعہ نسخہ میں شامل نہیں ہیں، ان کی تعداد ۷۱۳ ہے۔ یعنی اشعار کی کل تعداد ۲۹۱۰ ہوتی ہے۔ اس طرح اس نسخے میں ۲۱۹۹ اشعار کی کمی ہے۔

قاضی صاحب نے مطبوعہ نسخے کے آخر میں جو ۶۹ اشعار دیے ہیں اس پر جو عبارت ہے اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ صرف یہی ۲۹ اشعار ہیں جو کسی نہ کسی سبب سے درج ہوتے سے رہ گئے۔ جبکہ حاشیے پر دیے ہوئے اعداد کے مطابق ۳۱۹۹ اشعار مطبوعہ نسخے میں شامل نہیں ہیں۔ ان کے شامل نہ کرنے کے کیا اسباب ہیں اس سے متعلق ایک اشارہ قاضی صاحب کے مکتوب بنام ڈاکٹر محمد حسن سے ملتا ہے، اس خط میں قاضی صاحب تحریر فرماتے ہیں:

"مذکرہ مسرت افزا ..... شائع ہو گیا ہے مگر میں نے بہت سے اشعار اس بنا پر خارج کر دیے ہیں کہ وہ مطبوعہ تذکروں یا دواوین میں موجود ہیں۔" (مکتوب مورخہ ۹۔ ۳۔ ۴۱)

لیکن جب مطبوعہ نسخے کو دیکھا جاتا ہے تو اس میں ایسے اشعار کی اچھی خاصی تعداد ہے۔ جو تذکروں اور دواوین میں موجود ہیں چند مثالیں یہ ہیں۔:

۱۔ الم خواجہ صاحب میر (ص ۲۱)

نہ دل کو قرار بے قراری کے سبب — نہ چشم کو خواب اشکباری کے سبب
واقف نہ تھے ہم تو ان بلاؤں سے کبھی — یہ کچھ دیکھا تو تیری یاری کے سبب (تذکرہ میر حسن ص ۲۰)

۲۔ آشنا، میر زین العابدین (ص ۱۷-۱۸)

جو کوئی چشم تر نہیں رکھتا — درد دل کی خبر نہیں رکھتا

تذکرہ میر حسن میں اس شعر کے علاوہ مزید چار اشعار ہیں اور یہی پانچوں اشعار مطبوعہ نسخے میں بھی ہیں۔ (تذکرہ ص ۲۲)

۳۔ عشق خواجہ رکن الدین (ص ۱۳۴-۱۳۵)

جز عشق نہ سمجھے کفر و دیں کو — طرفین سے بے خبر ہے ہم

اس شعر کے بشمول سات اشعار مطبوعہ نسخے میں ہیں جن میں سے چھ اشعار تذکرۂ میر حسن میں موجود ہیں۔
(تذکرہ ص)

۴۔ فرصت، میرزا الف بیگ (ص ۱۵۸-۱۵۹)

مطبوعہ نسخے اور تذکرۂ میر حسن میں متعدد اشعار ہیں جن میں چھ اشعار مشترک ہیں۔ (تذکرہ ص ۱۳۲-۱۳۳)

ان تفصیلات کی روشنی میں یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ قاضی صاحب نے کسی ایک مخصوص سبب کی بنا پر اشعار کو خارج نہیں کیا ہوگا، بلکہ اس کے متعدد اور مختلف اسباب ہوں گے۔

(سید شاہ محمد اسمٰعیل) ••

تعارف

از: قاضی عبدالودود

[۱]

مولف تذکرہ مسرت افزا (= مسرت) نے (۱) اپنی کتاب کے دیباچے میں اپنا تعارف اس طرح کرایا ہے: ''ابوالحسن امیر الدین احمد المشتہر بہ امراللہ الہ آبادی'' (ص ۱) ابوالحسن کنیت ہے جو شعور آنے پر اختیار کی ہوگی، امیر الدین احمد اصلی نام، امراللہ عرف اور الہ آباد وطن تھا۔ اس بنا پر کہ مولف نے ۱۱۹۳ھ کی ۳ جمادی الاخریٰ کو اپنی عمر ۲۳ سال بتائی ہے (ص ۱) ۱۱۷۰ھ اس کا سال ولادت قرار پاتا ہے۔ وہ اپنے برادر بزرگ خیر الدین محمد کا شاگرد تھا (ص ۶۱) اور ''سیر و تحصیل علم'' کی غرض سے ۱۱۹۱ھ میں لکھنؤ بھی گیا تھا (ص ۹۷)۔ دیباچے میں ۲۰ ابیات کی ایک فارسی مثنوی شامل ہے جو نظر بظاہر خود مولف کی زائیدۂ فکر ہے، اس کے شعر ذیل میں ''حامد'' بطور تخلص آیا ہے:

بس (۲) حامد ازیں فضول خاموش
دریائے عنایت است در جوش (ص ۴)

مولف صفر ۱۱۹۲ھ میں اپنے برادر بزرگ کی رفاقت میں پٹنہ پہنچا اور یہاں ''چندے'' مقیم رہا (ص ۲)۔ پٹنہ سے وہ کب رخصت ہوا، اس کے متعلق

۱- مولف اور اس کے اقربا کے حالات صرف وہی درج ہیں جو مسرت میں ہیں، دوسرے ذرائع سے ان پر اضافہ ہو سکتا ہے۔

۲- مولف کا ترجمہ مسرت میں نہیں۔

مولف کے دو اقوال سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ ۱۱۹۲ھ کی بات ہے ، اور ایک اس پر مشعر ہے کہ ۱۱۹۳ھ میں یہاں سے روانہ ہوا ۔

(الف) اقتباس ترجمۂ ٹھاکر داس فمیر : ''در سنہ یک ہزار و یک صد و نود و دو ہجری کہ مولف بعزم کلکتہ در مرشد آباد رسیدہ'' ۔ (ص ۱۲۵)

(ب) ترجمۂ علی ابراہیم خاں خلیل میں بجنسہ یہی عبارت ۔ (ص ۷۲)

(ج) اقتباس ترجمۂ مفتی برکت اللہ : در سنہ یک ہزار و یکصد ونود و سہ برائے استفسار مقدمۂ ورثۂ شہباز بیگ... کہ صاحبان کوسل (کذا) آں بلدہ (پٹنہ) در ظاہر باستصواب و استفتائے اہل شرع انفصال نمودہ بودند ہمراہ دیگر افتا پناہاں حضور طلب صاحبان کوسل کلکتہ شدہ ، تا حالات تحریر در قید آب و دانۂ آں بلدہ پابند است ..... مولف در آں حین بعزم کلکتہ وارد عظیم آباد بود کہ ایں حکم رسیدہ ۔ (ص ۳۶ ، ۳۸)

مرشد آباد میں جو پٹنہ اور کلکتہ کی راہ میں واقع ہے ، مولف کا قیام زیادہ نہ رہا ہوگا ، وہ ترجمۂ مفتی برکت اللہ میں برکت اللہ وغیرہ کی پٹنہ سے روانگی کے ذکر کے بعد لکھتا ہے : ''مولف بر مقارن ایں حال وارد کلکتہ شدہ'' (ص ۳۹) ۔ اس کا امکان ہے کہ کلکتہ سے واپسی میں مولف مرشد آباد و پٹنہ میں کچھ ٹھیرا ہو ۔ بہر حال ۱۱۹۳ھ میں وہ بقول خود پھر لکھنؤ میں تھا (تختمۂ تذکرۂ مسرت افزا = تختمہ) اور اس سفر میں اس کا فرخ آباد جانا بھی ہوا (ص ۲۱۳) ۔ ترجمۂ سید امام تصور سے معلوم ہوتا ہے کہ تصور مولف کی رفاقت میں الہ آباد سے رام نگر بنارس گیا تھا ، اور وہاں ایک ''مدت'' تک فارغ البال رہا تھا ، یہاں تک کہ راجہ چیت سنگھ اور اس کے متوسلین کے فرار کی وجہ سے تصور بھی وہاں سے ۱۱۹۵ھ میں رخصت ہوا ۔ (ص ۳۰)

ترجمۂ غلام حسین خاں پسر ہمت خاں سے جو پہلے راجہ بلوند سنگھ اور اس کی موت کے بعد راجہ چیت سنگھ کی رفاقت میں تھے ، زمانۂ فرار راجہ چیت سنگھ میں مولف کی اقامت بنارس ثابت ہوتی ہے (ص ۳۰) ۔ ترجمہ رستم علی رستم سے تحریر ترجمہ سے پیشتر کسی زمانے میں غازی پور جانے کا ثبوت ملتا ہے ۔ (ص ۸۵)

[۲]

اقربائے مولف اور اس کے والد کے نام مسرت میں نہیں ۔ ترجمۂ خیرالدین

محمد حسرت میں ہے کہ ایک دن مصوب و محزوں "جہت ملاقات پدر بزرگوار مد ظلہ العالی" تشریف لائے (ص ۵۲) - اس ترجمے کے صفحہ ۶۲ میں مولف نے اپنی طرف سے پدر خیر الدین محمد کو "حضرت قبلہ گاہی" لکھا ہے ، اس میں کچھ شک نہیں کہ دونوں کے والد ایک ہیں ، محزوں نے ان سے مخاطب ہو کر خیرالدین محمد کے بارے میں کہا ہے : "این فرزند خود را بمن دھند" - (ص ۶۳)

خیر الدین محمد کا زمانہ ولادت صفر ۱۱۶۵ھ کا عشرہ اولیٰ ہے - ۱۳ سال کے تھے کہ محزوں نے ان کی تعلیم اپنے ذمے لی ، اور اس کا سلسلہ محزوں کی موت (۱۱۸۵ھ ، ص ۱۹۱) تک جاری رہا - اس کے بعد بہ تکمیل کے لئے جونپور گئے اور وہاں ایک سال محمد عسکری سے اکتساب علم کیا - ان کا تخلص حسرت تھا ، ابتدا میں شعر گوئی کا شوق تھا ، لیکن بعد کو "بحسب اتفاق و ضرورت محل" کہا کرتے تھے - ان کے ایام خردسالی میں ان کے ایک دوست نے دعوے کے ساتھ اپنا یہ مطلع پڑھا :

بسکہ دم از صفا زند موے بموے موے تو
آئینہ آب میشود روے بروے روے تو

انھوں نے بر جستہ یہ مطلع کہا اور سب نے اس کی تعریف کی :

اے مہ و مہر منفعل روے بروے روے تو
شاہ و گدا بجستجو کوے بکوے کوے تو

مثنوی مناجات کے تقریباً سو شعر فارسی جو مظہر الغرائب کے آخر میں ہیں بیک جلسہ کہے - مسرت میں اس کے ۱۷ اور اردو کے چار شعر موجود ہیں - خیرالدین محمد صاحب تصانیف عربی (۱) و فارسی (۲) تھے ، مسرت میں مؤلف نے کتب فارسی کی جو نامکمل فہرست دی ہے ، یہ ہے:

مظہر الغرائب در مناقب علی ابن ابی طالب ، وسیلہ النجات والوصول شرح مثنوی معراج القبول ، گلزار اسرار در لطائف ابرار ، خوارق قادریہ بادشاہ کے لئے لکھی، لطائف الابرار در مباحث طرفائے اھل سنت و امامیہ، تحفتہ المجالس

۱- کسی عربی تصنیف کا نام مسرت میں نہیں -

۲- خیر الدین محمد کی مشہور ترین کتاب عہد شاہ عالم ثانی کی تاریخ عبرت نامہ ہے ، جس کا ایک نسخہ کتاب خانہ خدا بخش پٹنہ میں ہے -

در ذکر آثار سلاطین ۔ مولف مسرت کو ان سے بڑی عقیدت تھی ؛ ان کے ترجمے میں یہ ۳ شعر شامل ہیں جو بہ ظاہر اسی کے ہیں ۔

چہ نسبت ذرہ را با مہر انور — نیاید از صدف(۱) توصیف گوہر
اگر خواہم کہ باشد آبرویم — ہمیں گویم کہ من شاگرد اویم
نہ شاگردم غلام کمترینم — بگرد خامۂ او خوشہ چینم

(ص ۶۱ تا ۷۰)

ص ۲۴۹ میں ان کا ایک شعر ہے : " پتھر پہ ہے سر الخ ۔ "

مولف کے بھائی (۲) صلاح الدین خاں بھی ان سے عمر میں بڑے تھے ، مسرت میں ان کے متعلق صرف یہ عبارت ملتی ہے :

ترجمۂ کرم علی خاں شہید مخاطب بہ مخدوم علی خاں : "شہید..... قطع نظر از برادری با مہین برادر مولف صلاح الدین خاں سلمہ اللہ تعالیٰ کمال ربط و یکجہتی دارد و مدتہا باہم در مجلس..... خدیو گیہان ہمنشین و ہم صحبت بسر بردہ " ۔ (ص ۱۱۴)

مولف کی ایک بہن شاہ غلام قطب الدین مصیب الہ آبادی کی زوجہ تھیں ۔ اقتباس ترجمہ مصیب :

"بعد چہار ماہ از روانہ شدن آن جناب... کہ غرۂ ذیحجہ روز دو شنبہ سنہ یک ہزار و یک صد و ہشتاد و شش بود ، نور بصر ، لخت جگر شاہ غلام حیدر ..... خلف آن حضرت (مصیب) بوجود آمدہ ..... زبانی والدہ ماجدہ اش کہ ہمشیرۂ مولف است مکرر شنیدہ ام چون ایام تولد وے قریب رسیدہ اکثر خواب مژدۂ مبارکباد بگوش ما میرسید "۔
(ص ۱۸۶)

[۳]

نسخ تذکرۂ مسرت افزا — دو قلمی نسخوں کا علم اب تک ہوا ہے ۔

۱- خزف ؟

۲- مولف ، خیر الدین محمد ، صلاح الدین خاں محض رشتے کے بھائی بہن نہیں معلوم ہوتے ، اعیانی یا علاتی بھائی بہن ہیں ۔

ایک سرکو ۔ اوزلے کی ملک تھا اور مدتوں سے کتب خانۂ دانشگاہ آکسفورڈ میں ہے۔ اس کا ذکر وہاں کی فہرست مخطوطات میں ہے، دتاسی کی تاریخ ادبیات ہندوی و ہندوستانی اور دیوان جوشش کی ترتیب میں اسی سے کام لیا گیا ہے۔ بعد کو پوری کتاب کا عکس کتب خانہ دانشگاہ پٹنہ کے لئے حاصل کیا گیا، اور نسخۂ مطبوعہ جو باقساط معاصر پٹنہ میں شائع ہوا اسی پر مبنی ہے۔ مگر اس میں بوجوہ بہت سے اشعار درج نہیں ہوئے اور اغلاط طباعت بھی بہت ہیں ۔ دوسرا نسخہ کتاب کی طباعت کے بعد کتب خانۂ خدا بخش میں آیا ہے، میں نے ابھی دونوں کا تقابلی مطالعہ نہیں کیا، غالباً ایک غیر معروف شاعر کا حال موخرالذکر میں زیادہ ہے اور اس کا متن نسبتاً صحیح ہے ۔ تقابلی مطالعے کے نتائج اس مقالے کی قسط آخر میں پیش کئے جائیں گے۔

یادگار ضیغم کی دوسری روایت میں جو کتب خانۂ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد میں ہے، بہت سے مطالب اس سے ماخوذ معلوم ہوتے ہیں، میرا گمان ہے کہ اس کے مصنف کے پیش نظر اس کی تیسری روایت ہوگی جس میں امر اللہ نے اضافے کئے ہوں گے۔ ان کے اخلاف سے اس کے متعلق تحقیق کی جائے تو ممکن ہے کہ یہ معلوم ہو جائے کہ واقعی اس کی تیسری روایت سے انہوں نے استفادہ کیا تھا، یا کوئی اور تذکرہ ان کے پاس تھا، جو اب تک عام نظروں سے پنہاں ہے۔

[۴]

زمانۂ تالیف مسرت ۔ تذکرے کے اقتباسات ذیل سے زمانۂ تالیف کے متعلق اطلاعات ملتی ہیں :

۱۔ ”از بدایت ایام صبا تا ایں آوان کہ سنین عمرم بثلاث و عشرین رسیدہ اوقات خود را در خدمت صاحبان فضل و کمال بسر بردم و از فیض صحبت شاں رسیدم بمقامے کہ پیوستہ دل حزین و خاطر محزوں جرأت کردہ ...پیام درد و الم بعرض میرساند کہ تا کے ... سامان بے سامانی و رسوائی خود در گنجینۂ سینہ نہاں دارم اگر دستوری یابم قصۂ دردمندی و آوارگیٔ خود در ضمن حالات شاعران ریختہ... شرح سازم ... چہ کمتر از سخنوراں دریے تالیف حالات شاں رفتہ اند ، و اکثر طالباں را تلاش ایں نوادر احوال

می باشد ... لیکن نیرنگ روزگار فرصت دمزدن نمی داد... ناگاہ ... در شہر صفر سنہ یک ہزار و یک صد و نود و دو ہجری ... بعد قطع مراحل رحل اقامت در ... عظیم آباد نہادم ... چندے قائم آں مقام شدم و سخنوران آنجا کہ در شیوہ محبت یکرنگ و یک دل می نمودند ، دریافتم ... دل مشتاق مرا ... بر آں آورد کہ شمہ از حالات شاں ... سطح تحریر را آرایش بخشم ۔ در ہموں (کذا) اندیشہ باز خیال سیاحت دارالامارت کلکتہ کلوگیر گردید ... براہ کشتی روبراہ آوردیم ... در اثنائے راہ بخاطر رسید کہ اوضاع زمانہ را ثباتے نیست ... پردہ از روئے مخدرات حجلہ سینہ برداشتہ برمنصہ شہود متجلی گردانم و برائے حاضراں تذکارے و آیندگاں یادگارے گذارم ، مبادا .. سہو و نسیان تاخت آرد و... مطالب و مضامین را کہ آمادہ جلوہ گری .. اند تاراج نماید ، لہذا دامن سعی بمیان جان بستم کہ از لآلی حالات اسلاف و اخلاف کہ ... عمرے مجاوری خمخانہ این فن نمودہ در سلک انتظام در آوردم" (۱) (ص ۱ تا ۳)

از ہجرت افضل البشر بود — تسعین و ہزار صد سہ افزود
بودہ ز مہ جماد دوم — تاریخ سوم نہ بیش و نہ کم
کیں تذکرہ مسرت افزا — این خامہ من نمود املا (۲)
(ص ۱ تا ۳)

۲- " چوں فقیر دراں زماں (ورود مرشد آباد ۱۱۹۲ھ) درپے تالیف حالات شاعراں زباں ریختہ بود از دوستان آں دیار شنیدہ کہ وے (علی ابراہیم خاں) خلیل ... تذکرہ شعرائے

۱- حسب ذیل الفاظ مسرت میں بطور تخلص آئے ہیں : دل ، حزیں ، محزوں ، جرأت ، پیام ، درد ، الم ، سامان ، رسوا ، نہاد ، دردمند، آوارہ ، طالب ، فرصت ، قائم ، یکرنگ ، یکدل ، مشتاق ، حاضر ۔

۲- اس کے یہ معنی نہ لئے جائیں پوری روایت اول ایک دن میں سپرد قلم ہوئی ۔

ریخته نیز ترتیب داده ... بحواشی تمام ... استدعائے آن تذکرہ نمودم تا از آن حالات اساتذہ کہ از حالات شان بما خبر نرسیدہ خصوصاً احوال وے را از تالیف وے استخراج نمایم لیکن خدا داند بخاطرش چہ خطور کرد ... کہ ابا و انکار آورد ، مکرر ارشاد فرمود کہ بعد ترتیب پریشان ساختم - واللہ اعلم'' - (ص ۷۲)

۳- ''مولف در ... یک ہزار یک صد و نود و سہ ... در اثنائے سفر کلکتہ ... این تذکرہ ترتیب نمودہ بود ، چون در سنہ نود و چہارم ... ورود ... لکھنؤ رو داد بر احوال اکثر نکتہ پردازان این زمان اطلاع نست داد ، تذکار شان درین تذکرہ ... مناسب دید'' - (خاتمہ) -

۴- ''امسال کہ شروع سنہ یک ہزار و یک صد و نود و چہارم است'' - (ترجمۂ آفتاب ، ص ۶)

۵- ''بعد تحریر تذکرہ در ... رجب یک ہزار و یک صد و نود و پنجم ہجری'' - (ترجمۂ خلیل ، ص ۷۳)

۶- ''بعد اتمام این تذکرہ در عشرۂ اولیٰ ماہ شعبان سنہ یک ہزار و یک صد و نود و پنجم ہجری میر شورش جہان ..... را پدرود کردہ'' - (ص ۱۱۲)

۷- ''بعد تحریر تذکرہ امسال کہ سنہ یک‌ہزار و یکصد و نود و پنجم است ... وے (مظہر) را بتاریخ ہفتم تا نہم ماہ محرم بضرب گولی پستول بدرجۂ شہادت رسانیدہ'' - (ص ۱۸۳)

۸- ترجمۂ تصور میں شعبان ۱۱۹۵ھ کا ذکر ہے - (ص ۱۳)

تذکرہ نویسی کا خیال لڑکپن سے تھا ، مولف ۱۱۹۲ھ میں وارد پٹنہ ہوا تو وہاں کے شعرا کا تذکرہ لکھنے کا خیال آیا - یہ اس کی عبارت سے مستفاد ہوتا ہے جو میری رائے میں اس کے مدعا کو صحیح طور پر ظاہر نہیں کرتی- اس سلسلے میں نظر بظاہر اس نے پہلا ملی قدم مرشد آباد میں اٹھایا، اور تذکرے نے دوران سفر میں بتاریخ ۳ جمادی الاخریٰ ۱۱۹۳ھ کتابی شکل اختیار کر لی ؛ ۱۱۹۴ھ میں لکھنؤ جانے کے بعد اس نے اضافے کئے ، اور اس کا

سلسلہ شعبان ۱۱۹۵ھ تک جاری رہا ۔ اس کے بعد بھی اگر اضافہ ہوا تو اس تذکرے سے اس کا حال نہیں کھلتا ۔

[۵]

روایت اول و ثانی ۔ اقتباس تخمۂ مسرت : '' انحصار کتاب بذکر شاعرانے کہ اسامی شاں در خطبہ مذکور است برہم نمودہ '' ۔ مؤلف نے یہ التزام کرنا چاہا تھا کہ کل شعرائے تذکرہ کا نام مسرت کے خطبے میں آجائے لیکن وہ اس میں کامیاب نہ ہوسکا ۔ خطبے (دیباچے) میں جو روایت اول کے لئے لکھا گیا تھا ، جن شعرا کے تخلص یا نام کسی نہ کسی طرح آئے ہیں ، ان میں سے ۱۹ زیر نظر مقالے کے ص ۱۰ پر حاشیۂ اول میں ملیں گے ، باقی یہ ہیں : رنگین ، احسن ، آہرو ، حسرت ، اضطراب ، آگاہ ، کامل ، عزیز ، شورش ، فغاں ، بیتاب ، خاکسار ، بسمل ، سودا ، عزلت ، عشق ، شوق ، عادت ، منتظر ، خوشدل ، فرحت ، سوز ، گداز ، گریاں ، نالاں ، مصیب ، برکت ، مسافر ، دوست ، جوشش ، راغب ، راسخ ، منت ، اشتیاق ، قبول ، کافر ، انجام ، ہدایت ، صواب ، غریب ، روشن ، امید ، بیان ، اسیر ، حسن ، فقیر ، یاد ، عاشق ۔ یہ سب بشمول الفاظ حاشیہ مذکورہ ۷۶ ہیں ۔ یہ کس طرح باور کیا جائے کہ روایت اول میں مظہر ، مضمون ، امین عظیم آبادی ، جنون کا ذکر نہ تھا ؟ میرا خیال ہے کہ روایت ثالث بھی ہوگی ، لیکن اس وقت صرف روایت ثانی منظر عام پر ہے ، اور روایات قعر گمنامی میں پڑی ہیں ۔ (رجوع بفصل ۲)

[۶]

سبب تالیف مسرت ۔ مولف نکات الشعرا پر اعتراض کے بعد لکھتا ہے : '' اگر راست بگویم سبب تالیف ایں تذکرہ ... ہم ہمیں بود کہ من بر غم حاسدان عیب بین و خردہ گیران نکتہ چین حالات ہر یکے کماہی در سطر تحریر کشیدم (کذا) (ص ۱۹۹) ۔ میرا خیال ہے کہ یہ تنہا سبب نہ تھا ۔

[۷]

تذکرے ۔ اس فصل میں ان تذکروں سے بحث ہوگی جن کے نام مسرت میں آئے ہیں ، اس سے قطع نظر کہ مولف کی نظر سے گزرے تھے یا نہیں ۔

نکات الشعرا : " بسبب رعونت ... که خلقی اوست زبانزد زبان آوران شده و باعث عیب جوئی سخنوران در زبان شان هریکے را حوصلهٔ عیب جوئی او بهم رسید - میرزا رفیع گوید :

هر ورق پر ہے میر کی اصلاح　　لوگ کہتے ہیں سہو کاتب ہے

در ... نکات الشعرا ... عجب نکته چینی در کلام شعرا ... نموده ، هر کرا بتحقیر و بے ادائی آورده و اشعار ایشان را بے رتبه و ناپسندیده چینده ... طرفه ترکه میرچون همت خود بانتخاب اشعار ناپسندیدهٔ شعرا گماشته بود ، طبعش بهمین مرغوب گشته ، ازیں جهت از اشعار خود هرچه دراں تذکره نوشته اکثرے از آں بے رتبه و ناپسندیده است ، در دیر نش بهتر ازیں اشعار بنظر فقیر درآمده - شنیدم که محمد تقی میدنیست ، میر نامر مرحوم والد میر درد بمشاهدهٔ جودت طبعش در عنفوان جوانی ... میگفت که محمد تقی میر میدان سخنوری خواهد شد ، از ان خود را ملقب بمیر ساخته " (ص ۱۹۹)

راقم کے تلمذ میر و سودا کا ذکر نکات الشعرا کے حوالے سے ہے (ص ۸۶) اور مولف نے خاکسار کی خرد بینی اور سفلگی پر میر کے اعتراض کا ذکر کر کے لکھا ہے که عیب جوئی میرا شعار نہیں ، اچھے اشعار سے مطلب ہے ، شاعر کی " نخوت " سے کیا کام (ص ۵۷) - یه صحیح نہیں که میر نے هر شاعر کی تحقیر کی ہے ، اور اس سے بھی اتفاق نہیں کیا جا سکتا که میر نے چن چن کر بے رتبه شعر درج تذکره کئے ہیں - پدر درد کا قول خود نکات الشعرا (ترجمهٔ درد) میں ہے . اس کا اختیار تخلص سے کچھ سروکار نہیں - مؤلف نے محمد علی نالاں کے دیوان کے دیکھنے کا ذکر کیا ہے ، اور اس کے شعر :

گر عدو میری بدی کرتا ہے خاص و عام میں
میں اسے رسوا کروں گا باندھ کر دیوان میں

کے متعلق لکھا ہے که " لیکن بیت حاتم (است) ، شاید غلطی کاتب باشد یا توارد شده " (ص ۲۲۷) -

حاتم کا شعر نکات الشعرا میں ہے مگر اس اختلاف کے ساتھ که مصرع آخر میں ردیف " میں " نہیں " کے بیچ " ہے - مسرت میں نکات الشعرا کے بہت سے شعرا کا ذکر نہیں مثلاً بینوا ، عطا ، میر حسن ، حسن شاگرد سودا ، عشاق وغیرہ -

تذکرۂ گردیزی میں صنعت کے شعر ذیل پر اعتراض ہوا ہے کہ اس کے دونوں مصرعوں میں "گھر" بطور قافیہ آیا ہے:

یار گھر جاتا ہے یارو کیا کروں
ہائے گھر جاتا ہے یارو کیا کروں

مولف کا جواب یہ ہے: "در مصرعۂ (کذا) اول 'گھر جاتا ہے' بمعنی 'بخانۂ خود میرود'، و در مصرعۂ دوم بمعنی 'خانہ خراب می شود' و ایں ہر دو معنی در محاورۂ اردو کثیرالاستعمالست، و یک لفظ قافیہ اگر بدو معنی تکرار یابد، مستحسن است" مولف نے اثر کا نام لئے بغیر ان کا ایک مطلع بطور سند پیش کیا ہے، اس کے دونوں مصرعوں میں 'پاس' قافیہ ہے لیکن مختلف معنوں میں، یہ مطلع ص ۲۱ میں بھی اثر کے دوسرے اشعار کے ساتھ درج ہے۔ مسرت میں کسی اور جگہ تذکرۂ گردیزی کا حوالہ نہیں، لیکن یہ مولف کی نظر سے ضرور گزرا ہے۔ نکات الشعرا کی طرح اس سے بھی جیسا چاہئے استفادہ نہیں کیا، تذکرۂ گردیزی کے متعدد شعرا، الہام، میر یحییٰ عاشق، عمر دکنی، رحم علی موزوں وغیرہ مسرت سے غیر حاضر ہیں۔

تذکرۂ میر حسن کا ذکر ترجمۂ میر حسن میں ہے، اور ان کا حال اس تذکرے کے حوالے سے لکھا ہے، لیکن میر حسن نے میر امامی (یکے از اجداد میر حسن) کا دہلی آنا لکھا ہے، مولف نے اسے ان کے والد پر منطبق کر دیا ہے۔ تذکرۂ میر حسن میں میر ضیا کا تخلص ہے نام نہیں، مولف نے میر ضیاءالدین بتایا ہے، اور اس طرح کہ تذکرۂ میر حسن میں اس کے ہونے کا گمان ہوتا ہے۔ مسرت میں ہے کہ طرز ضیا کو چھوڑ کر میر و سودا کی راہ پر چلے، میر حسن نے کہا ہے کہ میر ضیا کی طرز کا سرانجام جیسا چاہئے نہ ہوسکا، میں نے سودا و میر و درد کی پیروی کی۔ مسرت میں ہے کہ تلاش معاش میں گھر سے نکلے، تذکرۂ میر حسن میں ہے کہ "گردش روزگار بدھنجار" نے لکھنؤ و فیض آباد پہنچایا۔ مسرت میں گھاسی رام خوشدل کے دو شعر تذکرۂ میر حسن کے حوالے سے درج ہوئے ہیں۔ میر حسن نے ترجمۂ جعفر علی حسرت میں، حسرت کے ایک شعر:

شاید اس دامن میں پیارے خون بے تقصیر ہے
تیرا دامن آج کیوں تیرا گریباں گیر ہے

کے متعلق لکھا ہے " در ہندوستان رسم است کہ برائے پوشیدن بستان اکثر زنان دامن رابگریبان میکشند " مولف کہتا ہے کہ مصرع اول 'بے رتبہ' اور مصرع آخر سے کچھ 'مناسبت' نہیں رکھتا - اس نے اس کی جگہ یہ مصرع تجویز کیا ہے اور یہ مؤلف کا واحد اردو مصرع یا شعر ہے جو نظر سے گزرا ہے: " کچھ تو ہے اس کو چھپا مت تو کہ کیا تقصیر ہے " (ص ۵۸)- تذکرۂ میر حسن سے بھی مولف کا استفادہ مکمل نہیں ، اس کے بکثرت شعرا مسرت میر نہیں ملتے ، مثلاً محمد اشرف معاصر آبرو ، مرزا اکبر قلی ، خواجہ زین العابدین آزاد ، افغان ، اسد علی اسد ، ظفر علی آزاد ، اسانی ، اکرم ، انکرلیس ، بقا ، مصحفی -

مولف نے ان تینوں تذکروں سے جن شعرا کے حالات لئے ہیں ، وہ بھی بعض اوقات اطمینان بخش نہیں ، مثلاً یہ کہ محمد شاکر مشہور ایہام بند کے متعلق لکھا ہے : " نمیدانم کیست او تعالیٰ او را ناجی گناد کہ از کلام وے بسیار راضی می شویم " (ص ۲۲۹) - نور خاں آگاہ کو شاگرد واقف تو بتایا ہے (ص ۲۴) مگر یہ نہیں لکھا کہ اس نے ضیا سے بھی اصلاح لی تھی - یہ تذکرۂ میر حسن میں ہے -

تذکرۂ شیخ احمد وارث متخلص بہ احمدی ، متوطن زمانیہ غازی پور - اس شاعر کا ذکر سب سے پہلے مبتلا نے کیا ہے ، لیکن اس کا نام شیخ احمد لکھا ہے (ص ۶۴)[۹]- تذکرۂ عشقی میں وہی نام ہے جو مسرت میں ہے ، لیکن مبتلا و عشقی نے تذکرۂ احمدی کا ذکر نہیں کیا ، اور یہ تذکرہ فی الحال ناپید ہے - مؤلف نے احمدی کے ترجمے میں اس تذکرے کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس کے اشعار اسی سے ماخوذ ہیں (ص ۲۷)- قطب الدین علی خاں شادان کے اشعار کے لئے بھی اس کا حوالہ دیا ہے ، لیکن شادان کے حالات بدون حوالہ لکھے ہیں (ص ۱۰۰) - میرا خیال ہے کہ مولف نے اور باتیں بھی اس سے لی ہوں گی ، گو ان کا حوالہ موجود نہیں -

تذکرہ شورش : مولف شورش سے رفعت الہ آبادی کے یہاں اکثر ملا کرتا تھا ، فصل ہم میں زمانۂ وفات شورش بقول مولف کا ذکر ملے گا - ترجمۂ شورش میں مولف نے لکھا ہے کہ اس کا نام " یادگار دوستان " ہے ، ایک مدت کی سعی سے اس سنہ میں جو " یادگار دوستان روزگار " (= ۱۱۹۱) سے معلوم ہوتا ہے ، مرتب ہوا (ص ۱۱۲) - مفتی برکت اللہ کی طرف جو دو

شعر مولف نے منسوب کئے ہیں ، اُن کی نسبت اس کا قول ہے کہ میں نے شورش سے سنے تھے (ص ۳۶) - تذکرہ شورش مطبوعہ ' کتبخانہ دانشگاہ آکسفرڈ کے عکس پر مبنی ہے ، اور یہ وہی نسخہ ہے جس سے اسپرنگر نے کام لیا تھا اور دیوان جوشش کی ترتیب میں مدد لی گئی تھی - اس نسخے میں نہ دیباچہ ہے ، نہ خاتمہ اور بعض مقامات میں صریحاً کسی شخص نے تصرف کیا ہے - اس نسخے میں نہ وہ نام ہے جو مولف نے دیا ہے اور نہ وہ مصرع تاریخ جو اوپر نقل ہوا ہے -

تذکرہ شورش کا جو خطی نسخہ ڈاکٹر محمود الٰہی نے جونپور میں دریافت کیا ہے ، اس میں وہ نام نہیں جو مسرت میں ہے ، خود شورش کی عبارت جو انہوں نے ''باز یافت'' ص ۱۹۲ میں نقل کی ہے اس پر مشعر ہے کہ '' رموز الشعرا '' نام ہے ، مگر شورش اس میں مضائقہ نہیں سمجھتا اگر اسے تذکرہ' شورش کہا جائے - نسخہ' مطبوعہ میں مفتی مذکور کا ذکر نہیں ، اور دو اشعار میں سے ایک بساون لعل بیدار کے نام درج ہے -

ہے تمرے سوا کون مجھے دیکھنے والا
ہاں تجھ کو سلامت رکھے اللہ تعالیٰ (ص ۹۷)

نسخہ' جونپور میں مفتی کا ذکر ہے یا نہیں ، اور یہ شعر کس نام سے ہے ' میں یہ جاننے سے قاصر ہوں -

تذکرہ' محافل الشعرا مولفہ علی ابراہیم خاں خلیل: مولف ترجمہ' خلیل میں لکھتا ہے : '' مدتیست کہ در پئے تالیف تذکرہ' شعرائے متقدمین و متاخرین کمر سعی بر میان بستہ و تذکرہ' محافل الشعرا نامش نہادہ لیکن ... تا حال .. بانجام نہ رسیدہ '' (ص ۷۲) - چونکہ مولف نے اس کے معاً بعد خلیل کے اردو تذکرے کا ذکر کیا ہے ، عدم صراحت کے باوجود ، واضح ہے کہ محافل الشعرا شعرائے فارسی کا تذکرہ ہے - اس تذکرے کا نام صحف ابراہیم ہے اور یہ خود خلیل کے بیان کے بموجب ۱۲۰۵ھ میں مکمل ہوا تھا (صحف ابراہیم) - اس کا ایک ناقص نسخہ کتب خانہ' خدابخش پٹنہ میں ہے اور مکمل برلن کے ملکی کتب خانہ میں تھا ، جو اب ممکن ہے کہ ٹیوبنگن میں ہو - یہ نا ممکن نہیں کہ خلیل کا ارادہ ابتدا میں یہ ہو کہ محافل الشعرا نام رکھا جائے -

تذکرۂ ریختہ مولفہ خلیل کے متعلق بیان مؤلف فصل ۴ میں دیکھا جائے ۔ مؤلف جس زمانے میں مرشد آباد گیا تھا ، یہ تذکرہ لکھا جا رہا تھا ، اس کے برسوں بعد مکمل ہوا ۔ اس زمانے میں مرتب کر کے " پریشان " کر دینے کا سوال ہی نہیں ، خلیل نے کسی مصلحت سے مولف کو ناتمام تذکرہ نہیں دکھایا ۔ یہ وہی تذکرہ ہے جس کا نام گلزار ابراہیم ہے ، اور جو مسخ شدہ شکل میں طبع بھی ہو چکا ہے ۔ کلیم الدین احمد صاحب نے دو یا تین خطی نسخوں سے اس کا متن تیار کیا ہے اور یہ طبع ہو رہا ہے ۔

مجمع النفائس مولفہ آرزو کا ذکر ترجمۂ آرزو میں ہے ، مگر اس کے حوالے سے کوئی بات مسرت میں درج نہیں ۔ اس کا سال تالیف مؤلف نے ۱۱۶۰ھ بتایا ہے ، مگر یہ بڑا ضخیم تذکرہ ہے ، برسوں کی محنت سے تیار ہوا ہوگا ۔ زمانۂ تالیف کی بحث مقدمۂ دستورالفصاحت میں ہے ۔

سرو آزاد مولفہ میر غلام علی آزاد بلگرامی کے حوالے سے امید کا حال لکھا گیا ہے (ص ۱۶) ۔ لیکن مسرت اور سرو آزاد میں کچھ فرق ہوگیا ہے ۔

سرو آزاد : در زمان محمد معزالدین بتقریب خدمتی بره ..... برهان پور آمد و در ایام اینت ..... سید حسین علی خاں معزول شده بخجسته بنیاد (اورنگ آباد) رسید و بداروغگی احشام کرناتک مامور گردید و ... به ارکات رفت و بعد چند گه رفاقت مبارز خاں ناظم حیدرآباد اختیار کرد و روز جنگ با مبارز خاں حاضر بود ، بعد کشته شدن مبارز خاں در قید ... آصف جاه افتاد و غزلے . بجناب نواب ارسال داشت ، نواب ... حراست قلعه منی مرک از توابع کرناتک ... تفویض فرمود ۔ قزلباش خاں بعد چندے رخصت حرمین . گرفت و . مراجعت نمود ۔ نواب .. بدستور سابق مورد الطاف ساخت و چون نواب ... در سنه خمسین و ماه و الف حضور طلب شد ، قزلباش خاں در رکاب نواب به شاهجهان آباد رفت و در سفر بنیال ملتزم رکاب بود ، . موسیقی هندی .. خوب میدانست و میگفت و چون نواب ... به .. شاهجهان آباد معاودت فرمود قزلباش خاں همراه رفت و ازاں وقت در دارالخلافه باز اقامت گشاد " موت ۱۱۵۹ھ ، قطعۂ تاریخ وفات جس کا سادہ " جاں دادہ قزلباش خاں " ۔ ذوالفقار خاں سے متعلق حکایت (ص ۲۰۹) مسرت میں ہے کہ عہد معز الدین میں کسی خدمت پر برهان پور گئے اور مدتوں وہاں کے ناظموں کے ساتھ بخوبی بسر کی ۔ عہد حکومت آصف جاہ میں قزلباش خاں باجازت حجاز

گئے اور بعد تحصیل زیارت واپس آ کر بدستور منورد الطاف رہے - ۱۱۵۰ھ میں آصف جاہ دہلی طلب ہوئے تو یہ ہمراہ تھے ، اور اس وقت سے تا آخر وہیں رہے - قطعہ' آزاد مادہ '' جان داد قزلباش خاں'' (اس سے ۵ کا فرق ہو گیا ، مگر یہ کاتب کی غلطی ہوسکتی ہے) حکایت ذوالفقار خاں اور موسیقی کے متعلق وہی بات ہے جو آزاد نے لکھی ہے- (ص ۱۶)

مولف نے لکھا ہے کہ یہ '' ما حصل '' ہے ، لیکن بعض ضروری باتیں چھوڑ دی ہیں ، اور سندوں ناظمان برہان پور کے ساتھ بخوبی بسر کرنا اپنی طرف سے اضافہ ہے - مسرت کے ترجمہ' آرزو میں آزاد کا کہا ہوا قطعہ' تاریخ وفات ہے (ص ۱۱) مگر یہ سرو آزاد میں نہیں -

[۸]

مولف الہ‌آباد و غازی پور وغیرہ کے متعدد شعرا سے ذاتی تعلقات رکھتا تھا ، دوران سفر میں لکھنؤ ، بنارس ، پٹنہ ، مرشد آباد ، کلکتہ وغیرہ میں وہ بہتوں سے ملا ، لیکن کبھی ذاتی تعلقات اور ملاقات کا ذکر کرتا ہے ، کبھی نہیں - پٹنہ ، مرشد آباد اور کلکتہ میں وہ خیرالدین محمد کے ساتھ تھا ، کہیں کہیں یہ لکھا ہے کہ ان سے فلاں شاعر سے ملاقات ہوئی - قرینہ' قوی ہے کہ وہ بھی ان شعرا سے ملا ہوگا ، لیکن لازماً اس کی طرف اشارہ نہیں کرتا - بعض شعرا سے ملاقات نہ ہونے کا صراحتاً ذکر کرتا ہے ، کبھی کبھی وہ یہ بھی بتاتا ہے کہ کلام کس طرح حاصل ہوا یا کوئی بات کس سے معلوم ہوئی ، اس نے اس سلسلے میں بعض بیاضوں کا بھی حوالہ دیا ہے- بکثرت مقامات میں وہ یہ لکھتا ہے کہ اشعار حافظے سے لکھے -

(۱) خواجہ صاحب میر الم سے پٹنہ میں ملاقات ہوئی وہ ''اکثر'' اس کے یہاں جایا کرتے تھے ، ان کے اشعار جو مسرت میں ہیں ، خود انھیں سے سنے تھے- ص ۱۵ - (۲) اشعار آشنا از '' سفینہ' آشنائی''، ص ۱۷ - (۳) اشعار تصور از ''سفینہ'' - ص ۳۱ - (۴) میرزا بنیاد مولف کی خرد سالی کے زمانے میں وارد الہ‌آباد ہو کر اس کے بھائی سے مربوط ہوا - جنگ نامہ' احمد شاہ درانی و مرہٹہ '' زبان رنجنہ '' میں لکھا تھا ، بنیاد بالآخر دکن چلا گیا '' وقت تحریر ... شعرے از اشعار رنجتہ او بخاطر نبود ، ... چند ابیات محسن ... در تعریف امام ہو لی ، بقید قلم آوردہ شد '' - ص ۳۴ - اس کے باوجود غزل کا ایک شعر موجود ہے - (۵) محسن صاحب نو طرز مرصع جس کا اقتباس مسرت میں ہے ، مولف سے بہت محبت کرتے تھے - ص ۳۴۲ - (۶) میر حسن

صاحب تذکرہ کے ایک مطلع کے متعلق مرقوم ہے کہ " مطلع سر دیوان " ہے ، مگر اس سے یہ نتیجہ نہ نکالا جائے کہ دیوان مولف نے دیکھا تھا ، یہ الفاظ تذکرۂ میر حسن میں ہیں اور میر حسن کے کل اشعار تذکرے سے ماخوذ ہیں - (۷) خیرالدین محمد حسرت کے اشعار فارسی مظہرالغرائب سے منقول ہیں - ص ۶۵ - (۸) میرزا محمد حسن حسینی دہلوی اصفہانی الہ آباد پہنچے تھے اور وہیں فوت ہوئے ، مولف کے بھائی سے "بغایت مربوط" تھے - ص ۷۰ - (۹) مکنی لعل خوشدل کا بنگالی ہونا اور پٹنہ میں بفراغ بالی زندگی بسر کرنا ، نہا کرداس ضمیر کے حوالے سے لکھا ہے - ص ۷۴ - (۱۰) خادم عظیم آبادی سے ملاقات نہیں ہوئی ، دوستوں سے ان کی بہت تعریف سن کر مولف ان سے 'غائبانہ' محبت کرنے لگے تھے - ص ۷۵ - (۱۱) خادم متوطن میر بھوم کو مولف سے محبت تھی - ص ۷۶ - (۱۲) درد کے ایک دھرے کی شان نزول بقول "شخصے" مصنوعی روایت معلوم ہوتی ہے - ص ۷۷ - (۱۳) غلام احمد دوست پٹنہ میں مولف سے ملا کرتے تھے اور اپنے اشعار پڑھا کرتے تھے - ص ۱۱ - (۱۴) سرب سکھ دیوانہ جس زمانے میں میر بحر الہ آباد تھے ، مولف نے " کثر اوقات " انہیں دیکھا - ص ۸۱ - (۱۵) آسا رام ذوق غازی پوری کلکتہ میں مولف کے بھائی کے اوصاف سن کر " بہ ذوق شوق تمام شرف اندوز ملازمت " ہوئے - اشعار منقولہ " بطریق یادگار نذر مولف " کیے تھے - ص ۸۳ - (۱۶) رستم علی رستم الہ آباد میں بیتاب سے اصلاح لیتے تھے ، دکن گئے - غازی پور میں ایک 'شخص' نے رستم کے بنگالہ جانے کا ذکر کیا - ص ۸۴و۸۵ - (۱۷) راسخ عظیم آبادی مولف سے 'اکثر' ملتے تھے اور ان سے بہت محبت کرتے تھے - ص ۸۶ - (۱۸) جعفر خاں راغب " در وقت قیام گرامی برادر ... در...عظیم آباد عجبت تمام راغب ملاقات آں جناب شدہ ، دوستی تمام بہم رسانیدہ اکثر بملاقات خود راحت اندوز می ساخت " - ص ۸۹ - (۱۹) نصیر علی خاں رضا مولف سے اکثر ملاقات کیا کرتا تھا - ص ۹۱ - (۲۰) رفعت الہ آبادی کے ترجمے میں ان سے ملاقات کا ذکر نہیں ، لیکن یہ اوپر لکھا جا چکا ہے کہ مولف شورش سے انہیں کے یہاں ملا کرتا تھا (رجوع بفصل ۔) - (۲۱) ایک شعر زوار غازی پوری کا منصف غازی پوری سے سن کر درج تذکرہ کیا - ص ۹۶ - (۲۲) مؤلف سودا سے لکھنؤ میں ۱۱۹۱ھ میں ملا اور "زیادہ از شنیدہ" پایا - ایک حکایت جس کا آغاز " گویند " سے ہے یہ ہے :

سودا ایک دن میر ماشاءاللہ سے ملنے گئے ، اثنائے گفتگو میں " صحبت

ناچاق " ہوئی ، وہ متلون مشہور ہیں ، سودا کے فی البدیہہ ان کی ہجو میں چند شعر کہے جن میں سے ایک مسرت میں ہے :

دم میں تولا ہیں دم میں ماشا ہیں
میر کیا ہیں عجب تماشا ہیں (ص ۹۷)

یہ حکایت کہیں اور میری نظر سے نہیں گزری ، اور یہ شعر یا اس کے ساتھ کا کوئی اور شعر پچیس تیس نسخے کلیات سودا کے جو میں نے دیکھے ہیں ، ان میں نہیں ، کسی اور کتاب میں بھی یہ شعر نہیں ملتا۔

مولف نے معارضہ سودا و ضاحک کے متعلق لکھا ہے کہ سودا نے جو ہجویہ مخمس (مصرع ۱: ضاحک کی اہلیہ نے ڈھول اپنے گھر دھرایا) لکھا تو میر حسن نے بڑی منت و الحاح سے التجا کی کہ اسے شہرت نہ دیں ، لیکن سودا کی سعی اخفا کے باوجود مشہور ہوگیا (ص ۹۸) ۔ اس حکایت کے قبول کرنے میں مجھے تامل ہے۔ (۲۳) سجاد کا شاگرد مضمون ہونا سجاد کے دوست میر مہدی سے معلوم ہوا ۔ ص ۱۰۶ ۔ (۲۴) میر رحمت اللہ سودا سے مرشد آباد میں " اکثر " ملاقات ہوتی تھی ، مولف نے ان کے اشعار مانگے ، سودا نے بڑی معذرت کے ساتھ فارسی عبارت نثر کے ساتھ دی ، نظم و نثر ہر دو درج مسرت ہیں ۔ ص ۱۰۹ ۔ (۲۵) شورش کا دیوان بقول مولف مرتب تھا ، لیکن اشعار مندرجہ مسرت شورش کی زبان سے سنے تھے۔ ص ۱۱۲۔ (۲۶) جوشش کے دیوان کے بارے میں لکھا ہے کہ مرتب ہے لیکن " وقت تالیف نزد مولف حاضر نبود "۔ ص ۵۳ ۔ اشعار مندرجہ کہاں سے لائے یہ نہیں لکھا ۔ (۲۷) خواجہ عاصم خاں شور پسر خواجہ محمدی خاں " وے را مولف یک بار در عظیم آباد دیدہ و اشعار ..... از زبانش شنیدہ " ۔ ص ۱۱۶ ۔ یہ نہیں بتایا کہ اشعار مندرجہ وہی ہیں جو ان سے سنے تھے یا کسی اور ذریعے سے حاصل ہوئے تھے ۔ (۲۸) غلام حسین شہید غازی پوری کے بارے میں لکھا ہے کہ منصف غازی پوری ان کی تعریف کرتے تھے ۔ تحفۃ المومنین کا نظم کرنا بھی ظاہرا انہیں کی زبانی لکھا ہے۔ ص ۱۱۷ ۔ (۲۹) صانع بنگرامی کے دو شعروں کے متعلق لکھا ہے کہ ایک شخص سے سنے (مطلع : قوافی استخوان ، نشان ، ردیف اپنا شعر دیگر: نا مہربان قافیہ ، ردیف اپنا) مگر جہاں تک مجھے یاد ہے یہ دونوں مذکرہ گردیزی میں ہیں ۔ (۳۰) صمصام الدولہ متخلص بہ صمصام کے متعلق لکھا ہے کہ نہ جانے یہ صمصام الدولہ خاندوران محمد شاہی ہیں یا کوئی اور شخص ۔

ایک شعر ان کے نام سے کسی جگہ دیکھا تھا ، یاد رہ گیا " نزدیک ہے خزاں کا ہوے گذر چمن میں ... الخ" - ص ۱۲۰ - تذکرۂ گردیزی میں ان کا ذکر ہے ، مگر جہاں تک مجھے یاد ہے صمصام تخلص اس میں درج نہیں اور نہ اس کی کوئی قابل قبول شہادت موجود ہے - یہ شعر غالباً اس تذکرے میں ہے - (۳۱) میر ضیا سے "اکثر" پٹنہ میں ملنا ہوتا تھا۔ ص ۱۲۳ - (۳۲) ٹھاکر داس ضمیر نے اپنے اشعار ریختہ خود لکھ کر مرشد آباد میں دیے تھے - ص ۱۲۵ - مولف نے ضمیر کا ایک فارسی قصیدہ درج کیا ہے ، مگر اس کے ماخذ کا ذکر نہیں کیا - (۳۳) مرزا ظہور علی ظہور مقیم مرشد آباد " باستماع اوصاف گرامی برادرم ... از کمال قدر شناسی و فقرا پرستی برائے ملاقات آمد و محبت بسیار نمود" - ص ۱۲۹ - (۳۴) شیو سنگھ ظہور "این چند اشعار از دیوان اوست" - ص ۱۳۳ - مگر اشعار جہاں تک مجھے یاد ہے وہی ہیں جو تذکرہ گردیزی میں ہیں ، یہ بعید از قیاس ہے کہ اس شاعر کے دیوان سے لئے ہوں - (۳۵) میر اعظم اعظم دہلوی برادر خرد میر محمد معصوم ، مولف سے مرشد آباد میں ملاقات ہوئی - ص ۳۶ - (۳۶) عبداللہ عبد وارد مرشد آباد ، انہیں مولف سے محبت تھی - ص ۱۳۷ - (۳۷) رائے بھکاری داس عزیز الہ آباد میں تھے تو اکثر ان پر نظر پڑتی تھی - ص ۱۳۹ - (۳۸) سید ہدایت علی خاں عاشق سے کلکتہ میں " اکثر " ملاقات ہوئی - ان کے دیوان کا ذکر کیا ہے ، لیکن صراحتاً یہ نہیں لکھا کہ اشعار اس سے ماخوذ ہیں - (۳۹) غلام حسین خان مقیم بنارس "بکمال محبت و سلوک مودت پیش می آید" - ص ۱۴۷ - (۴۰) میر شمس الدین فقیر کے ایک شعر :

ترا منہ دیکھ بلبل گل سبھی بیزار ہو جائے
اگر گل تجھ تلک پہنچے گلے کا ہار ہو جائے

کے متعلق لکھا ہے " شاہ قدرت اللہ کہ از ہمنشینان و دوست میگفت کہ عزیزی از دوستانش تالیف تذکرۂ شعرائے ریختہ داشت ، ازو استدعائے شعرے کرد بدیہہ ایں شعر گفتہ فرستاد " - ص ۱۵۰ - یہ شعر جس تذکرے میں سب سے پہلے آیا ہے وہ قائم کا تذکرہ ہے ، اس میں یہ باتیں درج نہیں ، مزید یہ کہ شاہ قدرت اللہ سے جیسا کہ ترجمۂ قدرت میں ہے ملاقات نہ تھی - یہ بات مولف نے قدرت سے نہیں ، کسی اور شخص سے سنی ہوگی - (۴۱) قفان اور ایک رنڈی کے متعلق حکایت جس کا آغاز " خود می

گفت'' ہے ہے۔ ص ۱۵۱ - مگر فغاں مولف کے ورود پٹنہ سے کئی سال قبل مر چکے تھے اور فغاں الہ آباد گئے بھی ہوں گے تو اس وقت مولف برس دو برس کا ہو گا - دیوان فغاں کی شہرت کا ذکر ہے لیکن یہ نہیں کہ اشعار کہاں سے لئے۔ (۴۲) مرزا محمد علی فدوی سے پٹنہ میں اکثر ملاقات ہوتی تھی ، مولف سے '' کمال محبت '' - ص ۵۳ - ذیل ترجمہ' قمر الدین منت میں مولف نے ایک غزل کے متعلق جس کے قوافی سالوسی ، مایوسی ، طاؤسی وغیرہ ہیں اور ردیف ' ہے ' لکھا ہے : '' بیش ازیں از اکثر مردم شنیدہ بودم کہ این ریختہ از نتائج فکر گنا بیگم ... است و او ہم منت تخلص می نماید ، لیکن چوں در عظیم آباد تذکرہ' این سخن بمرزا فدوی درمیان آمد گفت کہ منت تخلص میرزا (خود مولف نے اس سے قبل و بعد میر لکھا ہے اور یہی درست ہے) قمر الدین است و نیز این اشعار زاد ہائے طبع اوست ، لہذا ... در ذیل احوال میر نوشتم'' - ص ۲۱۴ - (۴۳) فرحت اللہ فرحت کے دیوان فارسی و ریختہ کے بارے میں لکھا ہے کہ ضائع ہو گئے - اشعار مندرجہ فرحت کے دوستوں سے سنے - ص ۱۶۰ - (۴۴) میرزا فدا علی فدا ''از فدائیان فدوی'' پٹنہ میں ان سے ملاقات کے لئے آئے اور چند شعر بطور ہدیہ دئے ظاہرا وہی منقول۔ ص ۱۶۵- (۴۵) فضائل علی خاں کی مثنوی کے متعلق لکھا ہے '' وقت تحریر تمام مثنوی باخود نبود ، مگر چند اشعار کہ از ایام خرد سالی ازبر بود می نگارد '' ص ۱۶۷ - اس کے ۶۷ اشعار مسرت میں ہیں جن میں سے ۲۱ تذکرہ' میر حسن میں بھی ہیں، ۴۶ جو مسرت میں زیادہ ہیں کہیں اور نہیں ملتے۔ (۴۶) قدرت کے بارے میں رجوع بہ ۴۰ - مولف کی درخواست پر اپنے اشعار خود لکھ کر بھیجے - ص ۱۷۳ - مسرت میں ظاہرا وہی اشعار - (۴۷) برکت اللہ قرین کے متعلق لکھا ہے کہ برسوں یقین کے ہمنشین رہے ، اور خود ان کی زبانی یقین کے ادعا پر انہیں کی غزل کی زمین میں شعر پڑھے (ردیف ' کیا قدرت ') اور قرین کے عشق کا واقعہ لکھا ہے - ص ۱۷۴ و ۱۷۵ - مگر صراحتاً یہ نہیں لکھا کہ مولف سے کہتے تھے یا کسی اور شخص سے مؤلف کو معلوم ہوا - (۴۸) علی نقی کافر دہلوی '' در ہنگامے کہ ہمراہ ... عالی جاہ (میر قاسم) وارد الہ آباد شدہ بود اکثر جہت ملاقات ہمین برادر مولف ... می آید و اشعار خود میخواند ... ایں چند اشعار او بر صفحہ' سینہ مرقوم بود '' - ص ۱۷۸ - ظاہرا مولف نے خود کافر کی زبان سے سنے - ان میں ایک رباعی '' نت میکدے میں پھرے ہے

شکی شکی... الخ" بھی ہے (ص ۱۷۹) جو دوسروں کی طرف بھی منسوب ہے۔
(۴۹) مظہر۔ جان محمد ناتواں کی زبانی لکھا ہے کہ شہادت مظہر کے بعد ان کے بعض دوستوں نے دیوان مظہر کو اس ارادے سے کھولا کہ جو شعر "سر صفحہ" نکلے وہ "کتابہ لوح مزار" بنایا جائے، کرامت دیکھئے کہ یہ شعر نکلا:

بلوح تربتم از غیب پیدا ہست تحریرے
کہ ایں مقتول را جز بےگناہی نیست تقصیرے (ص ۱۸۳)

مصنوعی حکایت معلوم ہوتی ہے۔ (۵۰) محزوں کا فارسی قصیدہ مولف کو "ازبر" تھا، تذکرے میں ہے۔ ص ۱۹۲۔ (۵۱) مضمون کے متعلق "گویند" سے ایک حکایت شروع ہوتی ہے کہ مرض الموت میں روز وفات ان کے دوست ان کے پاس جمع تھے اور ان میں سے ہر ایک "شدائد قیامت" کا ذکر کر رہا تھا "حالت احتضار میں آنکھ کھولی یہ شعر پڑھا اور فوراً مر گئے:

شور محشر ستی واعظ نہ ڈرا مضموں کو
ہجر کے صد سے اٹھاتا ہے قیامت کیا ہے (ص ۱۹۸)

اس حکایت کے مصنوعی ہونے میں کچھ شک نہیں۔ (۵۲) خواجہ بخش منتظر شاگرد بیتاب الہ آبادی مؤلف کے زمانۂ اقامت پٹنہ میں ایک انگریز کے ساتھ وارد ہوئے، مؤلف کو معلوم ہوا تو ملنے کا اشتیاق ہوا مگر وہ خود اس کے برادر بزرگ کے وہاں ہونے کی خبر سن کر آ گئے "خیلے خلیق و متواضع و یار باش... دیدم و از سخنوران عظیم آباد تعریف خوشگوئی بسیار شنیدم و قطع نظر از شعر گوئی شعر خوانی او بدل ناخن میزند"۔ ص ۲۰۷۔ مولف نے صراحتاً یہ نہیں لکھا کہ اشعار مندرجہ کہاں سے لئے۔ (۵۳) مشتاق عظیم آبادی۔ کہتے ہیں کہ دواوین ریختۂ شاعران ہندوستان و عظیم آباد و مرشد آباد جمع کئے ہیں اور تذکرہ لکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ص ۲۰۹۔ جمع دواوین کا ذکر دوسری جگہ بھی دیکھا ہے، لیکن ارادۂ تذکرہ نویسی صرف مسرت سے معلوم ہوتا ہے۔ مشتاق کا کوئی تذکرہ یا مجموعۂ اشعار موجود نہیں۔ (۵۴) میر ماشاء اللہ مصدر۔ مولف مصدر سے لکھنؤ میں ملا تھا، یہ صراحت نہیں کی کہ ۱۱۹۱ء یا ۱۱۹۴ھ میں۔ وہ لکھتا ہے کہ نکتہ فہمی و حاضر جوابی میں یگانۂ زمانہ ہیں، لیکن زیادہ گوئی

نے ان کے کمال کو مکدر کر دیا ہے - اپنی عمر سو سال کے قریب بتاتے ہیں لیکن دیکھنے میں جوان ہیں - ان کا قول ہے کہ ہمارے خاندان میں کوئی صد سالہ مرتا ہے تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ جوان مرا - " اکثر از جودت طبیعت اشعار نامربوط منتظم می سازد ، و بیت هزاری و دو هزاری و چهار و پنج و علی هذا القیاس نام می گذارد - لهذا اشعارش که خالی از چاشنی و لطافت نیست آن هم بے اعتبار گردیده ... روزے در لکهنؤ اتفاق روداده بود در اثنائے آن ابیات چهار هزاری و پنج هزاری این چند اشعار خواند که پسند طبع افتاد :

قاصد اشک نه استاد که بر سم خبرے
گرم از وادیٔ دل آمد و بیتاب گذشت

باز دل شد اسیر دام کسے　　رفت از خویش و گفت رام کسے
نیم بسمل گذاشت صیادم　　وائے بر کار ناتمام کسے

اشعار هندی وے نیز از همین قبل است" برهمی وضع بنگاله کے بعد ' هندوستان ' گئے اور شجاع الدوله کی سرکار میں "اقتدار کلی" اور کمال تقرب حاصل کیا - ان کی موت کے بعد آصف الدوله کی سرکار میں رہے - ۱۱۹۳ھ میں "کشیده خاطر" هو کر لشکر نجف خان میں چلے گئے :

تیرے نقش قدم کو لائیے گا　　کعبہ اپنا الگ بنائیے گا

مسی کی دھڑی اوپر کیا پان کی لالی ہے
شبخون کے کرنے کو یہ وضع نکالی ہے

(ص ۲۱۱ و ۲۱۲)

اشعار نا مربوط کو منتظم کرنے سے کیا مراد ہے ، واضح نہیں -
(۵۵) گنا بیگم زوجہ نواب عماد الملک - مقبول نبی خلف یقین سے جو حرم نواب میں پرورش پائے ہیں ، معلوم ہوا کہ اوائل میں گنا بیگم کا تخص

منت تھا - میر قمر الدین کے بارے میں معلوم ہوا کہ ان کا یہ تخلص ہے تو اسے ترک کیا اور مقاطع میں تخلص نہیں لاتیں - ص ۲۱۴ -

گنا بیگم صبیہ علی قلی خاں والہ داغستانی " در ایامیکہ نواب از جینگر بہ گوھد می آید وے نیز چوں جان با جسم ھمقرین نواب بود ، اتفاقاً در نور آباد کہ مابین گوھد و گوالیار واقع است سواری بیگم قدرے پیشتر از سواری نواب رسید ، بیگم از آبدار آب طلبید ... آبدار از چاہے کہ بر سر راہ بود قدرے آب برآوردہ گذرانید خوردنش ھماں بود و جاں دادنش ھماں ... نواب بعد رحلتش... رسید ... نعش وے را ھماں جا امانت گذاشتہ بہ گوھد آمد بعد مدتے از آں جا نقل نمودہ بہ دھلی فرستاد ... بیگم در سلیقہ شاعر زیب النسائے مجالس نکتہ دانی بود و در شیوہ حاضر جوابی نور جہان ثانی ... در اشعار وے بسیار اختلاف است ، مردم اشعار میر سوز اکثر بنام وے میخوانند ، روزے مذکور ایں معنے از میرزا مقبول نبی نمودم ، وے بیاض مسودہ دست بیگم آوردہ بمن نمود ، ازیں چند اشعار ازو برچیدم :

جس(۱) طرح لگی دل کو مرے چاہ کسو کی
اس طرح نہ لگیو مرے اللہ کسو کی
اب زلف دراز اپنی کو ظالم نہ گرہ دے
کیا فائدہ جو عمر ہو کوتاہ کسو کی

بلبلو (۲) تم کو وہ گل زار مبارک ہووے
ہم کو وہ سایہ دیوار مبارک ہووے

ایک تو رسوا کیا عالم میں تیری نیہہ نے
دوسرے سننے پڑے لوگوں کے طعنے میہنے

اس کا پیغام (۳) مجھے کیونکہ زبانی آوے
نام سنتے ہی مرا جس کو گرانی آوے

۱- اس زمین کے دو شعر اور
۲- اس زمین کے چار شعر اور
۳- اس زمین کے دو شعر اور

چونتیس

اشک امڈا ہو تو پھر ضبط سے کم رکتا ہے
ناصحا اٹھ مرے بالیں سے کہ دم رکتا ہے

زلف کا کھولنا بہانا (۱) ہے
مدعا ہم سے منہ چھپانا ہے

شب کو طلب (۲) میں تیری تپاں ہم بھٹک بھٹک
جوں حلقہ در پہ رہ گئے سر کو پٹک پٹک

یوہیں جو تپش دل پہ ہر اک آن رہے گی
پور کاہے کو اس دکھ سے مری جان رہے گی

مت کر (۳) خیال دل تو رخ و زلف یار کا
دن اور رات جمع ہوں بارے کہاں کہاں

مختلف زمینوں کے نو اشعار کے بعد "گویند روزے عماد الملک در خواب بود بر بالین وے بیگم آمد، چوں غافل دید برگشت، ناگاہ نواب بیدار شد و ایں مصرع بدیہہ خواند 'آ کر ہماری لاش پہ کب یار کر چلے' بیگم فی الفور گفت 'خواب عدم سے فتنے کو بیدار کر چلے' بعد ازیں ریختہ را تمام کرد" اس زمین کے ۴ اور شعر جن میں سے ایک یہ:

کیا سحر تھا نہ جانیو گلشن میں آن کر
بلبل کو گل کی شکل سے بیزار کر چلے

مجھے یاد آتا ہے کہ ایک انگریزی کتاب میں دیکھا ہے کہ گنا بیگم کی قبر نور آباد میں ہے اور "غم گنا بیگم" = ۱۱۸۳ سے تاریخ وفات نکلتی ہے - کل اشعار منسوب بہ گنا بیگم اسی کے ہیں یا ان میں دوسروں کے اشعار بھی شامل ہیں، یہ بحث "آوارہ گرد اشعار" میں ہوگی - "کر چلے" والے

۱- اس زمین کا ایک شعر اور
۲- اس زمین کا ایک شعر اور
۳- بارے قافیہ، اس زمین میں دو شعر اور

شعر کے متعلق جو حکایت ہے وہ ظاہر ہے کہ مجموعۂ اشعار میں نہ ہوگی ، اور ظاہرا اس کا راوی بھی مقبول نبی نہیں کوئی اور شخص ہے ۔ یہ بعض دوسری کتابوں میں ہے ، مگر اس کے مصنوعی ہونے میں شک نہیں ۔ 'کر چلے' ردیف والے دو شعر جو میں نے نقل کئے ہیں اس زمین کے ایک اور شعر کے ساتھ جو مسرت میں نہیں ، تذکرہ میر حسن میں عظیم شاگرد سودا مقیم فرخ آباد کے نام سے درج ہیں (٥٦) محمدی بیگم کے دو شعر بحوالۂ ولی اللہ محب درج ہیں ۔ ص ٢٢٢ ۔ (٥٧) مقبول نبی مقبول سے فرخ آباد میں ملاقات ہوئی تھی اس کا ذکر گنا بیگم کے سلسلے میں آیا ہے مگر خود اس شاعر کے تذکرے میں اس کا ذکر نہیں ، اور نہ یہ کہ اشعار کہاں ملے ۔ (٥٨) ولی اللہ محب نے اشعار مندرجہ فرخ آباد میں '' بطریق ہدیۂ دوستانہ '' مولف کی نظر سے گزرانے تھے ۔ ص ٢١٠ ۔ (٥٩) شیخ فتح (علی) منصف غازی پوری '' با مولف بسیار مربوط است '' ۔ ص ٢٢٣ ۔ (٦٠) میر مہدی دہلوی ، بعد خرابی دہلی وارد الہ آباد ہوئے ، طب میں ''حذاقت کلی'' اور تصوف کا ذوق رکھتے ہیں ۔ شاعر فارسی و ریختہ ، ''تمام دیوان حافظ'' کا تتبع کیا ہے اور غزل کے برابر غزل لکھی ہے ۔ مضمون کے شاگرد ہیں ۔ ان کے ''مہین برادر'' میر محمد عسکری مرشد آباد میں ''کمال عزت و امتیاز'' کے ساتھ بسر کرتے ہیں اور طب میں مسیحائی سے کام لیتے ہیں ، وقت ورود مرشد آباد ان کی زیارت سے دل شگفتہ ہوا ، لیکن سخت حیران ہوں کہ اس '' جاہ و ثروت'' کے باوجود وہ اپنے ''مہین برادر'' کے حال سے غافل کیوں ہیں ۔ ''میر موصوف'' کی زبانی سنا کہ وہ بھی شعر فارسی برجستہ و خوب کہتے ہیں ، یہ شعر ان کا ہے :

چرخ خونخوار کو لوہو میں ڈبونے نہ دیا
ناصحوں نے مجھے دل کھول کے رونے نہ دیا

اس کے چند اشعار اس عبارت کے ساتھ '' ایں چند اشعار نتائج میر مہدیست'' ان اشعار میں یہ بھی ہے :

مرا احوال سن فرہاد رو دے وہ اپنا کھودنا پتھر کا کھودے

(ص ٢٢٥ و ٢٢٦)

مولف نے ایک جگہ میر مہدی اور دوسرے میر محمد عسکری کو ''مہین برادر'' لکھا ہے تو یہ حیرت کی جگہ ہے ، لیکن قرینہ ہے کہ یہ کتاب کی

غلطی ہے۔ ''میر موصوف'' سے ظاہر میر مہدی مراد ہیں ، اور ''چرخ الخ'' میر محمد عسکری کا شعر ہے ، لیکن مقتضائے مقام یہ تھا کہ یا تو فارسی و ریختہ دونوں لکھنے کا ذکر ہوتا یا فارسی شعر ہوتا ۔ آخری شعر ''مرا احوال الخ'' تذکرہ' میر حسن میں بنام مرزا مہدی جن کا ذکر ذیل متوسطین میں ہے، میر حسن نے ان کے بارے میں صرف یہ لکھا ہے ''شخصے بود''۔ (۶۱) دیوان محمد علی نالاں کا ذکر آ چکا ہے (رجوع بفصل ۷) صرف ایک شعر کے بارے میں صراحتاً لکھا ہے کہ دیوان میں دیکھا ۔ ص ۲۷۰ ۔ (۶۲) جان محمد ناتواں جونپوری مقیم پٹنہ ''روزے استدعائے اشعار او نمودم ایں چند (اشعار) بدیہہ انشا فرمود ، پپاس حقے کہ ہر مولف دارد خالی بودن ایں تذکرہ از ذکر وے گوارا نہ کردم ... یک شعر فارسی نیز روزے بدم میخواند فی الحقیقت ... برابر ہزار بیت است :

آفریں بر ہمت خس آستیں ہر کو گرفت

یا سلامت بر کنارش برد یا ہمراہ رفت'' (ص ۲۲۸)

پوچھنا کیفیت الفت دل پذیر سے — وہ طلب کرنا ہے گویا شیشۂ تصویر سے

آہ یہ کون سی ہے راہ کہ در پیش نظر — ہر قدم منزل مقصود سے مایوسی ہے

جوں اشک گرا ہوں میں پر گویا کی آنکھوں سے — لیکن مجھے دیکھے ہے وہ پیار کی آنکھوں سے

نہ درد دل پر باقی نہ آہ نہ فغاں ہو — اے سوز عشق سچ کہ تو ان دنوں کہاں ہو

چھوٹ جا شیشہ تو لینے کو طلب میں جائیو — دل اگر ٹوٹے تو اس کو کس طرف سے لائیو

ٹک مرے سینہ کو لگ جا اے جان جہاں — شعلۂ شوق کی آتش سے جلا جاتا ہوں

میں مر چکا ہوں پہ خوباں وہیں ستاتے ہیں — مرے مزار پہ آ گالیاں سناتے ہیں

ہماری عرض کو کرنے سے جھڑکیاں دینی — ہمیں سے ہیں جو تجھے پھر منہ لگاتے ہیں

گریہ و نالہ جو ہم شام و سحر کرتے ہیں — کچھ ترے دل میں بھی اے شوخ اثر کرتے ہیں

دیکھ کر نبض مری رات لگا کہنے طبیب — ہائے اس مرض کی بیمار تو کم جیتے ہیں

دل کو میرے جو لیا تو نے — ہائے ظالم یہ کیا کیا تو نے

آئے ہو جان صبح کو تم پر گلا بیاں — کرتے ہو آج ہم سے جو یہ بے حجابیاں

مرنے کے بعد گور میں بھی چونک چونک اٹھے — دیکھی جو تیری آنکھوں کی یہ نیم خوابیاں

عالم میں رسم عشق و محبت ہے ہر کہیں — پر اب تلک سنا نہیں جو اس قدر کہیں

اتنی ہے آرزو کہ میں چھپ کر کے ایک رات — رہوں تری گلی میں ذرا بیٹھ کر کہیں

۹۲/۱۷۵ قدوی لاہوری، فندقی مرزا بود سیاح جہاں گرد گلدار دل و در فن سخنوری کامل۔ در ایام حکومت نواب احمد خاں کر فرخ آباد مجمع شاعران و مرجع سخنوران بود وارد آں دیار شد و از زیادہ گوئی و بر خود غلطی کہ داشت از گرم بازاری میرزا رفیع سپند بنظر پسندیدہ ارادۂ مقابلہ می کرد و بر خلاف اسم و رسم خود در مجالس دو بدو با مرزا سخنہائی نالائق می گفت و در اشعار و ی دخلہائے نمایاں می کرد و خرد ہائے فاحش می گرفت و جواب غزلہائے سنگلاخ زمین کرر آفوراً بسلک نظم می سفت۔ مرزا و شاگردان مرزا بمشاہدۂ ایں حرکات در پے تحقیر وی شدند و زبان بہجو گوئی کشادہ زبانزدۂ خلق ساختند۔ آخر یارائے مقاومت قیام در خود نیافتہ باز بطرف وطن برگشت۔ گویند در اثنائے راہ بسمت وطن اصلی کشیدہ۔ تمام یوسف زلیخا و دیگر بنظم آوردہ بود و در آں داد سخنوری دادہ۔ لیکن از نظر مؤلف نگذشتہ است اینچند اشعار از وست:

کیا مزہ مجھ کو ملا عشق میں مر کر مرتے — جی گیا سر کو ترے پاؤں پہ دھر کر دھرتے

الفت ہر اہل بیت کی ایمان مان جان — تو اس قدر ہوا ہے کیوں ایخان جان جان

یا بو تراب کہتے ہیں اکثر بنا بنا — تسبیح خاک پاک کی انسان سان سان

نرگس کی طرح چشم ہے وا کف بر آں سیم و زر — لیتے ہیں حق سے حق کی ثنا خوان خوان خوان

بلیے تری وہ زلف کا کھلنا کہ تلک — کھینچے ہے میرے دل کو وہی آن آن آن

تماشا ہوا گر آئینے میں زنگار ہو پیدا — تحیر کے مکاں میں عکس روی یار ہو پیدا

اگر وہ دام جادو زلف کا یکبار کھل جاوے — طلسمات جہاں میں سحر کا اطوار ہو پیدا

تری جیب قبا گر کھلے یا قوت کا تکمہ — گریبان سحر سے مطلع انوار ہو پیدا

ترے گر مصحف رو پر کناری کا کھلے آنچل — طلائی رنگ کی تحریر مسطر وار ہو پیدا

کھلا بالوں میں یوں چمکیں ہیں تیرے عارض خنداں — کہ جوں ابر سیہ میں برق ہو سو بار ہو پیدا

کبھی منصور ہو جاویں مرا اس دل کی دھڑکت سن — انا الحق کا کروں دعویٰ تو سو سو دار ہو پیدا

جسے کچھ نقطۂ تحقیق سے پہنچے خبر فدوی — اسی کے دل میں عشق حیدر کرار ہو پیدا

گرمی سے عرق ہو گیا چلتے ہوئے اشک — آسایۂ مژگاں میں تنک بیٹھ کے دم لے

ناحق کی ہے تہمت کہ تو غیروں پہ ہے عاشق — گر تیرے سوا اور کو چاہے تو قسم لے

مژہ کی نوک سینے میں نگاہ یار ڈوبی — کہ جیسے بھال تو دی میں سری یکبار ڈوبی

نہیں ہے رنگ مہدی کا کف قاتل پہ یار دو — کسو کے خوں میں اس کی ہاتھ کی تلوار ڈوبی

کہاں ابرو تری قرباں کہ تیری نگہ دل میں — صفائی ہاتھ کی کیا صاف تا سفار ڈوبی

گر لیے گلعذار آنکھوں میں — گل لگے جیسے خار آنکھوں میں

غمزہ و عشوہ و کرشمہ و ناز — قہر ہیں ہر چہار آنکھوں میں

غیر کے وعدے پر وفا کرنا — ہم سے دار و مدار آنکھوں میں

گھورتا کیا ہے میں تو لالہ ہوں — کیا تو کھاتا گا یار آنکھوں میں

ہوتا ہے کوئی دل سے وہ دلدار فراموش — جوں میں بسے کیوں کہ ہو یکبار فراموش

اب کہاں جائیں تیرے مائل ہو — کچھ تو دل میں سمجھ کہ قائل ہو

بیوفا تو اگر کرم نہ کرے — زندگی عاشقوں کو مشکل ہو

تیغ ابرو کی تیری اے قاتل — کس کی طاقت ہے جو مقابل ہو

بویا ہوں تخم عشق، مرا دل زمین ہے — الفت کے کشت کار کے قابل زمین ہے

سب اہل جہاں پھرتے ہیں غمناک زمیں پر — اوقات کو کیا کاٹیے گا خاک زمیں پر

آنسو نہیں ہیں دیدۂ تر میں بھرے ہوئے
موتی ہیں آبدار صدف میں دھرے ہوئے

ابرو کہاں تو گوشۂ خاطر سے مت بھلا
فلکِ کنارِ قدم کو سہل کر دھرے ہوئے

خالی کہاں کو دل کی نشانی پر ایک بار
ترکش تری نگہ کے ہیں چاروں بھرے ہوئے

جو مرا آزار ہی مطلوب تھا
ایسے ملنے سے نہ ملنا خوب تھا

بچ گئے ورنہ شبِ ہجراں میں جان
زندگی کا کون سا اسلوب تھا

شوق اس کے دل کا کالی دی تو دی
تجھ کو کیا ناصح، مرا محبوب تھا

شاید اس بت کو کبھی گھر سے نکلتا دیکھا
ہر مسلماں کفِ افسوس کو ملتا دیکھا

اے فلک ساغرِ خورشید پہ نازاں مت ہو
ہم نے یہ دورِ خرابات میں چلتا دیکھا

شام سے تا بہ سحر شمع کو جلتے گذری
بیقراری سے جو پروانے کو جلتا دیکھا

تا قیامت رہے سرسبز بتوں کا یہ چمن
شجرِ خشک اسی باغ میں پھلتا دیکھا

کیا جگر ہے کہ کیا دل کو ہدف فدوی نے
تیر پہلو سے کہاں کے جو نکلتا دیکھا

اے باغباں نہ جائیو بلبل کو متصل
بیٹھی ہے کس مزے سے وہ اک گل کے متصل

الجھے ہوئے ہیں سیکڑوں دل اس کے پیچ میں
اے شانۂ مت تو جائیو کاکل کے متصل

یا شاہ میں بھی مرقدِ عالی پہ یوں رہوں
قنبر رہے تھے جس طرح دلدل سے متصل

ہر تیغ نگہ سے تو کرے وار فلک پر
چلتی ہے فرشتوں میں یہ تلوار فلک پر

کھولی ہے کہیں زلفِ سیہ فام کسی نے
آتی ہے نظر دن کو شبِ تار فلک پر

دیکھا ہے کہیں گوشۂ ابروئے محمد
ہیں قوسِ قزح تب سے نگونسار فلک پر

فدوی دلِ پر درد کی آہیں نہ لیا کر
ہوتا ہے قیامت کا دھواندھار فلک پر

یہ سرو نہیں باغ میں ہے آہ کسی کی
نرگس نہیں تکتا ہے چمن راہ کسی کی

چوں مثنوی شیدا کہ در ہجو وی گفتہ خالی از لطافت نبود، ہمرہ ادرسلک تحریر کشیدم۔

۱۴/۱۷۶ میرزا فدا علی، فدا تخلص جوانیست لسان وخوش بیان، از فدائیان مرزا فدوی است، در وقت ورود عظیم آباد برای ملاقات آمدہ بود۔ چند اشعار خود برای ہدیہ آوردہ:۔

کس کو ہے باغباں تری گلزار سے غرض
یاں تو ہے اپنے یار کی رخسار سے غرض

نیساں ہے کام تیرا، صدف کس کو ہے یہاں — رکھتے ہیں ہم تو چشم گہر بار سے غرض
دیکھے سے لب ہلال کو تسکین ہوا ہے — ہو جس کو تیرا ابرو و خمدار سے غرض
تیری نگہ کی تیغ سوا اپنی اے میاں — نکلے ہے کوئی غیر کی تلوار سے غرض
مت پوچھ اے فدا یہ دل و چشم کے لیے — اکثر پڑی تھی ایسے ستمگار سے غرض

دل کے ہاتھوں ہو گئے ناچار ہم — ورنہ اتنے بھی نہ تھے اے یار ہم
دل نہ دیتا اے فدا ہرگز کبھو — گر سمجھتے عاشق دشوار ہم

۱۰۷/۴ میرزا امر تھنی قلی خاں، فراق تخلص مرد سپاہی پیشہ بود مضامین فراق و معانی اشتیاق را بطور تازہ بسلک نظم می آرد و ست:

تماشا اس چمن کا کس کے دل کو شاد کرتا ہے — کہ یاں یک لب تبسم غنچے کو برباد کرتا ہے
اسیروں کی قسم تجھ کو صبا، سچ کہہ کہ گلشن میں — کوئی ان ہمنواؤں میں ہمیں بھی یاد کرتا ہے

۱۰۸/۴۴ فضائل علی خاں، فضائل تخلص، شاہجہاں آبادی جوانی بود، جمع فضائل حمیدہ و خصائل پسندیدہ از عمدہ ہای عہد محمد شاہ مصاحبان نواب عمدۃ الملک امیر خاں بہادر در دہلی ناگاہ عشق لولی بر سلطان دلش تاخت و پابند نداں محبت و محنت ہم و الم ساخت: لاجرم شیفتۂ جمال آشفتہ، غنج و دلال آں پری تمثال شدہ مجنون وار متاع ننگ و ناموس را بتاراج سپاہ نظارۂ چشم آں لیلیٰ ماہ رخسار داد و فرہاد وار منتظر صبر شکیب را بقمار محبت آں شیریں رنگین دل در باختہ لیل و نہار مانند ابر بہار اشک باریدن آغاز کرد اتفاقاً نواب از حضور بصوبہ داری الہ آباد مشرف اندوز شدہ جدائی او خود گوارا نکردہ او را از سرشتۂ الفت بہمراہی خود برگرفت۔ خان موصوف کہ شیشۂ ہوش و شکیبائی را در فرط عشق آں بت ستمگر سر سر ساکردہ بود چوں از دیدار یار محروم گشت، در عجب بلای ہجراں افتاد۔ با دل زار و چشم اشکبار بدیار خود نشست۔ و جامۂ خود آرائی و خودداری را از من چاک کردہ آخر بمقتضائے:

راز عشقت گر بداند ہر کسے از من بداں — من نمی گویم و لیکن چہرہ پیدا می کند
آتش دل را نہاں میدارم اما پیش خلق — آب چشمم می رود پیوستہ رسوا می کند

طشت رسوائیش از بام افتاد و صدائے آوارگیش بگوش خاص و عام داد۔ نواب غم خوار عشاق کہ چاشنی عشق و آشفتگی خود ہم چشیدہ بود چوں ازیں ماجرا مطلع شدہ در صدد دلداری و غمگساری او کمر سعی بر میان بستہ خواست کہ تا از ناخن تدبیر عقدۂ مشکلش بکشاید۔ ہر چند مرہم ملامت بر سینۂ او نہاد ہرگز اثر پذیر رو بہ التیام نیاورد، بلکہ بقول جامی:

غم عشق از ملامت تازہ گردد — ازیں نوعا بلند آوازہ گردد

ملامت صیقل زنگار عشق است — ملامت شحنۂ بازار عشق است

آشفتگی و آوارگی و ناز یکبارگی کشید و آتش عشق در کانون سینہ اش اشتعال گرفت۔ عاقبت الامر محبت فرد نشاندن این آتش کہ خانہ سوز عالم شدہ بود عمل در گفتار بزرگان نمودہ:

آنرا کہ فتند چنین بلائے — درآنکہ کند نہ خود دوائے

شرط است رہ سفر گزیدن — یا مہرتے دگر گرفتن

لیکن چوں شق اول دشوار بود چہرہ بر نواب جدائی یک لحہ وی ناگوار نمودے فرمود کہ تا از شاہدان پری رو (و) از نازنینان خوشخو مجلسے بیارایند۔ چوں مجلسے از پریرویان جادو نگاہ آراستہ شد نواب بہر یکی اشارہ نمود کہ وحشی دل این رمیدہ را بدام زلف دستگیر کنند و (بہ) تیر نگاہ این طائر بر اوج غم پریدہ را نخچیر سازند۔ الغرض چوں مجلس عشوہ گری و خود آرائی گرم گردید یکی از آن ہوشان سحر پرداز بکمند محبت او را بجانب خود کشید و آن وحشی رمیدہ را رام خود گردانید۔ پس دور بجام محبت بادۂ الفت حسن یکدیگر بے بمدارا فرود کہ عاشق اعنان صبر شکیب از دست ربود۔ خان موصوف مدہوش شدہ سر بزانوی آن پریرو نہاد و بخواب غفلت فرو رفت درآن بیہوشی معشوقۂ اولیں را بخواب دید کہ باد دراز زبان شکوہ دراز کردہ شکایت فراموشی نمایند و احوال بیقراری خود بیان میسازد مضطرب از آن غفلت برخاست: ناگاہ کسے گفت کہ قاصد در ایستادہ است و رخصت آمدن می خواہد چوں حکم آمدن دادہ آمد نامۂ معشوقۂ اول را بدستش داد کہ مشتمل بر آن مضمون بود کہ فی الحال در خواب می دید۔ خانموصوف این مضمون رنگین را در مثنوی بآئین دلنشین نظم کردہ و داد شیریں بیانی دادہ۔ وقت تحریر تمام مثنوی، با خود بود مگر چند اشعار کہ از ایام خردسالی بر لوح می نگارد:

خدا بھی سنا ہی کہ محبوب ہی — اگر ہاتھ آوے تو کیا خوب ہی

اکیلا اسر پاؤں نا ہی کٹھن — کہ جس کو بھی عاشق ہوی پنجتن

یہاں عقل کا کام فرمانہ توں — کہ ہی اس طریقت کا راہی جنوں

سنو دوستاں ایک قصہ کہوں — کہ جی ناک آیا ہی کبتک رہوں

مجھے سرو قدوں سیتی شوق تھا — چو قمری گل عشق کا طوق تھا

بہت گلرخوں سیتی ملتا تھا میں — پہ مو بلبل ہزاروں میں پلتا تھا میں

سمجھتا نہ تھا میں برہ کی صدا — مجھے چھوڑنے کی نہ تھی خوش ادا

محبت میں مجھ کو نہ تھا امتیاز — نہ سمجھا کہ محمود ہوں یا ایاز

نہ جانا تھا اس قعر دریا کی راہ — نہ بوجھا کہ کشتی یہ ہوگی تباہ

فلک کی میں گردش سو واقف نہ تھا — سنی تھی نہ میں نے برہ کی کتھا

جدائی سب مجھ کو مساوات تھی — ولیکن عمل میں نہ یہ بات تھی
قضا ذہن مجھ اس قدر دکھ دیا — کہ آخر چراغ خوشی گل کیا
ستارہ نہ جانوں کہ کیا نحس تھا — کیا مجھ کو اس ماہ رو سے جدا
میں جانا تھا دل ہے بڑا قلب کوٹ — اثر کیا کریگی یہاں ایسی چوٹ
نہ سمجھا کہ یہ چوٹ خالی نہ جائے — ہزاروں قلعے سے سنبھالی نہ جائے
نہ ہووے یہ بندوق اور رہکلا — نرالا ہے اس فوج کا مرحلہ
یہاں دوڑتے ہینگے بیروں کے بیر — یہاں چھوٹتے ہینگے پلکوں کے تیر
یہاں تو ڈسے زلف کی ناگنی — نہ ہرگز یہاں بھاگنے سے بنی
یہاں ہوتے چھاتی میں آزار سل — یہاں آب ہوتے ہیں ہر سنگدل
یہاں اونچی چولی میں اٹکے ہے دل — یہاں نیچو بندوں میں لٹکے ہے دل
یہاں عید قربان دن رات ہے — یہاں ذبح کرڈالنا بات ہے
قیامت یہاں مسکرانا تنک — غضب ہے یہاں چوڑیوں کی جھنک
یہاں تو لٹک چال میں جی لگے — یہاں ایک سسکی میں سسکی لگے

دربیان احوال خود:

میں مدت سے جسکی رفاقت میں تھا — ہوا تھا اسی کی سبب سے جدا
سوان ذمرد حال کو دیکھ کر — کہا سچ کہو کیا تمہاری خبر
حقیقت چھپاؤ نہیں یار سے — مفصل کہو تم ہمیں پیار سے
غرض ایسی باتوں میں کامل تھا وہ — محبت کے لوگوں میں شامل تھا وہ
ہوا اس مرض کا سو وہ یوں طبیب — کیے ان نے پیدا بہت سے حبیب
کوئی ماہ رو اور کوئی مشتری — کوئی ابجھرا اور کوئی پری
کوئی برق جوں جھلملائی پھری — کوئی دل ربا آشنائی بھری
کوئی ریختہ گو کوئی شعر باز — کبیشر کوئی اور کوئی دلنواز
کوئی سادی چولی اوپر کھولے بال — کسی کو کوئی مارتی تھی رومال

کوئی دھلکد ھلکی اپنی کرتی تھی ٹھیک — کوئی پنچھی تھی سو پانوں کی پیک
کسی کے گلے بیچ سیلی پڑی — کسی کی عجب بن رہی تھی دھڑی
جمع کر کے ان کو دکھایا مجھے — بلا کر سبھوں کو بلایا مجھے
کہ اتنے میں چرچا ہوا کیف کا — گلابی پیالہ لے آگے دھرا
اشارت کی ان دایوں کو شتاب — کہ ان کو پلاؤ پیالہ شراب
انھوں کا کسی بھانت غم کم کرو — ان آنکھوں کا ہر طرح نم کم کرو
انھوں میں سراٹھا ایک شک پری — پکڑ شیشہ و بادہ دلبری
لگا ٹیک بیٹھی مرے پاس آ — بھالو جی پیالہ مرے ہاتھ کا
کرو تم پیالے سے انکار کم — تمہیں جس کی چاہو ہو اس کی قسم
پیالہ لے میں ہاتھ سے جب پیا — انھوں نے مجھے بھر کے بھر کر دیا
کہا کچھ تو اس میں سیتی تم پیو — جو جو ٹھا تمہارا ہے ہم کو دو
کر دگھونٹ کر دو کر تمیں اختیار — رہو بیٹھے کے بیٹھے امیدوار
اسی بات پر پھر پیالہ لیا — پیا کچھ تو میں نے کچھ ان کو دیا
اٹھی درمیاں سے تکلف کی بات — لگی ہونے باہم تلطف کی بات

در بیان خواب:۔

عجب خواب دیکھا میں اس خواب میں — ہوا جس سیتی پیچ اور تاب میں
ہوا تھا جنھوں سے میں اول جدا — سو کیا دیکھتا ہوں وہی دلربا
کہ جو چاہتی تھی مجھ دل سیتی — جدا میں ہوا اس سے مشکل سیتی
سو کہتی ہے یوں میرا دامن پکڑ — کہ چھوٹے ترے غم سے میرا جگر
شب و روز و زار و نالہ کام ہے — تیرا نام لینے سے آرام ہے
پھرے میرے یوسف تو کس کی لگی — تری چاہ میں میں ہوئی باؤلی
یہاں تو جو چاہے سو کر میرے ساتھ — قیامت کو دامن ترا میرے ہاتھ

در مقام بیداری از خواب و دادن قاصد مکتوب یار:

جو دیکھا لفافے پہ لکھا ہو یہ — کہ کھولو شتابی رہ کی گرہ
لکھا بعد یا جامع الفارقین — سلامت رہو قاتل الشاہدین
تمہاری خوشی سے یہاں خیر ہو — سدا ہجر کے باغ کی سیر ہو
بہت پھول لالا دکھائے مجھے — ترے ہجر میں کچھ نہ بھائے مجھے
سدا غم کی چوپڑ بچھا کر نحیف — رہ کو میں کرتی ہوں اپنا حریف
سو کچی ہی پڑتی ہے ہر چال میں — کئی جگ گئے بیت اس حال میں
نہ پوچھ جو تم اب تلک میری سار — جو جیتی ہوں میں اپنی قسمت کی مار
کہو کون ہے وہ جواہر مثال — بکس کہ بیری میں اے میرے لال
جو تم آکے دیکھو برہ کا قماش — کہ سر رنگ کیا کیا ہے کرتا تلاش
جو دیکھا تھا تم نگ سرخ و سفید — مرے تاج سر اب نہ رکھیو امید
مری من ہرن بوجھ کر جی کی بات — کر دشاخ آہو اور مت برات
جو ہارا ہو پھر غم اسے کیجیے — جو ماندہ ہو برہم اسے کیجیے
کروں کیا نکلتی نہیں جان ہے — کہ یہ میری غلطی کا تاوان ہے
زیادہ نہیں اس سے کچھ مدعا — یہی مدعا تھا لکھا والدعا

سوای این مثنوی بسمع شعر خان موصوف بسمع نرسیده.

۶/۱۷۹ شیخ فتح علی، فرخ از سادات بلدهٔ آماده است و کلامش طبع سامعان را فرح اندوز میسازد از دست:

اس قدر کیوں مجھ سے ہو ای ہوشاں نا آشنا — میں بھی تو آخر کسی دن تھا تمہارا آشنا

۴/۱۸۰ میر امام الدین فدا تخلص، ندانم که فدای کیست. این رباعی از و بسمع رسیده:

مری نظر میں ہیں سب تیری باتیں — یہ جانتے ہیں کہ ہیں دل مرا تری باتیں
تو بات بات میں ہوتا ہے مجھ سے آزردہ — یہی تو کچھ نہیں اے بیوفا تری باتیں

۱۴/۱۸۱ محمد قائم، قائم تخلص، کلامش قائم مقام سخنوران سابق است و اشعارش راحت بخش دل و دستان موافق متوطن شاه جهان آباد است. در اوائل مشق سخن بخدمت خواجه میر درد صاحب می نمود. بعد از آن با میرزا رفیع سلمه الله تعالی در خورد و در سلک شاگردانش در آمد. لطافت گفتارش از اشعارش ظاهر می شود:-

نیک و بد جو سمجھتے ہو کرنا ہو سو کر لے قائم ۔۔۔ پھر امید نہیں یہ کہ جواں ہو دیگا

ہم سے بے بال و پر اب جائیں کدھر کو صیاد ۔۔۔ کاش تو ذبح کیا ہوتا یا آزاد کیا

صحرا پہ گر جنوں مجھے لاوے عتاب میں ۔۔۔ کھینچوں ہر ایک خار کو پائے حساب میں

دل تو کہے سنے سے سمجھتا بھی ہو کوئی ۔۔۔ جو کچھ کہوں سو دیدۂ خانہ خراب کو

آج کے رونے میں دل ڈوب چلا تھا لیکن ۔۔۔ نالۂ دل نے رکھا مجھ کو خبردار بہت

شیخ مت مجھ کو ڈرا گور کا اندھیارے سے ۔۔۔ ہجر کی کالی ہیں میں نے تو شب تار بہت

قائم آتا ہے رحم مجھ کو جوانی پہ تری ۔۔۔ مر گئے ہیں اسی آزار سے بیمار بہت

یار کیوں بکتے ہو بے فائدہ مجھ سے جاؤ ۔۔۔ اتنی کہتے ہو مجھے اتنی اسے سمجھاؤ

وہ نہیں تو کہ تجھے غم ہو کسی عاشق کا ۔۔۔ یا جیے کوئی نصیبوں سیتی یا مر جاوے

میں سنا خلق تمہاری جو کمر کہتے ہیں ۔۔۔ تم بھی اس کا کہیں کچھ ذکر میاں سنتے ہو

میں دوانا ہوں سدا کا مجھ مت قید کرو ۔۔۔ جی نکل جاوے گا زنجیر کی جھنکار کیساتھ

جس وقت یہاں سے جاویں گے ہم ۔۔۔ پھر منہ نہ کہیں دکھاویں گے ہم

ایسا ہی جو دل نہ رہ سکے گا ۔۔۔ تک دور سے دیکھ آویں گے ہم

جو چاہیے چاہ کا سر رشتہ ۔۔۔ جیتے ہیں تو کر دکھاویں گے ہم

۱۸۲/۵۸ شاہ قدرت اللہ قدرت تخلص در فن شاعری قدرت کمال دارد و در مضمون بندی فکرت لازوال. قادر قدرت قدر و قیمت سخن وی در چشم نقادان بازار سخنوری افزودہ و بقدرت زبان آوری بر قادر اندازان میدان فصاحت ابواب حیرت کشودہ وطن اصلی وی دہلی است، از برہمی اطوار روزگار و ناشناسی امرای آں دیار ترک زادبوم نمودہ در مرشد آباد وطن اختیار کردہ امتیاز کل بہر سانیدہ مولف وقت در و در مرشد آباد از و استدعا اشعار نمودہ چند ابیات طبعزاد بدست خود ارقام نمودہ ارسال کرد. از عوائق چند اتفاق تلاقی جسمانی نشد:

دل مہجور رہا اور حسرت پابوسی ہے ۔۔۔ دست امید ہے اور دامن مایوسی ہے

۱۸۳/۲ قدرے نمی دانم کہ کیست، لیکن شرش در نظر قدر شناسان قدر و منزلت دارد:

آئی ہو آج تو رہیو سجن رات کی رات ۔۔۔ لیلۃ القدر سی بہتر ہے ملاقات کی رات

۱۸۴/۶ قریں از مردم کشمیر طبع موزوں دارد و تلاش تازہ مضمون می نماید خوشہ چین حسرت لکھنویست و ہمقرین ادبی باشد از ہست:

پیارے بے وفا یا باوفا ہو　　غرض تم دل کے لینے میں بلا ہو

۱۸۵/۴ میر جیون، قربان جوانی بود سپاہی وجامع اوصاف نامتناہی صاحب سخن وکامل ایں فن نامبین شاگردان مرزا رفیع بود در بدیہہ گوئی وحاضر جوابی یکتا روزے در فیض آباد با دوستان خود اتفاقاً از سر راہی می گذشت ناگاہ در صف فوج انگریز کہ از طرفی آمد در افتادند آں ناکسا بعادت خود زبان بطعن کشادند وناسزا گفتن آغاز نہادند ایں گرفتاران بلائے ناگہانی ہر چند بعجز وزاری پیش آمدند وعذر نادانستگی درمیاں آوردند آں مغروران خود فراموش ہیچ بنماطر نیاوردند واز الحاح و منت پرواہ نکردند ناچار ایں مردان میدان غیرت عمل بقول دلیران باہمت نمودہ کہ گفتہ اند کہ جاں را قربان آبرو کن کہ با آبرو مردن بہ از بے آبرو زیستن است پس دست بقبضہ شدہ چندیں ہمتاں را طعمۂ شمشیر ساخت۔ آخر آب سنان سنگیں آں نامردان سنگیں دل گلوئے تشنہ شربت شہادتش را سیراب کرد۔ اینچند اشعار از وست:

یوں بند قبا کھل گئے جو آن مسیں گل کے　　کیا پھونک دیا تو نے صبا کان میں گل کے

۱۸۶/۴ قاسم دکھنی، قاسم مضامین رنگین است ونظم معانی تازہ وخوش آئین از وست:

دیکھ مجھ چہرۂ طلا کا رنگ　　اڑ گیا آج کہربا کا رنگ

۱۸۷/۴ قلندر تخلص قلندر بود وارستہ مذہب وآزاد مشرب نمی دانم از کجا است لیکن اشعار بسیار از و اشتہار دارد از انجملہ است:

زاہد ہوا ہے طالب غلماں قصور سے　　ورنہ مراد شوخ بھی کیا کم ہے حور سے

کیوں کر کہوں بہشت سے اسکی گلی کو کم　　یہ بات ہے بعید قلندر، شعور سے

۱۸۸/۱۸ شیخ برکت اللہ قرین ساکن یکے از قریات بنارس مرد ظریف ورنگیں دیار باش خوش آئیں، پیش ازیں برفاقت عم خود، فضل علی خاں منصب دار بنارس بشاہجہاں آباد رفتہ ودر آں مکان فردوس نشاں با سخنوراں قرین شد واز برکت صحبت شاں ذائقہ سخنگوئی یافتہ خصوص با انعام اللہ خاں یقین سالہا ہمنشیں گشتہ خود می گفت کہ روزے انعام اللہ یقین ایں غزل گفتہ در مجلس از تفاخر می خواند وی گفت کہ از شاعران زمانہ کیست کہ در مقابل ایں غزل غزلے بگوید ودریں میدان مردانہ بپوید۔ غزل اینست:

جہاں دل گم ہو وہاں کون جا سکتا ہے کیا قدرت　　خبر اُن یوسفوں کی کوئی لا سکتا ہے کیا قدرت

ہمارے شور سے مجنوں کی بھولی طرز نالے کی　　کوئی شیریں دہن پرنے بجا سکتا ہے کیا قدرت

یقیں تائید حق سے شعر کے میداں کا رستم ہے　　مقابل اس کے کوئی آج آسکتا ہے کیا قدرت

من غزل گفتہ در ہموں مجلس کہ مرکز طبع آزمائی بود خواندم وقرین تحسین سخنوراں گردیدم مطلع ومقطع آں اینست:

مرد سینہ سے تیرا عشق جا سکتا ہے کیا قدرت — کوئی لا دے کر دل سے داغ اٹھا سکتا ہے کیا قدرت
یقیں گو شیر کے میداں میں رستم ہے قریں لیکن — وہ شیر حق کے شیروں سے بر آ سکتا ہے کیا قدرت

نیز بیان می کرد کہ در دہلی ناگاہ شعلۂ عشق دختر شمع فروش خرمن صبر و تواں مرا بسوخت و پروانہ نمط آتش بیقراری در دل و جاں من افروخت مدتے چوں شمع می سوختم و بسان موم می گداختم۔ سرم باعث سرگرانیم بود و تنم سرتاپا از گرمی ہوائے محبت آں شمع رو شب و روز گدازی می شد ہر شب سرفروش شعارم بود و ہر سحر نخاکستر شدن امیدوار۔ در عین بیتابی وصال کہ پروانہ وار بسرش نثار بودم آں شمع محفل دلربائی از عرصۂ اجل خاموش شد و من چوں پروانۂ نیم سوختہ یا نیم جاں کہ داشتم از وصل او مایوس شدم۔ آتش بیقراری چوں در فانوس سینۂ من مشتعل شدہ بزرگوار ازیں غم و سوگواری خبردار شد لاچار مرا بسفر وطن اصرار نمود۔ چار ناچار راہ وطن گرفتم الغرض قریں محبوبۂ روزگار است۔ دریں ولا اشعار عجیب و غریب می گوید۔ ایں یک بیت وے کہ بر السنۂ طریقیاں مذکور است و مشہور از استماع آں طبع پریشاں بشگفتگی می آید:

اے زال ترا چرخ نوڑے نہ زمانے میں — اک سوت کی پول پر یوسف کی خریداری

لیکن ایں یک رباعی کہ وے می گفت من گفتہ ام پسند خاطر افتادہ است:

یارب کوئی اس عشق کا بیمار نہ ہووے — مر جاوے ولے اس کو یہ آزار نہ ہووے
زنداں میں پھنسے طوق پڑے قید میں مر جاوے — پر دام محبت میں گرفتار نہ ہووے

ایضاً از وست:

پھنسا دے ہر دل کو محبت کی زنجیر — قیامت بلا ہو ہر الفت کی زنجیر
کروں میں نہ زلفوں سے تیری یہ سودا — گلے کون ڈالے ملامت کی زنجیر

راجہ جیت سنگھ از راہ فیاضی دو روپیہ روز بوے مقرر کردہ بود چنانچہ از ایں رباعی فارسی کہ طرفہ مجموعہ دارد ظاہر میشود۔

خوش راجا بہادر بسنا یک مرد است — پیش کف او حاتم طائی گرد است
روزینۂ ما دو ناں ز خوان کرمش — جاریست چوں مہر ہر چہ گردم سرد است

اتفاقاً قاصدیان سرکار یک مرتبہ بند کردہ بود و ما اکثر اشعار در تعریف و اظہار احوال خود در آں وقت می گفت و پیش مصاحبان راجہ مذکور می خواند تا کسے واسطہ شود تا بر راجہ جز رساند۔ چوں گفتہ گفتہ تا بگوش وے رسید از ہمتیکہ بر آں مجبول بود حکم بحال آں موافق معمول کردہ داد، لیکن گردش زمانہ راجہ تواں کرد کہ در ہماں سال راجہ از ملک اخراج شدہ، و خرمنہاے آرزوے متوسلانش پامال گردیدہ، یک مستزاد از ان اشعار ایں وقت یاد آمدہ:

ہر چیت سنگھ اس وقت میں از مغتنمات — سمجھ ہر یہ بات
حق دیو دی جہاں میں اس کو جوں خضر حیات — باخوش اوقات
عالم جبیں تجھ سے ای سکندر طالع — لاکھوں ہم سر
پس میں رہوں تشنہ حیف، اب تیرے ہاتھ — دی آب حیات

۲/۱۸۹ شیخ عبد اللہ کامل از لطف الٰہی در فن شاعری کامل بود۔ از وست:

وہ مرا یہ ہمہ قاتل اس قدر خونریز ہے — کانپتا نکلے ہے جس کے ڈر سے یار و آفتاب

۸/۱۹ محمد حسین کلیم تخلص کلیم صور معانی و مقیم کوہ سخندانی طبع سلیم و ذہن مستقیم داشت، از وست:

نہ کچھ بر ا ہوا پرویز کا نہ شیریں کا — تری ہی سر پر ای فرہاد جو ہوا سو ہوا

نشاں مجھ دل کا مت پوچھو یہ مجنوں — کہیں اس طرف ویرانے کو ہوگا

۳۴/۱۹۱ میر علی شوق، کافر تخلص ظرافت طبع و نزاکت وضع او از تخلص ظاہر می شود مردی بود بسیار شوخ و شنگ در شیوۂ دوستی یکرنگ۔ پروردگار عالم جسم ویرا از خاک محبت آفریدہ بود ذائقہ طبعش بغیر چاشنی عشق لذت نبخشیدہ پیوستہ مفتون حسن گلرخان کافر زلف بتاں بود بمحبت رضا جوئی آمیزش ہندو بچگاں ماہر خسار اکثر سخنان کفر و صنم پرستی اظہار می نمود و احیاناً زنار در گلوی کرد۔ زادگاہش شاہجہان آباد است۔ ہمو نجا نشو و نما یافتہ و در خدمت میرزا مظہر استفادہ سخن نمودہ۔ در بدیہہ گوئی و حاضر جوابی بمثیل بود و چوں اشعار طرحی بدیہہ منظوم می ساخت۔ لہذا خود را کافر تخلص میگفت۔ آخر بسبب نارسائی زمانہ خود را از آنجا بسر بگلا کشید و در سرکار نواب عالی جاہ میر محمد قاسم مرحوم کہ قدر شناس سخنوران بود، اقدار کل بہم سانیدہ۔ اکثر قصائد و مثنوی در تعریف میر مرحوم گفتہ۔ دانعاماہائے لائق و صلہ ہای مناسب یافت لطیفہ: معتبری نقل می کرد کہ روزی میر محمد قاسم خاں مرحوم از طریق ابنساط از و گفت کہ ای بدوضع در اسلام چہ قصور دیدی کہ کافر شدی تو بیخ تو بر اہل اسلام لازمست، تا موجب عبرت دیگراں گردد و کسے را ازیں حوصلہ بخاطر نگذرد۔ عرض نمود کہ اگرچہ بزجر و سیاست سزاوارم دل مسلمان کردن من خوشتر از کشتن است اگر امروز پنج ہزار روپیہ از خزانہ سرکار انعام شود زنار را از گلو برآرم و بشہادتین اقرار نمایم۔ نواب متبسم شدہ فرمود تا پنج ہزار روپیہ بوی دادند چوں مبلغ یافت زنار برآوردہ ایں بیت بدیہہ معروض داشت:

بتوں کا جو کوئی کلمہ پڑھے سو کافر ہے — شہید عشق ہیں ہم لا الٰہ الا اللہ

حاضران مجلس لب بہ تحسین کشادند۔ در ہنگامے کہ ہمراہ نواب عالیجاہ دارد۔ الٰہ آباد شدہ بود اکثر بہمت ملاقات مہین برادر مؤلف دام ظلہ می آمد و اشعار خود می خواند از آنجا معلوم نشد کہ کجا رفت و چہ شد شخصے می گفت کہ فوت کرد واللہ

اعلم بالصواب. ایں چند اشعار او بر صفحۂ سینہ مرقوم بود :

نہ تبسم نہ اشارہ ہی نہ عمزہ نہ نگاہ ——— پھر گئے ہم سبھی یک مرتبہ اللہ اللہ

کون اس بیدرد کی یارو خبر کرے ——— شاید کہ آہ نیم شبی کچھ اثر کرے

عاشق کو تب ہو وصل میسر کہ عشق بیچ ——— پہلے قدم میں شمع کے مانند سر کرے

مجنوں کو مصلحت نہ تھی رہنے کی دشت میں ——— یاروں کا دور ہی کہو اس کو سفر کرے

رو رو کے بعد مدت کرتا ہوں غم تراشی ——— کرتی ہیں ضعف دل پر آنکھیاں گلاب پاشی

رنگ گا لال چیرا شوخ جس دم ہم کو مارے گا ——— ہمارا خون قاتل کے سر اوپر چڑھ پکارے گا

جس کا جہاں میں جور محبت شعار ہی ——— بیڑا اسی کا فضل الٰہی سے پار ہی

کشتی شکستہ ہم ہیں خدا کی ہوں ناخدا ——— کوئی آشنا نہ بحر میں نے غم گسار ہی

فصل خزاں میں بہت کیا انتظار گل ——— جب ہم گئے چمن سو تب آئی بہار گل

زاہدوں کو حرم غنیمت ہی ——— برہمن کو صنم غنیمت ہی

ہم ہیں بندے ہمیں بسان حباب ——— دم غنیمت ہی دم غنیمت ہی

نت میکدے میں پھرے ہی مٹی مٹی ——— زاہد عابد سے دور بھٹکی بھٹکی

قاضی سے ڈر ہی نہ محتسب سے کافر ——— یہ دختر رز ہی جس سو انکی اٹکی

تھا کون جو اس جہاں میں لایا ہم کو ——— اور خواب عدم سے کی جگایا ہم کو

جاگے بالفرض بندگی کی خاطر ——— گریہ نہ ہوے تو کیوں جگایا ہم کو

۱۹۲/۸ کمترین تخلص ندانم کیست، اشعارش خالی از بعض ایہام نیست:

نظر آتی نہیں ہم کو سبھن کی وے ملاقاتیں ——— کٹیں گے کس طرح یہ دن ہمیں اور ہجر کی راتیں

از شہر آشوب وے دو بیت مشہور است:

بلا اس مست نرگس کی تو ماڑی ——— اگاڑی اصطبل کے جا پچھاڑی

۱۹۳/۳۸ کنور بہادر، گریاں سپر کوچک راجہ شتاب ای بہادر نوجوانیست خوش رو نیکو، سابق ازیں خود نمائی بمرتبہ داشت بخلاف دیگر برادر کلاں خود کہ شیفتہ محبت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم و اہل بیت اوست و با اہل اسلام کمال الفت و انسیت دارد کہ دیدہ کفر و تعصب خود را بحدی آراستہ و از کمال نخوت باحدی نمی پرداخت و از فرقۂ اسلام نفرت کمال داشت. لیکن اکنوں

شنیده ام کنز اجش را تقلب دلها بمدد درست ساخت. باهر یکه از راستی و درستی پیش می آید و رغبت خاطر بدلجوئی و دلبری سخنوران دارد. قدرشناسی کاملان این فن شعار اوست و از فیض مرزا فدوی سلمه الله تعالی در زباندانی و مضمونبندی بمرتبه رسیده که کلامش ناخن بدل میزند و شرش سامعان را گریان میسازد و از دست.

مدت سے ڈھونڈتا ہوں کروں کیا بیان داغ — دل ہی نہیں ملے ہے، ملے کیا نشان داغ
خورشید حشر کو ہو فراموش تاب و تب — گر ایک دن وہ ہم سے کرے امتحان داغ
گریاں ہوا کشور دل ذہیں رکھا — آخر یہیں مقیم ہوا کاروان داغ

آفریں اے چشم تیرے کام کو — ننگ کو تو ڈبویا نام کو
درد دل میرے کو خدا جانے — دوسرا اس کو کوئی کیا جانے
درد و غم سب قبول یار و وہ — ہم کو گر اپنا آشنا جانے
ہر طرح تجھ سے اب اذیت ہے — تجھ کو کیوں کر کوئی بھلا جانے
روز مرکے بھی ہوں اگر گریاں — کیوں نہ مجھ کو وہ نت نیا جانے

ہاتھ میں اس کے اب گلابی ہے — اپنی تونی کی یہ خرابی ہے

مژۂ تر ترے کیا جلوے سے محروم — لیے خنجر کو کوئی خاشاک کو مول

گر صبر ہی ہم کو یار ہووے — جوں برق نہ اضطرار ہووے
جو راست ترا قرار ہووے — دل کا ہیکو بیقرار ہووے
اب صاف ہی صاف کہدے ہم کو — گر دل میں ترے غبار ہووے
آنسو نہیں رو تو رو تو گریاں — کیوں کر کوئی اشکبار ہووے

خدا جانے کس کی تجھے جستجو ہے — جو بے چین اے دل شب و روز تو ہے
سناؤں کسے جاکے اب درد دل میں — مرا ایک تو یار سو تند خو ہے
اگر کچھ کہیں تو برا مانو گے تم — پری رویوں کی کیا یہی گفتگو ہے
مری جان مت پوچھ تو جانتا ہے — جو کچھ آہ دل میں مرے آرزو ہے
نہ ہو ابر کیوں کر کہ ممنون گریاں — ترا اشک سو یاں اسی آبرو ہے

۱۴/۱۹۴ نظر علی خاں، گمان تخلص از شاگردان اشرف علی خاں فغاں است. اشعارش منظور نظر شاعران و کلامش

بیشک و گمان موجب شک حاسدان بدگمان. اصلش از شاہجہان آباد است. حالا شنیدہ ام کہ در فیض آباد بخوبی بسر می برد.

جس دن تم ہم سے آ کے ہم آغوش ہو گئے　　شکوۂ جہان تلک تھے فراموش ہو گئے

دیکھتا ہوں جہاں بتاں کو میں　　دور ہی سے سلام کرتا ہوں

۴/۱۹۵ اگر از تخلص از نام و نشان وی اطلاع ندارم. امگر ایں قدر دانم کہ شاگردان حسرت لکھنویست. از کلامش بوی سوز و گداز می آید:

تجھ سے گر آئیے کہاں ملیو　　اپنے ملنے کی کچھ بتا صورت

۸/۱۹۶ میر علی امجد گریاں تخلص ولد میر علی اکبر، متوطن شاہجہان آباد. شنیدہ ام کہ مدتے در مرشد آباد و عظیم آباد بسر بردہ اصلاح سخن از شاہ قدرت اللہ و میر ضیاء الدین ضیاء گرفتہ اکنوں ندانم کجا است:

دیکھ تو جس نگاہ سے کر　　مر جاؤں ادھر وہ آہ کر کر

۶/۱۹۷ میر کلیم اللہ لسان شاہجہان آبادی گویند جوانی بود لسان و شیریں زبان در عین عنفوان جوانی کلیم وار بر طور فنا عروج نمودہ و بیک تجلی کل نفس ذائقۃ الموت دماغ جسم را از ہوس حیات خالی کردہ: از وست.

جدا ہو مجھ سے مرا یار یہ خدا نہ کرے　　خدا کسو کو نہیں یار جدا نہ کرے

تو جب تلک کرے انکار وعدہ مجھ سے سجن　　غضب ہے اگر تب تلک وفا نہ کرے

صنم جو تجھ سے ہوا آشنا سو جی گیا　　خدا کسو کو نہیں تجھ سو آشنا نہ کرے

۴۸/۱۹۸ مرزا جان جاناں مظہر تخلص مظہر فیض الٰہی است و مجمع فضائل نامتناہی جان عارفانست و جانان کاملان. از کلام سخنوران چناں ظاہر میشود کہ مسکن آبا و وی خاک بخارا است. لیکن مظہر وجود در مرزا خاک اکبر آباد شدہ. سال تولدش آغاز مأۃ ثانی بعد از الف سنین ہجریست. والد بزرگوارش مرزا جان نام داشت. او را از فرط محبت جان جاں میگفت. پس گفتہ گفتہ از جان جاں بہ جان جاناں مشہور گشت. در نشو و نمائے مرزا در دار الخلافت دہلی بظہور آمدہ و اہب علی الاطلاق او را حظے وافی و نصیبے کافی از انواع علوم و اقسام فنون موہبت کردہ مخصوص در علم حدیث و معرفت سلوک و توحید بی نظیر برآمدہ و در شغل ریاضت و عبادت و مراقبہ خلوت و چشم کاملان مثل وی بنظر نیامدہ. با ایں ہمہ علم و کمال خود را در لباس خاکساری و فروتنی بسر می برد. و ہرگز بر در اہل دول قدم ننہادہ و بمدح گوئی ابنائے روزگار خود را مبتذل نساختہ. تا ایں زماں کہ سنین عمرش از نود تجاوز کردہ در دہلی مربع نشین چار بالش ہدایت و ارشاد است و عالمے از وجود فائض الجود وی بہرہ یاب می شود. اکثر مریدان و ارادتمندان بغایت مہذب و متشرع در کمال خلق و انکسار. اگرچہ شعر گوئی شعار وی نیست، چوں چاشنی محبت چشیدہ است و آب و گل وی عشق پرستی و عشق بازی مخلوق گردیدہ، گاہگاہ از کشش طبع رسا اسرار مافی الضمیر را در قالب نظم فارسی و ریختہ ظاہر می کند و در ہر دو زبان لآلی آبدار مضامین تازہ را می آید. لیکن از بی نیازی و بی پروائی

چوں قصد تدوین وحفاظت ندارد۔ اکثر از احاطۂ خاطر میرود۔ مگر آنچہ بگوش طالبان رسیدہ وحرز زبان وتعویذ دل وجان گردید تاہم دیوان فارسی در ربقۂ مرتب دارد۔ سخنوران از شیریں زبانی وادا بندی او سندی آرند وزبان آوران بنزاکت گفتار ولطافت بیانش اعتراف دارند۔ شاگردانش در فن سخن بمرتبۂ استادی رسیدہ دیوانش از فیض صحبت وی در زباندانی مستند خاص وعام گردید۔ یقین وحزیں کہ در میدان سخنوری گوی سبقت ربودہ اند خوشہ چیں خرمن افضال وی بودند از فیض صحبت وی رسیدند بجائی کہ رسیدند۔

الغرض مرزا غریب الوجود است۔ بعد تحریر تذکرہ امسال کہ سنہ یکہزار یکصد و نود وپنجم است یکی از ارادتمندان دہلی ویرا بتاریخ ہفتم ماہ محرم بضرب گولی پستول بدرجۂ شہادت رسانیدہ وخود را آماج ہدف سہام نفریں گردانید۔ مولوی جان محمد نا تواں سلمہ اللہ تعالیٰ نقل می کرد کہ بعد شہادت میرزای مرحوم جنود از دستانش دیوان اشعار ویرا کہ مظہر فیض الٰہی است گسیختند۔ بایں نیت کہ ہر بیت سر صفحہ برآید کتابۂ لوح مزار وی سازند۔ ایں ظہور کرامات مرزا تماشا باید کرد کہ ایں شعر سر صفحہ برآمد

لوح تربتم از غیب پیدا بست تحریرے — کہ ایں مقتول را جز بیگناہی نیست تقصیرے

ایں چند اشعار از نتائج طبع شریف اوست:

ہمارے ہاتھ سے یہ دل بھی بھاگا لیکے جاں اپنا — ہم اس کو جانتے تھے مشفق اپنا مہرباں اپنا

یہ حسرت رہ گئی کس کس مزے سے زندگی کرتے — اگر ہوتا چمن اپنا گل اپنا باغباں اپنا

کوئی آزردہ کرتا ہے جن ایسے کو ہے ظالم — یہ دولت خواہ اپنا مظہر اپنا جان جاں اپنا

ہم گرفتاروں کو اب کیا کام ہے گلشن سے لیکن — جی نکل جاتا ہے جب سنتے ہیں آتی ہے بہار

اتنی فرصت دے کہ رخصت ہو چلیں صیاد ہم — مدتوں اس باغ کے سایہ میں تھے آباد ہم

خبر کو یار کی دل کو میں بھیجا ہے کہ جا لاوے — نہیں معلوم ہوتا ہے اسے کب تک خدا لاوے

عزیزاں ایک لحظہ میں مرا جی اب نکلتا ہے — طبیب عشق کو کوئی شتابی سے بلا لاوے

مرا مظہر پڑا ہے یار کے کوچہ میں کئی دن سے — خدا کے واسطے اس کو کوئی جا کر اٹھا لاوے

الٰہی مت کسی کو پیش رنج انتظار آوے — ہمارا دیکھیے کیا حال ہو جب تک بہار آوے

یہ دل کب عشق کے قابل رہا ہے — کہاں اس کو دماغ اور دل رہا ہے

نہیں منزل کو تکیہ پر مجھے چین — یہ سر پاؤں سے تیرے مل رہا ہے

اگر یہ سرد مہری تجھ کو ایسا بس نہ سکھلاتی — تو کیوں کر آفتاب حسن کی گرمی میں بند آتی

اس گل کو بھیجنا ہے مجھے خط صبا کے ہاتھ — اس واسطے بکا ہوں چمن کی ہوا کے ہاتھ

مرتاہوں میرزائی گل دیکھ ہر سحر　　سورج کا ہاتھ چومی ہے پنکھا صبا کا ہاتھ

۲۲/۱۹۹ قدوۃ الکاملین، قطب العارفین، حضرت شاہ غلام قطب الدین، مہیب تخلص، ابن عمدۃ المحدثین حاجی محمد فاخر ابن عارف خدا بین خدا آگاہ، واقف رموز لمع اللہ حضرت شاہ خوب اللہ قدس اللہ اسرارہم، مظہر فیوض الٰہی و مجمع فضائل نامتناہی بود۔ سیاحان جہاں گرد متفق اند کہ جامع فضائل حمیدہ و خصائل پسندیدہ مثل وی بچشم ندیدہ ام و نہ بگوش شنیدہ۔ طبع شریفش بس رسا بود و فکر مصیبش بغایت عقدہ کشا۔ کتب درسی در خدمت مولانا کمال الدین محمد الہ آبادی، ابن وحید عصر و فرید دہر سرحلقہ اولیاء و مکمل حضرت شیخ محمد افضل الہ آبادی و مولانا محمد برکت قدس اللہ اسرارہم استفادہ فرمودہ، و علوم باطنی از ریاضات و اشغال از پدر بزرگوار عم عالی مقدار خود اکتساب نمودہ و ہم علم حدیث از پدر عالیقدر خود سند یافتہ و در مجمع صاحبدلاں کوس یکتائی نواختہ۔ بعد وفات والد ماجد بسجادہ افضلیہ نشست۔ عالم را بمقاصد دلی شاں رسانید، و خلق را لذت خداشناسی چشانیدہ۔ ہمتش بحدی بود کہ از مال و اسباب دنیوی ذخیرہ نمی کرد آنچہ میرسید ما حضر حاضراں بیساخت و پیوستہ ایام ولیالی را در تمنائے اماکن متبرکہ بسر می برد و آرزوی شاہد سیہ پوش در سینہ محبت گنجینۂ خود متمکن ساخت۔ گاہے از ممانعت ناظم آندیار و قتی الحاج و منت احباب ازیں عزم باز می ماند تا آں کہ در عشرۂ اولیٰ ماہ شعبان سنہ یکہزار و یکصد و ہشتاد و شش با جماعۂ کثیر و اندیشۂ خرج راہ و تردد اسباب سفر متوکلاً علی اللہ از خانہ برآمدہ ناطمان سر راہ نذور فراواں گزرانیدند۔ چوں بہ بیت اللہ رسید ایام حج نبود بمدینہ طیبہ رفت و در زیارت قبر رسول و اہلبیت وی علیہ و علیہم السلام مشرف شدہ ہر گاہ موسم حج قریب رسید معاودت کرد۔ در بعضی منازل بہ بیماری سہال مبتلا گشت چوں تمنائے قلبی وی بود کہ در خاک مکہ یا مدینہ مدفون شود۔ در قیامت با سائر مدفونان آنمکان متبرکہ محشور شود۔ چنانچہ اشعارش مشعر بریں حسرت اند از آنجملہ:

موت خواہی نخواہی آمدنی است　　او خوش آں کو کہ مدنی است

کریم علی الاطلاق دیرا برادش رسانید سلخ ذیقعدہ سنہ یکہزار و یکصد و ہشتاد و ہفت ہجری بر حمت حق پیوست و در جنت معلیٰ بر بالیں روضہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا مدفون گشت۔ سن شریفش بہ پنجاہ سال رسیدہ بود۔ شاہ اجمل برادر ابن عم آنحضرت قطعۂ تاریخ وفات وی قدس اللہ سرہ چنیں بسلک نظم آوردہ:

مرشد و استاد من شاہ غلام قطب الدین (دیں)　　رفت بمکہ از وطن سوی خدائے خود شتافت

سال وفات او طلب اجل خستہ دل نمود　　ہاتف غیب من گفت بگفت قطب ما وفات یافت

بعد چہار ماہ از روانہ شدن آنجناب بہ بیت اللہ الحرام کہ غرۂ ذی حجہ روز دوشنبہ سنہ یکہزار و یکصد و ہشتاد و شش بود نور بصر لخت جگر شاہ غلام حیدر سلمہ اللہ تعالیٰ خلف آنحضرت بوجود آمدہ، اگرچہ در ظاہر نمود تولدش بسمع مبارک آنحضرت نہ رسیدہ بود

لیکن از صفای باطن بریں عطیۂ عظمیٰ آگاہی یافتہ محمد یعقوب مقرر نمود و در اکثر مقام کتاب سوانح الحرمین و دیگر وصایا اورا بایں لقب یاد فرمودہ، زبانی والدۂ ماجدہ اش کہ ہمشیرۂ مؤلف است بکرر شنیدہ ام کہ چوں ایام تولد وی قریب سیدہ اکثر در خواب مژدۂ مبارکباد بگوش ما میرسید و در انواع افکار کہ آں زماں بمن لاحق شدہ بود موجب انبساط خاطری گردید۔ تا روزی بسیار محزون و مغموم بخواب شدم پیر مردی را دیدم کہ بمن میفرماید کہ مژدہ باد ترا کہ حق تعالیٰ بتو فرزندے عنایت میکند و نامش غلام حیدر خواہد بود چوں از خواب بیدار شدم سجدۂ شکر درگاہ الٰہی بجا آوردم۔ بعد چندے آں جان عزیز متولد شد ہمیں نام مقرر نمودم۔ پس بفحوای حدیث شریف "السعید سعید فی بطن امہ" و بقول شاعرے "سالیکہ نکوست از بہارش پیداست"، جناب اقدس الٰہی ویرا در ایام صبا بکمالی کاوت ذہن و رسائی فطرت آراستہ کہ آیات قرآنی و اشعار مناجات بشنیدن چند بار ازبر میکند و موزونی طبع بمدے دارد کہ کلام وی کہ وقت بازی بہمزادانست مصرعہ ہای موزوں و فقرہ ہای متنوع می باشد۔ حالات وی چشم بد دور، موجب حیرت بینندگاں است۔ مسبب الاسباب او را بعمر طبعی رساند و دودمان افضلی و یگانگی را پیوستہ از انوار جمالش منور گرداند۔ آمدم بر سر مطلب کہ شعر گوئی دون مرتبۂ آنجناب بود لیکن بمقتضای جودت طبیعت میل خاطرش بجانب بندوستیان مضامین نظم در زبان فارسی و ہندی اکثر میبود۔ تصانیف کثیر نظم و نثر دارد و دیوان فارسی و ریختہ مشہور است و اشعار فارسی و ریختہ وی بر السنہ و افواہ مذکور۔ ایں چند اشعار غیر منتخب کہ بیاد خاطر بود می نگارد:

کسی ذ بلبلو تم سے بہار کو دیکھا — وہ آنکھیں کون سی تھیں جن نے یار کو دیکھا
ہزار دن وعدے کیا ایک بھی وفا نہ کیا — تمہارے قول کو دیکھا قرار کو دیکھا
جو رو تڑپ و تمری آنکھ لگ گئی تھی رات — بہت دنوں کے اوپر خواب یار کو دیکھا
جو آنکھیں کھل گئیں بڑکل وہی اکیلا تھا — وہی خزاں اور اسی خار خار کو دیکھا

کون گلشن میں کہو مشک کی بو لاتی ہے — کہتے ہیں زلف کے کوچے میں صبا جاتی ہے
سر پٹک صبح کرے ہے شب ہجراں میں مصیب — کس طرح رات کو ظالم تجھے نیند آتی ہے

تیرے گل کا ہار ہوں یوں چاہتا ہے دل — اس پیرہن کا تار ہوں یوں چاہتا ہے دل
شیشہ بغل میں سر پہ سبو لب بلب خموش — ہاتھوں میں زلف یار ہو یوں چاہتا ہے دل

ہے مجھ سا شاہ بخشے سیتی شفاعت کی امید — سخت عصیاں سیتی گر روز قیامت ہوگا
میٹھی باتوں پہ شکر لب کی نہ دے دل کو مصیب — اب تو لگتا ہے بھلا پھر یہ آفت ہوگا

مولانا محمد حسین محزون تخلص قدس اللہ سرہٗ ابن سید محمد اسماعیل موسوی اورنگ آبادی جامع اصناف علوم و لوح محفوظ

اسرار مکتوم بود۔ آبا و کرام او از اکابر رؤسای آندیار و مقتدای خاص و عام آنمقام پدر بزرگوارش در ایام طفولیت وی وفات یافت، و برادر کلانش سید ابوالحسن بر مسند پدر نشست او را در سایهٔ شفقت خود گرفته از عمر شریفش یازده سال گذشته بود که بشوق تحصیل علوم از خانمان آورده شده بشوریده حالی سر بیابان بندگشید۔ برادر گرامی که شیفتهٔ محبت او بود، ریاست آبائی گذاشته در پی وی روان شد۔ در هر دیار که ایمقتدای ابرار کسب علوم کردی گرامی برادرش علاقه روزگار بهم رسانیده محاصل آنرا صرف ما یحتاج او ساختی و در حوائج ضروری از همه بی نیاز داشتی۔ تا آنکه از علمای بندر سورت و دهلی و قصبات اکثر کتب درسی استفاده نموده یکبار از تحصیل دل برداشته بخیال آن که در الٰہ آباد بر لب گنگ مکانی ساخته انزوا گزیند و بقیة العمر در ریاضت و عبادت بسر برد وارد الٰہ آباد گردید۔ اتفاقاً در آن بلده از سر آمد علمای عصر مولانا محمد برکت الٰہ آبادی ملاقی شده مولانا چون بر جودت طبیعت و حدت فکرت وی مطلع شده، بصد دلجوئی و دلداری او را در دام محبت خود در آورد و باز ترغیب و تحریص تحصیل و تعلیم داد۔ آنجناب هم شیفتهٔ الفت وی شده باز در پی تحصیل در آمد و کتب باقی را در خدمت وی اکتساب نموده و همراه آنحضرت از الٰہ آباد در آنولا که در آن زمان بسبب قدم روانی نواب نجیب خان روهیله مجمع علماء و مرجع فضلا بود رفته۔ همونجا تحصیل به انجام رسانید پس بحکم حضرت استاذ از آنجا به الٰہ آباد آمده بسبب محبتی که آنجناب را به حضرت مصیب قدس الله سره بهم رسیده بود در دائرهٔ آنحضرت بر بالاخانهٔ باب کلان استقامت نموده و بتدریس اشتغال فرموده بعد چندی با استصواب احباب متصل دائره مکانی خریده بکمال تمکنی و آراستگی تیار نموده و مدت شانزده سال همانجا بهمین شغل بسر برده بجز اندیشه تدریس و تعلیم فکر تصنیف و تالیف خیالی بخاطر نیاورده، بسیاری از طالبان از جناب وی بمرام دل رسیده و اکثر ناقصان در مدرسهٔ وی کامل گردیدند۔ باوجود علم و فضل خداداد و طالع اقبالش همدمی نبود که خاص علم آنیار رجوع بوی داشتند، و با احدی دست ائتلاف دراز نکرده و بر در شخصی التجا نبرده۔ برادر عالی قدر وی مدت العمر کفیل ضروریات بود، هرچه بزور بازو و سعی پیدا کردی نذر وی نمودی و از همه حوائج بی نیاز داشتی و هر دو برادر با همه جاه و ثروت در رشد و رغبت در تجرید و انقطاع بسر می بردند و پیوسته مصداق "با هر دو از هر دو بی هم" بودند و از هر کبر و تواضع و انکسار پیش می آمدند۔ آخر الامر در سنه یکهزار و یکصد و هشتاد و سه گرامی برادر وی در جائیکه ناظم آنجا بود از دست کفار رتبت شهادت چشید۔ نعش برادر را الٰہ آباد آوردند و در مقبرهٔ که متصل حویلی آنجناب است بخاک سپردند۔ از وقوع این واقعه و از حدوث این حادثه بغایت پریشانی بر دل آنحضرت رسید و نهایت پراگندگی بخاطر شریفش راه یافت۔ باقی عمر منبسط نشده و پیوسته چون تخلص خود محزون بوده۔ این جا لطیفه بخاطر رسید که در اوائل حال که گرامی برادر هم دام ظله طبع آزمائی و در زبان آوری و سخن سرائی شروع نموده بدستور شاعران حسرت تخلص مقرر نموده چون آنجناب ازین مطلع شده روزی از سر عتاب فرمود که من شنیده ام که تو حسرت تخلص خود مقرر کرده و سخن دانی که نخوست اسم منحوس به مسمی رجوع می کند و انجام کار حاسش مصداق آن اسم می شود۔ و پیغمبر صلی الله علیه وسلم نهی فرموده که لقب و کنیت مکنید بلفظی که بر کراهیت

و سختی دلالت کند تا مبادا موافق تقدیر افتد وبال آن بوی رسد چنانچه شخصے بر آں سرور علیہ السلام آمد آنحضرت استفسار اسم وی نمود گفت "انا حزنؑ" یعنی نام من حزن است یعنی سخت۔ آں حضرت فرمود: "انت سہلؑ" یعنی تو نرم ہستی چرا اسم خود سخت مقرر کردہ مبادا سختی آں بتو رسد۔ چوں بر سختی آں مخلوق بود گفت پدر من ایں نام مقرر کردہ آنرا تبدیل نخواہم نمود۔ پس آں شخص مدت العمر در سختی گرفتار بود۔ و ہمیشہ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یاد می کرد و بر گفتار خود ندامت اظہار می نمود۔ جناب برادرم دام ظلہ دست بستہ عرض نمود کہ آنچہ آنجناب فرمودند عین صواب و سخن لاجواب است و سوال بکردار و گفتار بزرگاں عین ادب لیکن حیرانم کہ برادر خود بدولت محزون تخلص می فرمایند۔ آبدیدہ شدہ فرمودند کہ آں تخلص من بمقتضای "الاسار تنزل من السمار" موافق تقدیر افتادہ۔ چرا کہ پدرم علیہ الرحمۃ اعلام حسین نام کردہ و ظاہر بر ہمیں است کہ غلام آنجناب پیوستہ بیاد مصائب مولای خود مغموم و محزون خواہد بود و دنیا خود را ملوث۔ الایش شادی و سرور نخواہد داشت۔ پس غلام حسین محزون اہم من موافق تقدیر افتادہ است و ایں حزن و اندوہ را ذخیرۂ روز نجات و جزای دائم آخر الامر ازیں سوزش دلی کہ در اندرون وی جا گرفتہ بود و در تب محرق گرفتار شدہ در ہمیں مرض نوزدہم ماہ ذی حجہ سنہ یکہزار و یکصد و ہشتاد و پنج بر حمت حق پیوست و در ہموں مقبرہ در جنب قبر برادر شہید مدفون گردیدہ۔ عمر شریفش چہل سال بود۔ شاہ محمد اسمٰعیل از آبادی سلمہ اللہ تعالیٰ تاریخ وفاتش "وای غم حسین" یافتہ سیاحان جہاں گرد متفق اند کہ اگر پیر فلک سالہا در پے ہم زند مشکل کہ ایں چنیں ذات قدسی صفات از پردۂ عدم بظہور آید۔ آنجناب احیاناً پرتو التفات بجانب نظم لآلی آبدار نیز می انداخت و در زبان فارسی جواہر زواہر منتظم می ساخت و۔ اوائل بتکلیف بعض از شاگردانش در زبان ریختہ نیز طبع آزمائی نمودہ، لیکن ہرگز قصد تدوین نمودہ۔ اشعار کمی خواست از جودت طبع بر زبان خامہ می گذشت۔ گاہی شست و گاہی سیخت۔ مگر آنچہ از اتفاقات بدست شاگردانش افتادہ در صفائح سینۂ فدائیانش منقوش ماندہ۔ از جملہ قصائد فارسی و مثنویات در مدح سرور اولیا علیہ السلام و مثنوی نعت مشتاق کہ بپاس التماس الحاح گرامی برادر ہمدام ظلہ منظوم فرمودہ۔ چوں قصیدہ بالفعل از بر بود و خطرۂ ذہول و نسیاں کہ لازمۂ انسانست در پیش ذکر آں خالی از لطف و سرور نبود داہمتم بہ ترقیم آں ترغیب نمودہ:

سینۂ اہل سخن چاک شد از غم چو صدف — کہ کسے گوہر معنی نستاند بخذف
نام اہل سخن از صفحۂ ہستی نرود — بس بود یک سخن خوب چو فرزند خلف
قاف تا قاف بود دبدبۂ اہل کمال — شہرت اہل زباں نیست ز نقارہ و دف
شکر للہ کہ منت کش گردوں نشدم — نہ طلب کردم از و جاہ نہ فرد نہ شرف
کیست گردوں کہ نہ سنگ ملامت برمن — یا کہ از تیر حوادث نکنم ہمچو ہدف

کیست گردوں کہ شریکم بشود در نظرت
کیست گردوں کہ کند حق من از جور تلف

امتیاز من و گردوں چہ تفاوت دارد
پس غلط کرد چو پنداشت مرا مستضعف

گر چنیں است بیایم بہ بحث و نزاع
تا مرا ہم بشناسد ز غریبان سلف

میکشم پیر فلک را بہ سر معرکہ
کز میان من و او تا بشود حق بطرف

یا کہ من شاہد عادل گذرانم بحضور
یا کہ قائل کنمش از سر انکار خلف

گر دریں محکمہ ہم باز نیاید بہ جفا
حکم اعلام برآرم ز در شاہ بجف

آں شہنشاہ کہ در عدل نظیرش نبود
آں کہ استد بدرش فوج ملک صف در صف

لیکن ایں فکر مرا بست کہ نذرش چہ کنم
کہ تہی دستم و یک تحفہ ندارم در کف

مگر ایں مدح کہ مخصوص جنابش سازم
نفشانم گہر مدح و ثنا بے مصرف

غرض او بود ہمہ خلق طفیلی بودہ
او چو دریاست خلائق ہمہ مانند کف

نسبت روضۂ آں شاہ دریں بحر وجود
ہست با جسم فلک نسبت گوہر بصدف

خلقت مرکب او خلقت دیگر بودہ
تو مداں نشو نما یافتہ از آب و علف

رفتن و گشتن او بسکہ بہم متصل اند
زاں شدہ حکم سکون متخلل بطرف

آں چناں مرکب آں شاہ سریع البصر است
کہ شدہ طفرہ اش الزام حکیمان سلف

یا شہنشاہ غریباں نظرے بر محزوں
کہ بجز حب تو یک جبہ ندارد در کف

بسکہ دارد ہوس عتبۂ عالی شب و روز
قطع امید نمودہ است ز ہر سود و کنف

دل اگر آرزوی کوی تو دارد چہ عجب
کہ سگ کوی ترا برابر ہمہ شاہانست شرف

نیستم شاعر غرانہ صنائع پرداز
لیک در حب تو چوں ہست مرا فرط شغف

گرچہ بسیار آوردہ نثارت کردم
نہ ز ترصیع شناسم نہ ز نثر و نہ ز لف

از رہ بندہ نوازی و ز احسان عمیم
دست رد گر نہ زنی بین تمنا و شرف

اشعار ہندی:

زمیں پر مت پٹک اس کو نہ یہ سنگ اور نہ یہ گل ہے
او ظالم رحم کر کسی کمبخت کا دل ہے

محفل عشق میں دل جس کا جلا ہووے گا
گریۂ شمع پہ ہرگز نہ ہنسا ہووے گا

نامہ بر کی نہیں تقصیر جو خط کھو آیا
میری قسمت میں کچھ ایسا ہی لکھا ہووے گا

میرے مرنے کی خبر سن کے لگایوں کہنے
کیا عجب ہے کہ بہانہ ہی کیسا ہووے گا

میں تو ہنستے ہوئے تلوار لگائی تھی اسے
کیا ہنسی سے میری یار وہ خفا ہووے گا

سونے نہ دیگا قبر میں یہ بیقرار دل
کہتا رہیگا حشر تلک یار یار دل

صنم اگرچہ میں بخت سیاہ رکھتا ہوں
بہر نمط تری زلفوں سے راہ رکھتا ہوں

تری فراق میں پھرتا ہوں دربدر پیارے
بغل میں اپنی دل داد خواہ رکھتا ہوں

اک عمر روتے ہی روز گزر گئی میری
میں اپنے چشم کو مردم گواہ رکھتا ہوں

اک عمر ہو گئی سنگیں دلاں سے اے محزوں
بسان رشتۂ تسبیح راہ رکھتا ہوں

مجھے یہ تو بھی ستاتے ہیں دم میں سو سو بار
کوئی یہ پوچھے کہ میں کیا گناہ رکھتا ہوں

خامے کا جگر تو کاہشتے ہی مری باتیں
اب کیوں کہ لکھوں قاصد اس دل کی حکایتیں

اس گلشن ہستی میں انصاف نہیں یارو
جس غنچہ دہن سیتی کرتا ہوں ملاقاتیں

شبنم کی طرح رو رو میں حال سناتا ہوں
وہ گل کے نمط ہنس ہنس ٹالے ہے مری باتیں

نہ کچھ انصاف یار میں ہیگا
نہ دل اختیار میں ہیگا

سر کرے ہیں آہوان حرم
کیا مری اس غبار میں ہیگا

مژدہ صید حرم کو ہو کہ صنم
آج قصد شکار میں ہیگا

دو جہاں درکنار میں محزوں
جس گھڑی وہ کنار میں ہیگا

گر نہ ہوتی یہ گرفتاری اوہامے چند
حسرت وصل میں مر جاتے یہ ناکامے چند

کل جو میں سیر کیا شیخ کی منزل کو تئیں
کچھ نہ دیکھا وہاں جز ہوۂ الہامے چند

جس کو تئیں جبہ و دستار وہ کہتے ہیں گو
فی الحقیقت جو میں دیکھا تو وہ ہیں دامے چند

اہل میخانہ بھی تب تو بہت یاد آئے
گرچہ ظاہر میں ہیں وے جمع مدامے چند

ان کو کچھ کام نہیں نیک و بد عالم سے
ہر کسی کو تئیں دیتے ہیں وہاں جامے چند

تب کہا دل نے کہ اب چل کہ وہیں گر رہیے
جو کسی طرح گزر جاوے یہ ایامے چند

دیکھ گردش کو تری چشم کی پیمانے کی
مجھ کو خواہش نہ رہی جام و مینا نے کی

جب سے صورت ذتری زلف کا کوچہ دیکھا
راہ بھولی ہے مجھو کعبہ و بت خانہ کی

کبھی گرتا تھا قدم پر کبھی ہوتا تھا نثار
کیا اجلی موت ہوئی رات کو پروانہ کی

میں تو کہتا تھا یہ پیاسو مجھو کم دو تو شراب
آج ہی مجھ کو قسم ساتھ تری آنہ کی

میں تو مدہوش ہوں اور تو بھی پٹ بیخود ہی
اب میاں کس سو طرح پوچھیو گھر جانہ کی

آب ہو جائیگا پتھر سا اگر دل ہوگا
تجھ سیتی آئینہ کیا خاک مقابل ہوگا

سر پٹک کر کے میں مر جاؤں گا مانند حباب
ایک پردہ ہی اگر یار کا حائل ہوگا

کل کہا یار نے یوں مجھ سو کہ سن اے مجنوں
آو کل تو مرے ہاتھوں سیتی بسمل ہوگا

تب کہا میں نے کہ اے یار تری الفت میں
جان دینے کے سوا کیا مجھو حاصل ہوگا

میں ترے طور کے تئیں دیکھ کے کہتا تھا صنم
کوئی دن میں یہی لڑکا مرا قاتل ہوگا

یہ نہیں ممکن کہ زاری دل ناکام کم
گرچہ آنکھوں میں نہیں باقی ہے بہر نام نم

جب سو دل اٹکا ہے زلفوں میں نہیں کرتا ہے آہ
صید کو لیتے نہیں دیتا ہے کافر دام دم

بات کہنا غیر سو اور دیکھنا ہر دم ہمیں
سب سمجھتے ہیں پیارے یہ ترا ایہام ہم

رونے کو اثر ہو ہو کہتے ہیں یہ بیباتیں
اک دن بھی نہ یار آیا روتے ہی کٹی راتیں

بادیدۂ تر میں ہوں با سوز جگر میں ہوں
سرگرم سفر میں ہوں جوں شمع سحر میں ہوں

جب تیرا آیا دل اور جگر بولے
اے تیرا دھر میں ہوں اے تیرا دھر میں ہوں

ہستی کے گلستاں میں الفت کے بیاباں میں
بیکار شجر میں ہوں بے برگ و ثمر میں ہوں

آنسو کا مرے قطرہ کہتا ہے کہ مردم کا
منظور نظر میں ہوں ہمچشم گہر میں ہوں

زاہد تو یہ کہتا ہے تدبیر ہے اور میں ہوں
آزاد بہار اب کو زنجیر ہے اور میں ہوں

ننگ ہے مجھ کو نہ جامے سے نہ عریانی سے
عشق میں عمر مری کٹ گئی آسانی سے

اب مرے خون کا دعوی نہ کریگا کوئی
جو تو ڈرتا ہے میاں اپنی ہی نادانی سے

صبح دم باغ سے شبنم تو یہی کہہ کے چلی
کوئی اتنا کہے اس بلبل دیوانی سے

میرے رونے کے اوپر گل تو کمر ہنستے ہیں
رحم کب تجھ پہ کریں گے یہ غزل خوانی سے

تو کمر باندھ کے جس دن مرے گھر آتا ہے
مجھ کو اس طور سے پیارے ترے ڈر آتا ہے

یار جب مجھ سے تو کہتا ہے میں گھر جاتا ہوں
مجھ کو تیری ہی قسم دل مرا بھر آتا ہے

کعبہ و دیر میں کیا جا کے کریں گے مسزوں
ہم کو افسوس اسی بات اوپر آتا ہے

زنگ ہستی نہ گئی آئینۂ دل سے مرے
ورنہ وہ یار تو ہر جا پہ نظر آتا ہے

مرے سینے کے قفس میں دل بیتاب کہاں
جس جگہ آگ لگی ہے وہاں سیماب کہاں

جو بلا آوے گی میں اس کو سہوں گا لیکن
اے صنم تیری جدائی کی مجھ تاب کہاں

خون دل صاف ملے وہ بھی غنیمت ہے مجھ
ورنہ میخانۂ ہستی میں مے ناب کہاں

مزکر میں ڈھانپ کے ہجراں میں پکارتا ہوں
ورنہ محزوں شب فرقت میں مجھ خواب کہاں

آج کل موت بھی مجھ پاس نہیں آتی ہے
یار تو یار اجل بھی مجھ ترساتی ہے

رد بر و اس صف مژگاں پہ بہت جاتا ہے
کیا دلے تری پتھر کی مگر چھاتی ہے

دار الشفا تلک مجھے یکبار لے چلو
یعنی کہ گلی میں اس کی یہ بیمار لے چلو

منزل میں خوف اور شب تاریک راہ دور
میں کس سے اب کہوں کہ مرا یار لے چلو

جو یار تھے گزر گئے دریائے عشق سے
میں کہ رہا کہ مجھ کو ذرا پار لے چلو

سن اے قاصد کہ تجھ کو بھی ذرا آگاہ کرتا ہوں
کہ میں کس کس طرح مکتوب کو کوتاہ کرتا ہوں

اگر اک بیت میں لکھتا ہوں اپنا حال دل تو بھی
بجائے مصرع ثانی میں بیٹھا آہ کرتا ہوں

کیا مزا مجھ کو ملا عشق میں مرتے مرتے
جی گیا سر کو تری پاؤں پہ دھرتے دھرتے

میکدے میں مجھ قطرہ بھی نہ دیتا تھا کوئی
عمر گزری سو تھی مجھ منتیں کرتے کرتے

ایک دن میں نے بھی میخانے میں جرأت کر کے
جام و شیشہ کو لیا ہاتھ میں ڈرتے ڈرتے

واں تری چشم کی گردش جو مجھے یاد آئی
گر گیا جام مرے ہاتھ سے بھرتے بھرتے

لہو مجھ میں کہاں فصاد جو نشتر چبھوتا ہے
مری احوال پرسی بھی اس کا خون روتا ہے

مری آنکھوں سے دریا عشق کا امڈا خدا حافظ
یہ آدھی رات ہے ہر کوئی اپنے گھر میں سوتا ہے

عجب احوال محزوں کا سنا میں ذکر راہوں میں
دل اپنا پھینک دیتا ہے اور آپ ہی بیٹھ سوتا ہے

زاہد چاہے ہے طوف مکہ کیجیے
باصوم و نماز

کافر کہتا ہے بت کو پوجا کیجیے
با عجز و نیاز

یہ شیشہ دل پٹخ ہی نازک ہیگا — کچھ تو ہی بتا
کس کس پتھر پہ اس کو پٹکا کیجیے — اے آئینہ ساز

۵۲/۲۰۱ شیخ شرف الدین، مضمون فکر مضمون تازہ می کردو در تلاش مطالب ایہام بکوشش بلیغ بکاری برد۔ ظرافت طبع ولطافت مزاج خلقی او بود و وطن اصلی وی جاجمو کہ قصبہ ایست متصل اکبرآباد مدتے در اکبرآباد زینت گزیں از سکونت مسجد زینت المساجد گردیدہ۔ سلسلۂ آبادی بحضرت شیخ فرید شکر گنج میرسد چنانچہ خود ازیں شرف مفاخرت می کند و می گوید:

کرے کیوں نہ شکر بوں کو مرید — کہ دادا ہمارا ہے بابا فرید

مشق سخن بخدمت میرزا مظہر خان آرزو کردہ داد فیض صحبت شاں بمرتبۂ استادی رسیدہ، چوں از ریزش نزلہ درج دہانش نالی از لآلی دنداں گردیدہ بود خان آرزو از روی ظرافت ویرا شاہ بیدانہ می گفت۔ گویند در مرض الموت بروز انتقال وی دوستانش بر بالیں جمع بودند و ہر یکے بتقریبے شدائد قیامت بیاں می کردند۔ در حالت احتضار چشم وا کردہ ایں بیت گفت۔ فی الفور در گذشت۔

شور محشر سے تھی واعظ نہ ذرا مضمون کو — ہجر کہ صدمہ اٹھاتا ہو قیامت کیا ہو

چڑھا کشتی میں آنکھ سے مرا محبوب جاتا ہو — کبھو آنکھیں بھر آتی ہیں کبھو دل ڈوب جاتا ہو

مرا یہ اشک قاصد کی طرح یکدم نہیں تھمتا — کسی بیتاب کا گویا یہ مکتوب جاتا ہو

بلبلو شور چمن میں نہ کرو — کون سنتا ہو تمہاری فریاد

میکدے میں گر سراسر فعل نامعقول ہو — مدرسہ دیکھا تو واں بھی فاعل و مفعول ہو

مرا دل تھا ترے گلشن کا مالی — محبت اس سیتی کیوں توڑ ڈالی

کیا ہو بعد مدت یاد مجھ کو — مگر اس طفل نے اب سدھ سنبھالی

کہا ہیں بدن تک است ہم سو — تری دیہی ہو کس سانچے کی ڈھالی

کہاں صائب جو کرتا تھا وہ تب و تاب و تیز — سنے آہن کے طوطی کی اب ریز

نہیں ہیں ہونٹ تیرے پان سے سرخ — ہوا ہے خون عاشق آ کے بسیر

گر حرف حق زباں سے ہماری کبھو سنے — احوال اپنا دیکھ کے ملاح سر دھنے

سبزی یہ دیکھ رو کی پیارے عجب نہیں — ہو کر کے مست بھنگ بھی تنکا اگر چنے

مرتا ہوں گو کہ آرزوئے وصل یار میں ——— لیکن لذت ہے زور مزا ہجر یار میں
اے چشم، راز عشق کو افشا نہ کیجیو ——— ناحق کسی غریب کو رسوا نہ کیجیو
اپنے دل کا تو ایک حال نہیں ——— کہیے کیا کیا کسی سے یا اللہ
سو گئی طالع بیدار مری اے یارب ——— یار بالیں پہ جب آیا مری تب آنکھ لگی
نالاں خیال روئے صنم جس کے دل میں ہو ——— رکھ کر بغل میں اپنی وہ قرآں کیا کرے
رحم نہ بھی چاہے ستم کیجیے ——— ہم سے ملاقات نہ کم کیجیے
غیر کمر کی شادی ہو مجھے کیا نالاں ——— ایک دن مجھ کو بھی اس بزم سے اٹھ جانا ہے
جس وقت تو پسند کرے یہ مکان چشم ——— وہ دیں نکل کھڑے ہوں مری مہمان چشم

در اشعار ریختہ بہتر ازیں کم شعر بسمع رسیدہ، لیکن ہمیں بیت از محمد عابد دل بایں روش شنیدہ شدہ:

آوے اگر پسند تمہیں یہ مکان چشم ——— وہ دیں نکل کھڑے ہوں مری مہمان چشم

واللہ اعلم از کیست، شاید توارد روداده باشد یا غلطی ناقل اتفاق تحقیق نیفتاده:

۶/۲۳۷ نرجن ہندی بود، عطار پیشہ دہلی نژاد بعد ہ قابل وقار، در فن طبابت ہم مہارت داشت، در وقت حکومت نواب فضل علی خاں از شاہ جہاں آباد وارد غازی پور شدہ و مدتے در سرکار نواب در شیوۂ طبابت سرفرازی یافت بعد برہمی نواب راہی لکھنو شدہ و ہمانجا فوت کردہ از وست:

اس وقت اے اسیر دلم کو یہ بیکسی ہے ——— جانا تمہاری جی کا صیاد کی ہنسی ہے
شتابی کر جفا ہو یا عطا ہو ——— ہماری حق میں اب جو کچھ رضا ہو
ان دنوں میں کچھ نہیں ہے اور بیماری مجھے ——— ایک کافر سے ہوئی یار و گرفتاری مجھے

۱۲/۲۳۸ مبارک علی ہدا تخلص خلف شاہ قدرت اللہ جوانیست والا نژاد وقت تالیف مسموع شدہ بود کہ والا تخلص

وارد و بعد ازآں از نواب علی ابراہیم خاں خلیل بہ تحقیق رسیدہ کہ والہ میکند۔ واللہ اعلم بالصواب۔ قابل و آشنا پرست والہ تلاش معانی و شیفتۂ فکر خوش بیانی از وست:

ستم گر سے ہوا دل سرد میرا ۔۔۔ نہیں پوچھے ہے ہرگز درد میرا

مری اس درد دل کی قدر جانے ۔۔۔ جو پیدا ہو کوئی ہمدرد میرا

آج اس دھج سے مری قتل کو آتا ہے شوخ ۔۔۔ تیغ لے ہاتھ میں اور باندھ کمر سے دامن

تب فراق مری جان کو جلاتی ہے ۔۔۔ اے مری جان شتاب آ کے جان جاتی ہے

رو دے سب حال پر مری لیکن ۔۔۔ ایک وہ شوخ چشم تر نہ ہوا

یار غیروں کا ہوا یار خدا خیر کرے ۔۔۔ ہم کو دینے لگا آزار خدا خیر کرے

۱۸/۲۳۹ محمد ولی، وکی تخلص مظہر کمالات خفی و جلی، مجمع فضائل کماہی، عارف اہل دل ولی کامل در دکھن پرتو ظہور گرفتہ دانبدہ و شعور در آں ممالک کوس یکتائی نواختہ گویند بشاہجہاں آباد نیز آمدہ و در خدمت شاہ گلشن گلشن اخلاق و اوصاف بود ارادت بہم رسانیدہ روزی پارۂ از اشعار خود رو بروی آں بزرگوار خواند و محظوظ ساخت۔ ایشاں فرمودند کہ مضامین فارسی بسیار بکار افتادہ اند تو در زبان ریختہ بکار برکہ آں از محاسبہ خواہد گرفت۔ راست دروغ برگردن راوی۔ الغرض اصل ریختہ از دکھن است و در آں دیار ولی موجد ایں ایجاد تازہ شد۔ بعد از آں سخنوراں ہندوستان گفتہ گفتہ ایں روش آراستہ تا ہم کلامش تا حال بر صفحۂ روزگار ثبت است و استادیش بر صفحۂ دلہای سخنوراں ثابت اشعارش از اشتہار بحدی رسیدہ کہ گوش احدی را ازاں بہرہ نیست۔ لیکن تبرکاً چندی از آں بتحریر می کشم:

ترا کہ مشرقی حسن انوری جلوہ جمالی ہے ۔۔۔ تیں جامی جبیں فردوسی و ابرو ہلالی ہے

۸۰/۲۴۰ شاہ محمد واقف، واقف تخلص از زادبوم وی چنداں واقف نیستم مرد لیست قلندر مشرب درویش وضع عاشق مزاج و رنگیں طبع اکثر اوقات در سیاحت بسر بردہ وقتیکہ الآباد از قدوم حضرت خاقان دار الخلافت و منزل السرور بود۔ بطریق سیر وارد آندیار شدہ اکثر در مجالس مشاعرہ حاضر می شد و یاراں را محظوظ می ساخت۔ گویند در ہموں ایام از نیرنگی روزگار در بند محبت مغل بچۂ خوش صورت کہ در حسن و صباحت زبانزد خلق و منظور نظر عالمے بود گرفتار شدہ از حسن اتفاق (و) موافقت ایام یارش بوی موافق شد پس ہمواہ از بادۂ وصالش جام عشرت می پیمود و غافل از گردش زمانہ شب و روز خوش می بود چوں آں بت ستمگر رام وی شد، ہمزادانش از راہ غمازی پدرش را کہ از آنجا چند مفاصلہ بود اطلاع کردند کہ او را حمیت دامنگیر شدہ پسر را نزد خود طلبید۔ بر واقف شاہ کہ از قصۂ مہاجرت واقف نہ بود۔ بلائے ناگہاں بر سر آمد و کمال پریشانی و آشفتگی

بخاطرش راہ یافت و شہرت و شنیدگی در نزاجش غالب آمد و آں زمان اشعار بدیہہ حسب حال بسیاری گفت از آنجملہ است:

جس سو کچھ اس شہر میں بہلے تعادل سو بھی گیا ـــــ دیکھیے واقف کی کون اب آکے دلداری کرے

مل رہی ہیں دل سو دل آنکھوں سو آنکھیں جی سو جی ـــــ گو بظاہر یار سو واقف جدا افتادہ ہوں

یہی انصاف ہی ای چرخ دوں پرور ترے گھر میں ـــــ رقیبوں کا بسے گھر اور ہمارا خانماں اجڑے

جو کوئی سامنے سے میرے یار گزرے ہی ـــــ تو ہی خیال میں بے اختیار گزرے ہے

الغرض بعد چندے از الہ آباد برآمد چوں در آں زماں فیض آباد عطاء کرم شجاع الدولہ مرحوم رشک فردوس ارم و مجمع گلرخاں باشکوہ حشم بود دراں گلشن رسیدہ و بسبب مجمع سخنوران اہل دل و اہل دلان کامل مقیم آنجا گردید۔ ازاں زمان تا حال ہمانجا است۔ کلامش ناخن بدل میزند ایں چند اشعار زادہ فکر اوست:

دیکھ قاصد کو جو وہ شاد ہوا ہووے گا ـــــ پہلے دشنام ہی ارشاد ہوا ہووے گا

جب تب حق میں مرے لطف و کرم کر دے ـــــ کوئی ستم تازہ ہی ایجاد ہوا ہووے گا

شب کو واقف تو ذرا دیکھے ہیں ستارے ٹوٹتے ـــــ ایک مجھ سے دل جلے کی آہ بے تاثیر ہی

شعلۂ آہ نہ دے آگ، جگر جلتا ہی ـــــ اشک جلدی سو خبر لیجو کہ گھر جلتا ہی

جا کے پہنچا ہے کہاں عاشق جانباز ترا ـــــ جس جگہ جاتے فرشتے کا بھی پر جلتا ہی

سوز فراق، آتش عشق و تب جنوں ـــــ درپے ہیں آہ اس مرے دل داغدار کے

ساقی پہنچ کہ باغ میں جوں تاک کشاں ـــــ انگڑائیوں سے مر گئے مارے خمار کے

یاران ہمنشین و رفیقاں دوستدار ـــــ سب آشنا ہیں زندگی مستعار کے

جب مند گئی یہ آنکھ تو اے دوست بعد مرگ ـــــ پھٹکے ہے کون گرد کسی کے مزار کے

جوں نقش پا رہی سو رہی پھر نہ اٹھ سکے ـــــ واقف کی طرح آہ گری کوئی یار کے

تم جو شب وعدہ پر اپنے گھر سو چل کر رہ گئے ـــــ صبح ہوتے ہوتے ہم جوں شمع جل کر رہ گئے

کیا سنی اے شمع آخر شب صبا سے تو نے بات ـــــ اڑ گیا رنگ اور اشک آنکھوں سے ڈھل کر رہ گئے

لے گیا دل سامنے ہوتے ہی باتوں میں وہ شوخ ـــــ آخر کار آہ ہم یاں ہاتھ مل کر رہ گئے

کروں میں شکوہ اگر تیری بے وفائی کا ـــــ جہاں میں نام نہ لے کوئی آشنائی کا

سمجھ کے رکھیو قدم دیر میں تو اے زاہد ـــــ ہر ایک بت کو ہے دعویٰ یہاں خدائی کا

کب مانتے ہیں یہ بت گمراہ کسی کی — یاں پیش نہ جا دی کسو واللہ کسی کی

جب کہ وہ رخ اوپر نقاب چھپا — ہوگئی شام آفتاب چھپا

ایک ہووے داغ اس دل کا تو کوئی دھو سکے — روز و شب کی شست و شوائے چشم کس سے ہو سکے
جاگتے ہی جاگتے آنکھوں میں کٹ جاتی ہے رات — آہ جس کو درد ہو ایسا، وہ کیوں کر سو سکے
صبح تک ہم اور بھی مہمان ہیں اس بزم میں — رو لے یاں پر مرے اے شمع جتنا رو سکے
کون پہنچاوے مرا پیغام واں تک اے صبا — کام واقف کار کا ہے تجھ سے ہو تو ہو سکے

یار بن آہ کس طرح گزرے — آہ صد آہ کس طرح گزرے
شب ہجر تاریک فکر راہ دراز — قصہ کوتاہ کس طرح گزرے

غریب دل یہ تجھے کس بلا نے گھیرا ہے — کہ آہ و نالہ ہے اور اس گلی کا پھیرا ہے

آرام نہیں دیتے ہیں یہ چشم (د) دل اس بن — بیگانے کا کیا دوس ہو دشمن ہوئے گھر کے
کوئی علم پہ نازاں ہے کرامات پہ کوئی — اک رو سیہ ہم ہیں نہ ادھر کے نہ ادھر کے

جنبش ابرو ہی ایماں لے گیا بت اے خدا — طاق پر رکھنے کو دی تھی کیا مسلمانی مجھے

نہ جا اے نور چشم آرزو تک دور آنکھوں سے — یہ واقف کیوں کر دیکھے گا تجھ اس کو آنکھوں سے

ناصبے اور مسجد و بانگ و نماز ہے — نازبتاں ہے اور ہمارا نیاز ہے

نقش قدم کی طرح رہے ہم جہاں رہے — ہے الوداع ہمسفراں ہم تو یاں رہے

دوستاں اب جیب سینے کی عبث تدبیر ہے — دست چالاک جنوں اپنا گریباں گیر ہے
سوچ کر رکھیو قدم اے دل نواح عشق میں — چشم مجنوں بستیاں ہر حلقۂ زنجیر ہے
خرمی اہل فنا کو ہے فنا ہی سے مدام — خندۂ بخشی شمع نت خمیازۂ گلگیر ہے

۸/۲۴۱ نیر بخشی وحشی تخلص متوطن دہلیست از چندی در عظیم آباد بسر می برد و از بخشش الٰہی وحشیان معانی را بایں روش در دام نظم می کشد:

ان دنوں بے قرار ہے یہ دل — کیا ہو اس سے یار ہے یہ دل
اپنے ملنے سے منع مت کر تو — اس میں بے اختیار ہے یہ دل

یاد کچھ یار کا رہے مذکور — باتیں ہم اور کم سمجھتے ہیں

اتنا نہیں کوئی کہ جا دیوے یار کو　　دشوار زندگی ہے دل بیقرار کو

۲۰/۲۴۲ شاہ محمد وارث، وارث تخلص از شاگردان حضرت مصیب قدس اللہ سرہٗ پیوستہ در خدمت حضرت بسر بردہ وار فیض کرمت مصیب وراثت مملکت زبان آوری یافتہ ہمراہ آنجناب بزیارت مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ شرف اندوز شدہ بلد انتقال آں ستودۂ ایزد متعال با جمیع رفقای دیوطن برگشتہ در زبان فارسی ریختہ گفتہ و در آں تلاش معانی تازہ نمودہ و داد سخنوری دادہ اکثر در مقاطع اشعار بشاگردی آنحضرت افتخار و مباہات میکند چنانچہ میگوید:

کب شعر و شاعری میں مجھے تھا دل و دماغ　　وارث یہ سارا فیض ہے حضرت مصیب کا

پڑا ہے سنگدلوں سے معاملہ دل کا　　نہ ٹوٹ جاوے میں ڈرتا ہوں آبلہ دل کا

صدائے نالہ و آہ جگر کو لے ہمراہ　　چلا ہے کیسے تجمل سے قافلہ دل کا

نہ گھر میں رہنے دے مجھکو نہ کوہ و صحرا میں　　بھلا میں کس سے کہوں جا کے اب گلہ دل کا

نہ ظلم چرخ نہ جور صنم سے ہوں میں خفا　　مجھے ان آنکھوں سے شکوہ ہے اور گلہ دل کا

لاکھوں لوگوں کے تئیں دیکھا اٹھاتے لیکن　　جو گرا دیدہ و دل سے ہوا اٹھایا نہ گیا

ہم تو ہستی میں سبک مثل صبا ہوتے ہیں　　بار خاطر نہ کسی کے نہ غبار دامن

قیامت ہے ترا کہنا اجی کا　　مرا جی ہے تصدق تیرے جی کا

چمن میں دیکھ اس غنچہ دہن کو　　کلیجا پھٹ گیا گل کی کلی کا

ہماری جب سے دنیا میں کھلی چشم　　نہ دیکھا ایک دن ہرگز خوشی کا

تجھے اعدا سے کیا دہشت ہے وارث　　جو تو بندہ ہوا حضرت علی کا

کیا آہ ناتواں مری اس کو اثر کرے　　اک عمر چاہیے کہ لبوں تک گزر کرے

سحر ہے کچھ اس کی حکایات میں　　لگے نہ جی کیوں کہ ملاقات میں

کہیں نہ ملا دل کو میں ڈھونڈا بہت　　دیر و حرم اور خرابات میں

ہم کو باتیں تری ہیں سب سہنا　　کہ لے جو کچھ کہ ہو تجھے کہنا

اے صبا میری خاک کو لے کر　　دلربا کے دیار میں بہنا

غنچۂ دل کھلے ہیں جب دلبر　　پہن آیا ہے پھول کا گہنا

سخت دل گیر ہیں چل کر کہیں دلشاد کریں　　جا بیابان میں دل کھول کے فریاد کریں

تجھ کو غیرت نہیں آتی مری قاتل صد حیف ہم تری ہوتی ہو منت جلاد کریں

اس متدلی ہوا میں اور ابر خوشنما میں کیا ہو جو آوے ساقی لے جام اور مینا

انگشتری پہ تیری قاتل مرا لہو ہے اس کو نہ تو سمجھنا یاقوت کا نگینہ

۱۲/۲۴۳ میر ولایت اللہ خاں، ولایت تخلص دہلوی از منصب داران اردوی معلی بود، اصل وطن وی ولایت ایران است لیکن نشو و نما وی در شاہجہان آباد شد، صاحب ولایت سخن و قدر شناس صاحبان این فن گاہ گاہی بمقتضای جودت طبع شعر سخن ہمی کرد۔ این ریختہ از و بسمع رسیدہ:

نہ تنہا ہی تن بلکہ جاں بیچتا ہوں اس ہستی کی ساری دکان بیچتا ہوں

زمیں آسماں تک ہی سب چیز ارزاں ولے ایک دل کو گراں بیچتا ہوں

مواسلا میں کہتا ہوں دل کا عزیزاں جو ہو اہل دل سو وہاں بیچتا ہوں

ارے یار دیکھو نہ عارفاں کو کہ یہ گنج پنہاں عیاں بیچتا ہوں

ولے ایک مشکل ہی سوداگروں کو کہ بے شرط سود و زیاں بیچتا ہوں

ولایت تجھے کون تجھ سا خریدے اور میں بھی تو تجھ کو کہاں بیچتا ہوں

۲۲/۲۴۴ مرزا محمد علی وفی تخلص ولد میرزا عسکری وطن اصلی پدر وی اصفہانست، از آنجا در دہلی آمدہ بسبب قدر دانی امرایاں آں مکاں را مدتی زمانہ بخوبی بسر بردہ۔ بعد برہمی و برگشتگی از اہل آنجا رو بہ بنگالہ آوردہ و در مرشد آباد توطن گزیدہ، در سرکار ناظم بنگالہ اقتدار کلی بہم رسانیدہ و در ہموں شہرہ نوت شد۔ ولی بعد رحلت پدر و لیعہد وی گشتہ در بنگالہ نشو و نما یافتہ و مشق سخن در خدمت مرزا فدوی نمودہ۔ اگرچہ ندیدہ ام لیکن تعریف از اہل مرشد آباد بسیار شنیدہ۔ وقت ورود در مرشد آباد وی چند اشعار خود را بوساطت دوستے بطریق ہدیہ ارسال نمودہ، الحق اشعارش بس دلپذیر است از آنجملہ:

کیا مقابل اس کے رخ کے ماہ و کنعاں ہو سکے ..... (مصرعہ ثانی ندارد)

سد رہ مژگان خوں آلودہ کب ہو اشک کی سیل دریا کا نہ حائل دست مرجاں ہو سکے

بزم میں اس آئینہ سیما کی یہ تاثیر ہے مستعد واں بولنے کو طوطی تصویر ہے

ناقصوں کو صحبت روشن دلاں ہے کیمیا خاک کو کرتا ہے پرتو مہر تاباں کا طلا

حسن کو شرم و حیا رکھتی ہے چشم بد سے دور شمع روشن کو نہیں فانوس میں بیم ہوا

نظر میں پشم ہے صاحبدلوں کی بال ہما انھوں کے کوچے کی ہے ہر مگس مثال ہما

وہ کرے سیر گل باغ جہاں شبنم کی طرح
جو سراپا چشم دنم ہو بلبلاں شبنم کی طرح

اس چمن میں مبتلاے درد و غم ہیں سب مگر
ہم کو خوش آتی ہے اے بلبل یہاں شبنم کی طرح

ہیں چشم اہل دید میں اغیار و یار ایک
ہے آگے ان کے روے گل و شکل خار ایک

کس طرح اس چمن میں ولی آشیاں کروں
یاں ہے نوائے زاغ و صداے ہزار ایک

خوش آوے کب گلوں کا تبسم ہزار کو
جب دیکھے مسکراتے لب لعل یار کو

۱۲/۲۴۵ وحشت تخلص معلوم نیست کہ کیست تا حال از احوال او خبری بہ مؤلف نرسیدہ۔ یک غزلش مسموع شدہ کلامش شوق آمیز، وحشت انگیز است از دست:

مری سامنے گر وہ اک آن ٹھہرے
تو آنکھوں میں آکر مری جان ٹھہرے

نظر بھر کے دیکھوں اسے میں عزیزو
مرا اس کے آگے جو ادسان ٹھہرے

تری عقل ناصح بتا کیوں گئی ہے
بھلا کون دل دے کے نادان ٹھہرے

عجب یہ جنوں ہے کہ ہاتھوں سے اسکے
نہ دامن رہے نہ گریبان ٹھہرے

کہا میں نے رونے سے وحشت نہ دیکھا
جو یکدم تری چشم گریان ٹھہرے

لگا کہنے میں ضبط کرتا ہوں لیکن
کہاں تک جگر میں یہ طوفان ٹھہرے

۲۴/۲۴۶ ہدایت اللہ، ہدایت تخلص بہ ہدایت صحبت حضرت میر درد پے بہ تمیز معانی بردہ و راہ بہ شہرستان سخن یافتہ۔ ایں چند اشعار از وے بسمع رسیدہ:

عزیزاں مرا کوئی ماتم نہ کیجو
مرے بعد مرنے کا، تم غم نہ کیجو

میں اپنے تئیں آپ ہی رو لوں گا قاتل
مری لاش پر دیدہ پرنم نہ کیجو

ہدایت مری اس سے الفت ہر زیادہ
مری یاد دیکھو کبھی کم نہ کیجو

عاشق تری گلی سے مواہی نہ ٹل سکے
جی نکلے پر نہ جی سے محبت نکل سکے

کشتۂ غمزۂ صد نرگس بیمار تھے ہم
شوخی و ناز کے سو جی سے گرفتار تھے ہم

یکطرف ہم بھی پڑے رہتے چمن میں جوں خار
باغباں کیا تجھے اتنے بھی نہ درکار تھے ہم

وے زمانے بھی گئے آہ جو بلبل تم سے
ایک مدت تئیں دیوار بہ دیوار تھے ہم

تو نے گر قتل کیا ہم کو بہت خوب کیا
ہاں میاں سچ ہے کہ ایسے ہی گنہگار تھے ہم

اے ہدایت تو ہی تنہا نہیں اک سودائی — اس بلا میں تو کوئی شخص گرفتار تھے ہم

بھلا بتا تو مری جان کچھ ہدایت نے — تمہارے جور کا شکوہ بھلا کیا ہوگا
مگر یہی نہ کہ بے اختیار رہو کے کبھو — جو کچھ کہ بس نہ چلا ہوگا رو دیا ہوگا

۲۶/۲۴۷ انعام اللہ خاں یقین تخلص، خلف اظہر الدین خاں بہادر مبارز جنگ نبیرۂ شاہ احمد سرہندی، نواسۂ نواب حمید الدین خاں ازامرزادہائے دہلی مثل وی قابل وقابل پرست از کتم عدم بعرصۂ ظہور نیامدہ، از عطائے الٰہی وانعام غیر متناہی وی در عنفوان جوانی بفضائل کامل رسیدہ مقبول دلہا وصاحبان فضل وکمال گردیدہ ازامداد بخت منظور نظر حضرت میرزا شدہ بود از فیض صحبتش شہباز فکر وی بصید معانی چناں بلند پروازی کرد کہ طائر خیال سامعاں بدیں نہ یافت کنہ آں در نیم راہ باز ماند وہمائے اندیشۂ وی بر قلۂ کوہ سخن بطور پرفشانی نمودے کہ بطبع رسائے سخنوراں بامید رسائی در پرتو سایۂ اش ہر چند دویدے ولے از تیز پروازیش بجائے نرسیدے زباں آوراں از مضامین رنگین اشعارش رشک خوردہ، انکاری نمودند وسخنوراں از معانی تازہ وخوش آئین کلامش متحیر شدہ بجانب حضرت میرزا مظہر منسوب می کردند لیکن بتجسس کنندگان وبتفحص جویندگان آخر خود مقرر شدہ اند کہ ایں اشعار بایقیں زادۂ طبع یقین است۔ حق تعالیٰ سخن او را بسند حسن قبول بخشیدہ ودیوانش در چہار طرف ہندوستان اظہر من الشمس گردیدہ آخر کار بدختے او را بانارۂ پدرش شربت شہادت چشانیدہ وجہت قتلش را بعضے گویند کہ بریکے از کنیزان پدر مفتون شدہ بود لہذا پدر او را مقتول ساخت وآخر کار مصداق آں مقطع خودش کرد:

یقیں مارا گیا جرم محبت پر زہے طالع — شہادت اس کو کہتے ہیں سعادت اسکو کہتے ہیں

ایں چند اشعار یقیں در سفینۂ سینہ منقوش بود ہر قوم می شود:

ہے ترے داغ سے پُر سینۂ سوزاں میرا — آب در رنگ آگ سے رکھتا ہے گلستاں میرا

ہمیشہ کھینچتا ہوں اشک خوں کو دار گلزار — اگر رونے کو میرے دیکھتا منصور رو دیتا

خدا دیتا مجھے گر میر سامانی خدائی کی — تو میں ان بلبلوں کو گلشنوں کا باغباں کرتا

نہیں معلوم اب کے سال پیمانے پہ کیا گزرا — ہماری توبہ کرنے سے تہی میخانے پہ کیا گزرا

برہمن سر کو اپنے پیٹتا تھا در کے آگے — خدا جانے تری صورت سے بتخانے پہ کیا گزرا

یقیں سوز وگداز اپنے کو گر اظہار میں کرتا — خدا شاہد کہ دوزخ کا بھی زہر آب ہو جاتا

سر بر سلطنت سے آستان یار بہتر تھا — ہمیں ظل ہما سے سایۂ دیوار بہتر تھا

آنکھ سے نکلے پر آنسو کا خدا حافظ یقیں — گھر سے جو باہر گیا لڑکا سو ابتر ہو گیا

اس قدر غرق لہو میں یہ دل زار نہ تھا — جب ترا کوتری پاؤں سے سروکار نہ تھا

ہے زخم مرا کاری اس سینے سے کیا ہوگا — اب مرنا ہی بہتر ہے اس جینے سے کیا ہوگا

نہ کہتی راز دل تو اتنی رسوائی بلا سہتی — فضیحت کر کے مجھ کو اس زباں کا ہاتھ کیا آیا

مرے ان آنسوؤں نے کھو دیا نور البصر میرا — یہ یوسف بیچ کر اس کارواں کا ہاتھ کیا آیا

جو کچھ کہیں ہیں تجھ کو سزا تیری دیکھیں — بندہ ہو تو بتوں کا ہوا کیا خدا نہ تھا

تری آنکھوں کی کیفیت کو میخانے کیا نسبت — نگہ کی گردشوں کو نور پیمانے سے کیا نسبت

مرا اپنا نہ دیکھا کر ہو جاوے گا دیوانہ — آئینے کو کہتے ہیں اے شوخ پریخانہ

کچھ مجھ میں نہیں باقی، ساقی تو شتاب آ جا — ڈرتا ہوں چھلک جاوے لبریز ہے پیمانہ

۲۲/۲۴۹ میر عزت اللہ یکدل تخلص مرد باعظمت و جلال صاحب عزت و کمال بود، در دہلی بر فاقت نواب ناظر خواجہ سرائے کہ در عہد محمد شاہ، بادشاہ و خلف وی احمد شاہ نور اللہ مرقدہما تقرب و اقتدار کلی داشت۔ بسر بردہ و باہر یکے از یگانہ و بیگانہ یکدل دیگر دلبود۔ ایں چند شعر وی زبانی میر رحمت اللہ سوید، خلف وی در مرشد آباد مسموع شدہ بود:

پھرا بتخانہ و مسجد ٹھہرنے کی نہ جا پایا — بھٹکتا اس گلی آیا تہیں پایا، خدا پایا

دیکھو جس آگ سے جلتی ہے شمع گل گل کر — اسی آتش سے پروانے کو محو جاں فدا پایا

جگر کے دیکھ گلنے کو لگی جب آگ ہر تن میں — بہت ڈھونڈا بدن میں دل کو میں آخر جلا پایا

ادھر مرنا اس طرف آنکھیں بنائی بات میں باتیں — نہ تھا کوئی اور مرنے کو ہمیں تم نے بھلا پایا

درگاہ مرتضیٰ کو کیا سب میں برتری ہے — گلیخ جس کے در کا خورشید خاوری ہے

لافتا شاہد ہے یعنی دوسرا ایسا نہیں — لفظ ثانی کو جہاں پاؤں تو اس کو لا کروں

ہوش رکھ ہر بات میں یہی بات ہے — جو صفت دیکھو علی کی ذات ہے

ایک ڈالی نے کیا ہے سب ظہور — ڈال ہے پھل پھول کانٹا پات ہے

رخ پھرا گھوڑا نہ چل پیادہ ہو رہ — عشق بازی میں سراسر مات ہے

دیکھ دل کو یوں پکارا زلف نے — اب کہاں جاتا مسافر رات ہے

عشق میں یکدل جدائی سخت ہے — جوں کہ مکے کے اوپر پھرلات ہے

۶/۲۵۰ یاد تخلص ولد عابد خاں، برادر حقیقی مخلص علی خاں، شاگرد میر محمد حیات حسرت دریں ولا در عظیم آباد بسر می برد۔

اضافہ

مخطوطۂ خدا بخش سے

غلام حسین خاں خلف نواب عماد الملک غازی الدین خاں، عیاش تخلص، نوجوانے است عیاش و خوش معاش آشنا پرست دیارباش مقتضائے جودت طبیعت گاہگاہے شعر ہم می گوید۔ از وست

ہے شب و روز ہمیں نالہ و افغاں سے کام
جس طرح قیس کو تھا دشت و بیاباں سے کام

دل میں آتا ہے کہ اب کیجئے ترک اسباب
بے سر و پاؤں کو کیا ہے سر و ساماں سے کام

خاکساری کا مجھے مرتبہ بس ہے عیاش
نہیں اس عاریتی منزلت و شاں سے کام

چھا لیا ہے ابر روئے زمیں سبزہ زار ہے
ساقی جو تو بھی آوے تو کیا ہی بہار ہے

دیکھا جو میں نے حسن خط سبز گلرخاں کا
گلزار کی خرابی کے در پے بہار ہے

عیاش پاس کیا ہے، کرے نذر جو تری
اک نقد دل ہے سو تو وہ تجھ پر نثار ہے

محفوظ علی ہمدم خلف میر محمد حیات حسرت مرشد آبادی جوانے است با سخنوران ہمدم و با زبان آوران قدم بہ قدم دُر ریختہ گوئی خوش فکر و شیریں بیان است۔ از وست۔

گور میں نہ کھولیں جیب کفن ہمارا
کچھ واں بھی کر رہیگا دیوانہ پن ہمارا

سخت مشکل ہے آشنا ہونا
بے وفاؤں سے بے وفا ہونا

ملے ہے دیدہ و دانستہ سب سے
اٹھایا ہے...

تو نے گر اپنا ہمیں جانا نہیں
دوست دشمن، آہ پہچانا نہیں

مزید اشعار جو مطبوعہ نسخہ میں نہیں ہیں

شاد کے انتخابِ کلام کے انتخاب میں اختصار مدنظر رکھتے ہوئے قاضی صاحب نے جو اشعار متن کو نقل کرتے ہوئے کم کر دیئے تھے وہ یہاں دیئے جا رہے ہیں تاکہ مکمل متن سامنے رہے۔

آرزو (ص ۴)

جان کچھ تجھ پر اعتماد نہیں ـــــ زندگانی کا کیا بھروسا ہے

میخانہ بیچ جا کر شیشے تمام توڑے ـــــ زاہد نے آج دل کے اپنے پھپھولے پھوڑے

کھلے سیپارۂ گل کھول آگے عندلیبوں کے ـــــ چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے

اجمل (ص ۵-۶)

ہو گیا خون ناب آنکھوں میں ـــــ تھا بہاں تک کہ آب آنکھوں میں

شب فرقت میں تیری اے ظالم ـــــ ہو گیا خواب خواب آنکھوں میں

شاد تھا دل سب طرف سے بزم میں جب جا نہ تھا ـــــ ہائے کیسی رات تھی جس رات وہ مہمان نہ تھا

ہو گیا تھا کہتے کہتے ان دنوں میں ہوشیار ـــــ پھر جو کل دیکھا میں اجمل کو وہی دیوانہ تھا

آبرو (ص ۷)

جدائی کے زمانے کی میاں کیا یاد تی کیجے ـــــ کہ اس ظالم کی ہم پر جو گھڑی گزری سو جگ بیتا

بوسہ لباں سے دینے کہا، کہہ کے پھر گیا ـــــ پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

قول آبرو کا تھا کہ نہ جاوے گا اس گلی ـــــ ہو کر کے بے قرار، دیکھو آج پھر گیا

مشتاق عذر خواہی نہیں آبرو تو کیا ہے ـــــ یہ روٹھ روٹھ چلنا چل چل کے پھر ٹھٹکنا

کرتے تو ہو تغافل پر حال آبرو کا ـــــ دیکھو تو تم بھی پیارے، بے اختیار رو دو

یوں آبرو بنا وے دل میں ہزار باتیں ـــــ جب روبرو ہو تیرے گفتار بھول جاوے

مشک چلنا جن کا ہوتا نہیں اب تلک مجھ کو ـــــ طرح وہ پاؤں رکھنے کی مری آنکھوں میں پھرتی ہے

کون چاہے گا گھر بسے تجھ کو ـــــ مجھ سے خانہ خراب کی سی طرح

اشتیاق (ص ۱۰)

بتاں جو ہیر کی باتیں ہمیں سناتے ہیں — کچھ ان کا دوس نہیں یہ خدا کی باتیں ہیں

اثر (ص ۱۱)

کچھ ان روزوں مرا دل سخت بے آرام رہتا ہے — اسی حالت میں کل کر صبح سے تا شام رہتا ہے

کلیجا پک گیا میں کیا کہوں اس دل کے ہاتھوں سے — ہمیشہ کچھ نہ کچھ اس میں خیال خام رہتا ہے

حال میرا نہ پوچھیے مجھ سے — بات میری تو معتبر ہی نہیں

کر دیا کچھ سے کچھ ترے غم نے — اب جو دیکھا تو وہ اثر ہی نہیں

وہی میں ہوں، اثر، وہی دل ہے — اب خدا جانے کیا ہوا مجھ کو

کیا کہیے اختیار نہیں دل کی چاہ میں — ہیں سب، اگر نہ تیری یہ باتیں نگاہ میں

اثر کہیے کیا، کدھر جائیے — مگر آپ ہی سے گذر جائیے

کبھو دوستی ہے کبھو دشمنی — تری کون سی بات پر جائیے

بس ہو یا اب یہ امتحاں کہیں — پاکل جلے اب یہ جاں کہیں

صرف غم ہم نے نوجوانی کی — واہ کیا خوب زندگانی کی

بے وفا تجھ سے اب گلہ ہی نہیں — تو تو گویا کہ آشنا ہی نہیں

یوں خدا کی خدائی برحق ہے — پر اثر کی تو ہم کو آس نہیں

عاشقی اور عشق کی باتیں — سب یہاں سے اثر کے ساتھ گئی

آہ کے ساتھ بھی نکل نہ گیا — آہ ملے آہ، یہ خلل نہ گیا

امین (ص ۱۱-۱۲)

دنیا میں جو آکر نہ کرے عشق بتاں کا — نزدیک ہمارے نہ یہاں کا نہ وہاں کا

جی نکلتا ہے پہ لب یاد میں چلتے ہیں تری — مرتے مرتے بھی ترا نام لیے جاتا ہوں

مجھے تو کبھی عمر بھر غم نہ ہو — ملاقات تیری اگر کم نہ ہو

یار بھی اب لگا گلہ کرنے — یہ بھی اپنے نصیب کی خوبی

اظہیر (ص ۱۲)

ساقی بہار آئی، میرا ایاغ خالی ـــــ انصاف بھی ہے ظالم مت کر دماغ خالی
اب تو ہر یک سے طلب کرنے لگے چاہ نئی ـــــ ہے یہ آئین وفا میں ہمیں سے راہ نئی
نہیں ہے مردمک چشم، ساتھ آنسو کے ـــــ نکل کے داغ جگر جم رہا ہے آنکھوں میں

آتش (ص ۱۳)

مثال آئینہ ہم نے تو سعی نقش جہاں دیکھا ـــــ جہاں دیکھا، بہر صورت، تجھے قالب تہی پایا
قیامت کی عقوبت ساری ہجر یار میں گزری ـــــ وہاں تھا دیکھنا جو کچھ، سو سب ہم نے یہاں دیکھا

احسن (ص ۱۳-۱۴)

جو دل اُدھر گیا سو وہ مانی میں مل گیا ـــــ تیری گلی میں خاک کریں جستجوئے دل
لطف سے کیجے ادھر بھی تو نگاہ بے گاہے ـــــ شاد ہر لحظہ نہیں کرتے تو گاہے گاہے
اب تو غازوں نے وہ بات بھی کھو دی یارو ـــــ گھر کر بیٹھتے تھے جو سرراہے گاہے
محرم ہم ہوں، محرم اسرار ہو کوئی ـــــ خلوت میں ہو کوئی پس دیوار ہو کوئی
دل کو نہ رکھوں سینے میں تو کیا کروں احسن ـــــ جس جنس کا خواہاں نہ ہونا چار ناچار میں

انشا (ص ۱۳)

گالی سہی، ادا سہی، چین، جبیں سہی ـــــ یہ سب سہی، پہ ایک نہیں کی نہیں سہی
یوں سب سے نہ مل، کہا، تو بولا ـــــ تیرا ہی تو مجھ کو در (ڈر) بڑا ہے
میں کہا تک چلے میرے گھر کہا باعث سنوں ـــــ کس سبب کس واسطے، کاہیکو، کیوں کچھ کام بھی

حاشیہ پر (ق ۱۵ الف ب)

سادگی کا تری یا جلوہ گری کا عالم ـــــ کیا بیاں کیجیے بس خیرہ سری کا عالم
رات کی بے ادبی کیجیے معاف آپ، کہ تھا ـــــ نشۂ مے سے مجھے، بے خبری کا عالم
جام پھر منہ سے لگا لے کہ عجب ہوتا ہے ـــــ مے کا گرنگ سے یہ لب پہ تری کا عالم
ربط کر بوئے گل و باد سحر سے پیدا ـــــ آخر اے ہوش یہ ہے ہمسفری کا عالم
تا لب بام قفس، اڑ نہ سکے ہم صیاد ـــــ اب تو پہنچا ہے یہ بال و پری کا عالم

آج صد چند ہوا جوشِ جنوں اے انشاؔ — دیکھ بوئے گُل و بادِ سحری کا عالم

کہتے ہو تم تو دم لے پر ہے بٹ ابھی نہیں — اور آ نہ جائے کوئی مرے جی میں جی نہیں
ہاں ہاں ہے سب سے اور ہیں سے نہیں وکیوں — کیوں کر نہیں نہیں نہیں کیوں ایسے جی نہیں
گر یار مے پلاوے تو کیوں کر نہ پیجیے — زاہد نہیں ہیں شیخ نہیں کچھ ولی نہیں
میں نے کہا کبھی تھے ہمارے بھی کوئی تم — بولے کبھی نہیں مرے تم کوئی بھی نہیں
ذرا سی بات پر ہے انشاؔ سے کیوں خفا — کیا جانے کیا بلا ہے ، تو کچھ آدمی نہیں

اکڑ کے پنجوں کے بل پہ چلنا ، نہ کشتہ کیوں کر ہوں اس ادا کا — سجا سجایا کہ کل کا یا ، یہ دھج تو دیکھو غضب خدا کا
شبِ انکھڑیوں کا تری تصور ، خیال میں مجھ کو اسقدر تھا — کہ بوئے نرگس سے پُر ہے اب تک کنارِ دامن مری دعا کا
فزوں ہے وہم و قیاس سے بھی ، کروں جو تعریف اس صنم کی — جوان رنگیں ، بحسن خوبی ، پری کا عالم ، نوش گدا کا
برنگِ گل کے جلا میں کب تک کروں نہ جیب شکیب ٹکڑے — کنار میں اس کو تنگ کھینچے ، ہوا یہ مقدور اب قبا کا
گھٹا یہ کالی ، گلوں کی یہ بو ، خروش برق اور رعداں — پلا نہ بھر بھر کے جام ساقی ، سمجھ تو انداز ٹک ہوا کا
بجز شمیم نگار اے گل ، شگفتہ غنچہ نہ ہووے دل کا — بہار گر لاکھ رنگ لاوے ، اٹھاوے یہ بار کب حیا کا
نگہ یہ ظلم و کرشمہ آفت ، قیامت اس پر یہ قامت انشاؔ — ملاحت ایسی بلا کہ توبہ ، یہ عالم اپنے ہے دل ربا کا

آگاہ (ص ۱۳)

نہیں ممکن کہ لیں مفت یہ بت عاشق سے — اپنے کوچہ میں بھی گر خاک بسر دیکھیں تو

افسوس (ص ۱۴)

اس قصہ کو تو ہمدم کل کہے کو سناتا ہے — وہ بھولی ہوئی باتیں کیوں یاد دلاتا ہے

کہا میرا مطلق نہیں مانتا ہے — تو جیسا ستاتا ہے جی جانتا ہے

جس کو تیسرا نگہ لگا ہوگا — ایک دم میں وہ مر گیا ہوگا
اس کے اٹھتے ہی جی پہ آن بنی — دیکھیے آگے آگے کیا ہوگا

صبح بہت کرتا ہے یہ دل اشکباری بیشتر — ہو سحر کو خانۂ ماتم میں زاری بیشتر

احسن (ص ۱۳-۱۴) یہ ہے مضمون خط کا احسن اللہ — کہ حسن خوبرویاں عارضی ہے

تتمہ-۱

- اضافہ مخطوطہ خدا بخش سے ۱۷۱
- مزید اشعار جو مطبوعہ نسخہ میں نہیں ہیں ۱۷۲

ایں چند بیت از و یاد بود:

کوئی کچھ کہے مجھ کو یاد نہیں ۔۔۔ یہ عاشق کا خوں ہے مہاد نہیں

جب ملک تلخ ہوئی ہر آن زندگی دکنار ۔۔۔ معلوم تجھ بغیر میری جان زندگی

ہم یار دو چار رہے، رات ساری رات ۔۔۔ مژگاں بگ کے پار ہے، رات ساری رات

۱۲/۲۵۱ غلام محی الدین، بیمیائی تخلص برادر کوچک شاہ محمد علیم بیتاب الہ آبادی جوانیست عاشق مزاج، خوش اختلاط درخدمت برادر کلاں خود، حضرت بیتاب تربیت یافتہ واز فیض صحبت وی در زباں آوری بمرتبۂ استادی رسیدہ۔ اشعار دلچسپ و ابیات پر مضمون دارد، بسبب فرزندی شاہ خوب اللہ قدس اللہ سرہٗ کہ اسم مبارکش محمد یحییٰ بود بیمیائی تخلص می نماید و در زبان فارسی و یختہ طبع آزمائی می کند۔ در ینولا خدمت قضا، سدبورکہ در تو ابع گنہ نازی پور است متعلق (باو) شدہ لہذا در آنجا می باشد، ایں چند اشعار از وست:

صبا کا اگر اس طرف بار ہو گا ۔۔۔ یہ غنچہ مرا دل کا گلزار ہو گا

دریں زمیں شیخ فتح علی، منصف غازی پوری مطلع خوب ہم رسانیدہ وقت تحریر منصف ماہر بود مرکب ترقیم شدہ:

جو تو رونق افزای بازار ہو گا ۔۔۔ میاں ایک عالم خریدار ہو گا

ہر چند میں جگہ دی اس کو دل او جگر میں ۔۔۔ پر کچھ اثر نہ دیکھا اس آہ بے اثر میں

بخشے ہے فائدہ کیا ناصح تری نصیحت ۔۔۔ صحرا نورد ہیں ہم دل کب لگے ہے گھر میں

نہ دن کو چین نہ راتوں کو خواب ہے تجھ بن ۔۔۔ غرض میں کیا کہوں جینا عذاب ہے تجھ بن

شتاب آ کہ بھروسہ نہیں ہے جینے کا ۔۔۔ لبوں پہ جان بسان حباب ہے تجھ بن

وعدہ یہ وعدہ چاند کہ ہونے لگے غروب ۔۔۔ آیا نہ یار مفت میں جاتی ہے چاندنی

۴۴/۲۵۲ مصطفےٰ خاں، یکرنگ، ہمعصر میاں آبرو گویند مرد بسیار شوخ و شنگ و خوش اختلاط و آشنای یکرنگ بود، اشعار وی بجز ایں چند بیت یاد نبود:

یار کا جب خیال آتا ہے ۔۔۔ ہوش میرا تمام جاتا ہے

لب شیریں سے بیزبانوں کو ۔۔۔ بولنا تلخ کام ہے تیرا

ہاتھ اٹھا جو راہ جلسے تو ۔۔۔ یہی تیرا سلام ہے گویا

سنتا نہیں ہے بات کسی کی تو اے سمن ۔۔۔ تجھ کو ترا غرور زبانوں کریگا کیا

زبان شوق ہو منہ کی کہاں بات — کہ خوبوں نے لگایا ہے ہمیں ہات

مسخر حسن کے شاہ و گدا ہے — رکھیں ہیں خوبرو ظاہر کرامات

خیال چشم و ابرو کر کے تیرے — کوئی مسجد پڑا، کوئی خرابات

بسیج جو کوئی کہے سو لا جائے — راستی ہیگی داری کی صورت

یکرنگ کی بساط میں کچھ اور نہیں سجن — رکھتا ہو دوئی جو کہو تو ندکرا کرے

کیوں کھینچتے ہو تیغ سجن ہم میں دم نہیں — پنہاں نظر تمہاری بھی دگتی سے کم نہیں

پارسائی اور جوانی کیونکے ہو — یک جگہ پر آگ و پانی کیونکے ہو

برگ حنا اوپر لکھوا احوال دل مرا — شاید کبھی جو جاوے تو گلرو کا ہاتھ

لگے ہے خوب آنکھوں میں بتاں کے — سخن یک رنگ کا، گویا گہر ہے

نہ تو ملنے کو اب قابل رہا ہے — نہ مجھ کو داغ اور دل رہا ہے

۲/۲۵۳ یکرو تخلص شاگرد میاں آبرو فکرش برجستہ و کلامش صاف و شستہ. در شیوۂ دوستی حاضر و غایب یکساں و یکرو بود:

دل پر مرے ہیں داغ تری ہجر کے کئی — گنتے میں جس کے عمر مری سب گزر گئی

۶/۲۵۴ (یوسف) از حالات وی کماہی اطلاع ندارم، لیکن این قدر از کلامش دانم کہ نجم برج سخنوری است و گوہر درج مضمون پروری از رقائم صحائف صفائح اوست:

سو گیا جب سے جگایا تھا مجھے — بخت میرا جاگ اٹھا وہ سو گیا

ہے مضراب فلک صرا تمام — اس میں اوپر کوئی کیا بو گیا

تحفۂ تذکرۂ مسرت افزا

دانشمندان دیدہ ور دیدہ وران دانش پرور ہا ورکنند کہ مؤلف در سال یکہزار و یکصد (و) نود و سہ ہجری و اثنا سفر کلکتہ با کمال تشتت و اختلال کہ لازمۂ سیاحت است، این تذکرہ مشتمل بر حالات سخنوران چند کہ اسامی شاں بطرز تازہ در ضمن دیباچہ بیان شدہ است، ترتیب نمودہ بود چوں در سنۂ نود و چہارم باز اتفاق مراجعت و ورود بلدۂ لکھنؤ رو داد بر احوال اکثر نکتہ پردازان این دیار اطلاع دست داد، تذکار شاں درین تذکرہ کہ معیار احوال این گروہ ست مناسب دید و استلزام انحصار کتاب بذکر شاعر اینکہ اسامی شاں در خطبۂ مذکور است بر ہم نمودہ، اکنوں از ناظران عیب پوش و سامعان عذر نیوش التماس آں دارد کہ اگر در انشا پردازی و محاورہ گوئی کہ منظور از آں استکمال

خود در عبارت آرائیست، نه اظہار فصاحت و کمال، تصور رہنمند عذورم دارند چہ از ذخائر پیشینیان خوشہ چینی نمودن و در رہاے پراگندہ را در سلک ترتیب آراستن نیلے و شوار است خرد ہ گرفتن و پریشان ساختن چہ قدر کار۔

ہر کہ سخن را بسخن ضم کند　　قطرۂ از خون جگر کم کند

از خرد گیری مردم خردہ بیں عبار بر آئینہ خاطری نشیند چہ عیب جوئی تنگ چشمان تنگ ظرف تازہ نیست سابقان ایں میدان در بلارع من سنف قد استہدف" مبتلا بودند و دانند و ہ بخاک بردند سخنور۔ وشن ضمیر کمال الدین محمد بن نصیر مرثیے بریں جراحت مے نہد قطعہ۔

چوں صاحب سخن زندہ باشد سخن　　بہ نزد ہمہ کس ایکانی بود
یکے را بود طعنہ بر لفظ او　　یکے را سخن در معانی بود
چو صاحب سخن مردہ باشد سخن　　بہ از گوہر نغز کانی بود
زہے حالت خوب اہل سخن　　کہ مرگش بہ از زندگانی بود

ملا عرفی شیرازی دادیں معنی میدہد:

افسوس چہ سود کہ بعد از وفات من گویند　　کہ بودہ است فلاں دام استاد

اگر در توصیف بعضے شعرا جہت عنایت نام و تخلص وے مبالغہ رفتہ یا در تعریف بعضے بواسطہ عدم علم بہ احوال و قائلہ رو دادہ محل واقع نباشد چہ در آں طبع تو آموز نقد قابلیت را بر محک امتحان می زند و دریں دست اعتذار "لا علم لنا الا ما علمتنا" قرار می کند ہیچ وجہ انبات و انکار را در آں مدخلے نیست، و در تصحیح اشعار دفتر قدیم آں تحت احوال ناظمانش اہتمام عظیم بکار بردم و لیکن اتفاق تطبیق از دواوین شان نیفتاد اگر شعر یکے در شعر دیگرے مذکور شود تصور ناقل است۔ نہ تقصیر مؤلف۔

حسب ذیل اشعار کسی نہ کسی سبب سے درج نہ ہو سکے حاشیے کے ہندسوں سے یہ معلوم ہوگا کہ کن شعرا کے اشعار ہیں۔

خوب تیری شکل کر سکتا نہیں تصویر میں　　مد تمیں گزریں مسافر کھینچتا ہے انتظار ۲
رہتے ہیں دل میں مصرع دلچسپ کیطرح　　گھر بار ہو ہے سرو قدوں کا ہمارا بیت
کچھ ان دنوں مرا دل سخت بے آرام رہتا ہے　　اس حالت میں لے کر نام تیرا شام رہتا ہے ۳
گالیاں دو دیں سو دیں بس دے چکے　　سن چکے ہم جب تمہارا مدعا رہتا ۱۶
یارو وہ صنم کیوں کے کرے کام کسی کا　　رام اس کا خدا ہے وہ نہیں رام کسی کا ۴
دل بھرے اپنے کو کس طرح سے کیجے خال　　اس کی غیرت نے نہ دی نصف آبگینے

راتوں کو اس کے کوچے میں جاتا تو ہوں ولے ۔۔۔ دھڑکے ہے دل مرا کہ نہ بیدار ہو کوئی کے

میں کہا شب خوب آئے بولا تو گھر میں تھا ۔۔۔ ایک تو وعدہ خلافی دوسرے الزام بھی

جب میں نے کہا میری طرف تو دیکھو ۔۔۔ دیتا ہوں اگر نہ ہی کو دیکھو دیکھو

جھنجلا کے اٹھا وہ کہنے ایں کیا معقول ۔۔۔ خوبی خلط کی واہ منہ تو دیکھو

۲۱ منہ دیکھو اپنا سیکھو ابھی رسم چاہ کی ۔۔۔ باتیں بنا بنا کے کرو ہو نباہ کی

۲۲ کیا بے تیری آنکھوں نے نہ کچھ مجھ پر ستم ڈھالی ۔۔۔ ہوئے ہیں جان سے نرگس کے قالب یکقلم خالی

۲۳ بزم میں اس کی نہ ہنستے ہیں نہ رو سکتے ہیں ۔۔۔ چپکے بیٹھے ہوئے ہر ایک کا منہ تکتے ہیں

پھر ہجر ہے وہی اور وہی دن پہاڑ سا ۔۔۔ وصل عنم تو رات کو اک خواب ہو گیا

دل کو تجھ عشق میں قرار نہیں ۔۔۔ اب تلک تجھ کو اعتبار نہیں

سدا بیدار رہ غفلت سے تو ترس ۔۔۔ مثل مشہور ہے سویا سو چور کا

میں تو لکھا تھا اس کو خط بیرنگ ۔۔۔ اس تغافل شعار نے نہ پڑھا

۲۴ قفس کے در کو وا لے بلبل اب صیاد کرتا ہے ۔۔۔ خدا جانے کہ ذبح یا آزاد کرتا ہے

۲۸ تری زلفوں نے کے پیچ سلجھا ۔۔۔ دل بے کل کو راتوں رات لے گئے

۴۲ اپنے مذہب میں ہے اک شرط طریق اخلاص ۔۔۔ کچھ غرض کفر سے رکھتے ہیں نہ اسلام سے کام

۴۷ مری لوح تربت پہ یارو لکھدانا ۔۔۔ کسی سنگ دل سے نہ کوئی دل لگانا

بیخود جو ہوا آتا تو دیکھ کے میخانہ ۔۔۔ حیراں ہوں میں کیوں کر کہے ہو گیا تو پیمانہ

زنجیر کے کرنے سے کرتا ہے جنوں دونا ۔۔۔ دیکھا نہیں اے درآت تجھ سا کوئی دیوانہ

۵۰ ایک دن ہاتھ لگایا تھا تری دامان کو ۔۔۔ آج تک سر ہے خجالت سے گریباں کے بیچ

ہائے بیداد سے ملا کیوں تھا ۔۔۔ آگے آیا ترا کیا تیرے

کوئی سنتا نہیں ہے داد بیداد ۔۔۔ کوئی سنتا نہیں فریاد فریاد

۶۲ میں پا بتا ہوں عشق چھپاؤں پہ کیا کروں ۔۔۔ رسوا کرے ہے خلق میں چشم تر مجھے

۶۸ دل میں سو بات تھی پر اس نے جو پوچھا احوال ۔۔۔ مجھ سے تب درد دل اظہار ہوا کچھ نہ ہوا

کس کا ہے جگر جس پہ یہ بیداد کرو گے ۔۔۔ لو دل تمہیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کرو گے

وہ دن گئے کہ گلشن تھا بود و باش اپنا — اب تو قفس میں ہو لے نقشہ بھی گلستاں کا

چھوٹا نہ واں تغافل اس اپنے مہرباں کا — اور کام کر چکا یاں یہ اضطراب جاں کا

کام کیا زور ہی جہاں نے — شیخ کی ڈاڑھی کو قصر کر گیا

پتھر پڑے سر اور سر پر پتھر — رہتا ہے یہ کاروبار تجھ بن

تار طنبور و نے و بین و صدائے مطرب — ہر زباں میں ہے صنم تیرا ہی مذکور سدا

جان سے ہو گئے بدن خالی — جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

کہسار میں جاگرا ہے ناحق کے تئیں — پرویز سے آبھڑا ہے ناحق کے تئیں

کوئی کر پہاڑ سے لیتا ہے — فرہاد کا سر پھرا ہے ناحق کے تئیں

ہے غم سے رقیبوں کے مرا دل ناشاد — اس دھڑکے سے بلاتے ہیں ہمہ عیش باد

پرویز کے شیشہ خانۂ عشرت پر — سنگ آیا ایک سخت آیا فسوس باد

دل میں ہر ایک (کے) سودائے خریداری کا — یوسف مصر مگر تو ہی ہے اے جان عزیز

وہ لوگ کہاں جو یار باشی کیجیے — وہ وقت کہاں جو خوش معاشی کیجیے

ایک گوشے میں بیٹھ کر دوانے تنہا — اب ناخن غم سے دل خراشی کیجیے

درد دل اور دوا سے تیری افزود ہوا — بس طبیب اٹھ مری بالیں سے یہ سود ہوا

جب سے آیا ہوں میں دنیا میں یہی سنتا ہوں — آج یہ نیست ہوا آج یہ نابود ہوا

شب جو اس ماہ سے روشن مری آغوش ہوئی — شمع یاں تک ہوئی شرمندہ کہ خاموش ہوئی

در پہ ترے آہ پھر چلے ہم — جو ہم سے ہوا سو کر چلے ہم

بس یار یہ کب تلک تغافل — ٹک دیر ادھر کو مر چلے ہم

دل کھو کے ہنسی ہنسی میں پیارے — گھر سے ترے چشم تر چلے ہم

کیا ہو گئے وہ تپاک ظالم — برہم نہ ہوا اس قدر چلے ہم

الفت نے گلی سے اس کی راسخ — جانے نہ دیا جدھر چلے ہم

بن تیرے کس کو نیند آتی ہے — روتی ہی روتے رات جاتی ہے

غیر بھی گالیاں ہمیں دیویں — تجھ کو یہ بات کیوں کے بھاتی ہے

کیا کہیں ہم تری جدائی اب
جو مصیبت ہمیں دکھاتی ہے

چھپتا ہے کوئی آہ یہ آزار محبت
کس کس کو کہوں میں نہیں بیمار محبت

بیزار نہ ہو مجھ سے مرا جرم نہیں کچھ
ہو دید تو باعث اظہار محبت

مرا داغ دل رشک باغ ارم ہے
تماشا گہ خلق یہ چشم نم ہے

کسے دل دیا ہم نے بیہودہ جس میں
نہ مہر و وفا ہے نہ لطف و کرم ہے

نہ رکھو مرے سر پہ تم ہاتھ جاؤ
سمجھتا ہوں میں بھی جو کچھ تم پہ ہم ہے

نہیں جام جم کی ہوس دل میں سنگ
مری چشم تر ہی مجھے جام جم ہے

دمبدم دل کو اضطرابی ہے
بن تری آہ یہ خرابی ہے

کیوں نہ ہوئے کباب دل اپنا
غیر ہے، تو ہے اور گلابی ہے

دور میں چشم مست کے تیری
جس کو دیکھے ہیں ہم شرابی ہے

بیفائدہ ہے ہر دم میرے تئیں سمجھانا
وحشت زدہ ہوں صبح میں اور یہ ویرانہ

کیا کیا کہیں اس کو اگر کچھ بھی کہا جائے
اپنی تو یہ صورت ہے منہ دیکھ کے رہ جانا

سرگزشت چشم نم کس سے کہیں
کون سنتا ہے یہ غم کس سے کہیں

چھوڑ ہم کو غیر سے تو جا ملے
کیا ستم ہے یہ ستم کس سے کہیں

اضطرابی کوئی جاتی ہے دل ناکام سے
یہ تو رہنے کا نہیں زیر زمیں آرام سے

دیکھ تک تو آئینے میں منہ پہ خط بھی آچکا
ننگ ہے ظالم تجھے اب تک ہمارے نام سے

غنچہ و گل کیوں گریباں چاک رکھتا ہے صبا
کس کے غم میں صبح تک رقت ہے شبنم شام سے

یا الٰہی کب ملے گا یار وہ یادش بخیر
دن ہمارا کب پھرے گا گردش ایام سے

بہار (ص ۱۸)

وہی یک ریسماں ہے جسکو ہم تم تار کہتے ہیں
کہیں تسبیح کا رشتہ، کہیں زنار کہتے ہیں

اگر جلوہ نہیں ہے کفر کا اسلام میں ظاہر
سلیمانی کے خط کو دیکھ کیوں زنار کہتے ہیں

دیکھ کر کیوں کر نہ ہووے دل رقیبوں کا کباب
کس ادا سے تی صنم دیتا ہے، ساغر، واہ رے

سبھی کرتے ہیں دعویٰ خوں کا قسمت ہے تو دیکھینگے
صف محشر میں کس کا ہاتھ دامن ہوگا قاتل کا

کرے وہ سلطنت، یہ عشق میں شیریں کے سر دیوے
تکلف برطرف خسرو کو کیا فرہاد سے نسبت

تڑپتا ہے پڑا جیوں نیم بسمل خاک و خوں میں دل
عقوبت ہے جو کچھ اس صید پر، صیاد کیا جانے

جو کچھ جا کر گلستاں میں کیا ہے کیوں چھپاتے ہو
عیاں ہے آستیں کی چیں سے داغ خوں گل لالا

خوش سخن کا حرف، دل کو لاتا ہے کیا حال ہے
یہ غلط کہتے ہیں، کچھ لذت نہیں ہے قال میں

منظور سیر لالہ جو ہو اس بہار میں
پھولا ہے خوب، دیکھ دل داغدار میں

بے رنگ (ص ۱۸)

یار کا جب خیال آتا ہے
ہوش میرا تمام جاتا ہے

نہیں مطلب مجھے کچھ باغباں اور
دوا ہوں میں گل رنگ و بو کا

بے ہاتھ تراخوں سے عاشق کے گر آلودہ
مہندی سے سیمن مت کر بار دگر آلودہ

مفلس کی خبر کب ہے اے سیم بدن تجھ کو
افشاں سے ترا ماتھا رہتا ہے زر آلودہ

فرہاد کو محنت کی تلخی نہ کسو ہوتی
شیریں کا جو یک بوسہ ملتا شکر آلودہ

پیام (ص ۱۹)

بات منصور کی فضولی ہے
ورنہ عاشق سے کو آہ سولی ہے

بسمل (ص ۲۱)

لہو پی رہ گیا بسمل وگرنہ ملاتا اپنے تئیں وہ خاک و خوں میں

بیان (ص ۱۹)

وہ بھی کیا دن تھے کہ ہر آغوش ہم سے یار تھا — در کے باہر مدعی جیوں صورت دیوار تھا
اس تجاہل پر پڑا میں یہ بہتا ہوں گو رہیں — وہ کہ جس کی چشم کا میں عمر بھر بیمار تھا
دیکھ کر تابوت کو بیمار داروں سے مرے — پوچھنے لاگا کہ اس مردے کو کیا آزار تھا

کوئی کسی کا بتاں آشنا نہیں دیکھا — سوائے اس کے ان آنکھوں نے کیا نہیں دیکھا
یہ لوگ منع جو کرتے ہیں عشق سے مجھ کو — انھوں نے یار کو دیکھا بھی یا نہیں دیکھا

ہمارا ضعف بعبارت ہے مانع دیدار — وگرنہ سامنے آنکھوں کے یار ہے موجود

قمار عشق کی بازی ہی کچھ دنیا سے باہر ہے — اسے کہتے ہیں جیتا جو کوئی یاں نقد جاں ہارے

جادو تھی کہ سحر تھی بلا تھی — ظالم یہ تری نگاہ کیا تھی

مت آئیو اے وعدہ فراموش تو اب بھی — جس طرح کٹا روز گذر جائیگی شب بھی

یار و تمہاری دوستی سے یہ بعید ہے — میں یار سے بعید ہوں کیسی یہ عید ہے
جا کہو کوئے یار میں کوئی — مر گیا انتظار میں کوئی
وہ بھی کیا رات تھی کہ سوتا تھا — سر رکھے اس کنار میں کوئی
کیوں بیاں بہر باغ کی نسبت — نہیں دیتا بہار میں کوئی

یار نے جب سے اٹھایا اپنے چہرے سے نقاب — طعن کرنے سے مرے آتا ہے ناصح کو حجاب
کل تو آویگا ہی آخر غرۂ ماہ صیام — آج تو پی لیجیے من مانتی ساقی شراب

اس قدر تو ہے بھرو سایہ کو اپنی آہ پر — گنبد فلک لیجیے اٹھا یک نالہ جان کاہ پر

جھگڑتے تجھ سے تو پیارے حجاب آتا ہے — وگرنہ بات کا تیری جواب آتا ہے

جو نہ ہو اس شمع رو کے عشق کا سینے میں داغ — کون مجھ بے کس کی تربت پر کرے روشن چراغ

کب تلک اس کی شکایت ہو نہ لب آشنا — ایک بے گانہ ہے مجھ سا اور سب سے آشنا
غیر کے کہنے پہ مت بیگانہ ہو یکبارگی — دیکھو تو اے شوخ میں تیرا ہوں کب سے آشنا

کیوں آج سناتا نہیں سینے میں خوشی سے — پہنچا ہے مگر دل تجھے پیغام کسی کا

قفس میں ہیں رہائی کیلیے کیا کیا نہیں کرتا — پھڑکتا ہوں، تڑپتا ہوں، کوئی پروا نہیں کرتا

میں لبکہ خاک میں ترے کوچہ کی مل گیا — تسپر بھی تیرے دل میں ہے مجھ سے غبار میف

ہوئی آہ اب اس قدر نارسا — کہ سینے سے آتی نہیں لب تلک

بیکل (ص ۲۰)

سرو کو رتبہ ترے آگے نہیں اے سبز پوش — اے کہ تجھ بازار خوبی کا ہے، وہ سبزی فروش

بنیاد (ص ۲۰)

محبت کی بھی کچھ ہوتی ہیں کیا اے ہمنشیں! اہیں — کہ خوباں یوں ہمیں دکھ دیں ہم ان کو اسطرح چاہیں

جی میں ہے اس کی بات میں، اب پھر نہ بولیے — لیکن کسی طرح جو یہ کافر زباں رہے

رباعی:

یاں آکے ہم اپنے مدعا کو بھولے — مل مل غیروں سے آشنا کو بھولے

دنیا کی تلاش میں گنوائی سب عمر — اس مس کی طلب میں کیمیا کو بھولے

تاباں (ص ۲۳)

ہے سوز عشق یاں تئیں، مجھ میں کہ بعد مرگ — پروانہ، مرغ روح ہو شمع مزار کا

مرا بس ہو تو ہرگز خط نہ آنے دوں ترے لیکن — لکھا قسمت کا کوئی بھی مٹا سکتا ہے کیا قدرت

لے میری خبر چشم میرے یار کی کیوں کر — بیمار عیادت کرے، بیمار کی کیوں کر

خزاں تک تو رہنے دے صیاد ہم کو — کہاں پھر چمن اور کہاں آشیانا

ساقی ہو اور چمن ہو، مینا ہو اور ہم ہوں — باراں ہو اور وہ ہو، سبزہ ہو اور ہم ہوں

مری گور پر لوگ رکھتے ہیں گل کو — تری دلربائی کی غیرت کہاں ہے

بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی — مجھے بات کہنے کی طاقت کہاں ہے

جفا تو چاہیے اے شوخ، مجھ پہ یاں تک کر — کہ سب کہیں مجھے رحمت تری وفا کے تئیں

دیکھنا ان ماہ رویاں کا تو اے تاباں نہ چھوڑ — چاہتا ہے گر ہمیشہ نور بینائی کے تئیں

کاٹے ہیں بتاں تاباں، جیوں شمع زباں میری — یاں بات کے کہنے کی ہوتی ہے گنہگاری

گلی میں مجھ کو روتا دیکھ، مجھ کو وہ لگا کہنے — کہ کچھ حاصل نہیں ہوویگا ساری عمر رو بیٹھا

تو مے پی اس قدر ظالم کہ مجھ کو کیف کم ہووے ——— تیرا بے ہوش ہو جانا ہمارا ہوش کھوتا ہے

بتاں کے شہر پرساں میں کب کوئی داد کو پہنچے ——— مگر واں اپنے بندوں کی، خدا، فریاد کو پہنچے

قیامت مجھ پہ کل کی رات اس کے ہجر میں آئی ——— نہ آیا یار میرا آج بھی، وہ رات پھر آئی

ثابت (ص ۳۰)

یہ سچ کہو کہ کیا کن نے بدگماں تم کو ——— غبار میری طرف سے ہے اے بتاں تم کو

ہم اپنے جانتے، سو اس سے عرض کر لیتے ——— ہمارا حال نہ کہنا تھا، دوستاں تم کو

ثاقب (ص ۳۱)

ثاقب کی نعش اوپر قاتل نے آ کے پوچھا ——— یہ کون مر گیا ہے کس کا ہے یہ جنازہ

جوشش (ص ۳۲)

عاشق کو کب ہے جلوۂ معشوق کی طلب ——— مہتاب کو دیکھے نہیں مقدور کتاں کا

اس گلشن ہستی سے نکل راہ عدم لے ——— بے رنگ نظر آوے ہے کچھ رنگ یہاں کا

ہمچشم کیوں کہوں میں اے لالہ راز کا ——— عالم ہی کچھ جدا ہے دل داغدار کا

دمبدم آلودہ رہنا خوں سے عشاق کے ——— جوہر ذاتی ہے یہ جوہر تری شمشیر کا

اتنا تو کچھ گناہ نہ آیا ظہور میں ——— کیا بات ہو گئی کہ وہ بیزار ہو گیا

نہ چھوڑ نزع میں جوشش کو، جلد ہو، اے مرگ ——— مریض عشق کوئی دم، جیا جیا نہ جیا

تعلقات جہاں سے خبر نہیں رکھتا ——— ہزار شکر کہ میں دردسر نہیں رکھتا

اس ادا کا ہوں تیری دیوانا ——— دیکھنا مجھ کو اور چھپ جانا

نہ کام باغ سے ہے نہ بہار سے مطلب ——— رکھوں ہوں اپنے دل داغدار سے مطلب

درخت خشک ہوں میں باغ دہر میں جوشش ——— غرض نہ برگ سے مجھ کو نہ بار سے مطلب

اگر ایک دم تو ہم آغوش ہو ——— تو عیش دو عالم فراموش ہو

طلال دہر کب روشن دلاں خاطر میں لاتے ہیں ——— نہیں ممکن کہ خاکستر سے آئینہ مکدر ہو

اے رفوگر تو رفو کر کے پشیماں نہ ہو ——— یہ تو ہے چاک جگر چاک گریباں نہ ہو

کثرت داغ اس قدر سینے میں ہے ——— دل کے بھی رہنے کو جوشش جا نہیں

توانائی جدا کرتی ہے اب آغوش سے مجھ کو
گرامت دیکھیو اے ناتوانی دوش سے مجھ کو

دل میں ہے لب، قرب میں آئینہ سا پیدا کروں
وہ مجھے دیکھا کرے اور اس کو میں دیکھا کروں

جیوں آئینہ یہ ستم رسیدہ
رہتا ہے مدام آب دیدہ

فصاد ڈھونڈتا ہے لہو اب کہاں تلک
نشتر پہنچ چکا ہے مرے استخواں تلک

پرستاروں میں تجھ لب کی نہ ہوئے گفتگو کیونکر
نہیں ممکن کہ بن بولے رہیں میخوار آپس میں

جفا و جور کے مشتاق ہیں ہم تجھ پہ مرتے ہیں
ڈراتا کیا ہے ہم کو، ہم کوئی مرنے سے ڈرتے ہیں

ایک عالم کی جاں خراش ہے یہ
آہ ہے یا قلم تراش ہے یہ

سوے حرم یا طرف میکدہ
الغرض اے شیخ جدھر جائیے
دونوں جگہ جلوہ گہ یار ہے
خواہ ادھر، خواہ ادھر جائیے

کہنا نہ کسی کا دل میں لایا جوشش
ان سنگدلوں سے دل لگایا جوشش
نہ کہنے میں دل ہے لب، نہ ملتے ہیں بتاں
جیسا میں کیا تھا ویسا پایا جوشش

جرأت (ص ۳۲)

کیا سحر کیا ہے یار دل کو
تجھ بن نہیں جو قرار دل کو
آنے کی خبر ہے اس کے لیکن
آتا نہیں اعتبار دل کو
تب زخم تو اس کے بھرنے پاویں
جب صبر ہو اس نگار دل کو

نالہ و آہ و فغاں تیرا ہی دم بھرتے ہیں
آپ کا جان کے سب مجھ پہ کرم کرتے ہیں

اے ستم ایجاد، کب تک یہ ستم دیکھا کریں
تو کرے غیروں سے باتیں اور ہم دیکھا کریں

ہم کچھ، اسیر ہوتے ہی خاموش ہو گئے
سب چہچہے چمن کے فراموش ہو گئے

چین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا
دن گیا، رات ہوئی، رات گئی دن آیا

کیوں نہ کرتا ہے جو کچھ ٹھانی ہے دل میں تو نے
دل میں سب میرے عیاں ہے تجھے معلوم نہیں

حاتم (ص ۳۲)

آزاد کو بھلا ہے رہنا جہاں میں ننگا
ہیگا لباسوں میں جن نے لباس ننگا

حاتم بیکس کا تجھ بن کون ہے
کون ہوگا جو نہ ہوگا تو مرا

لیا اس گلبدن کا ہم نے بوسہ — تو کیا ہو ہا رقیبوں نے مارا

حزیں (ص ۳۳)

ویراں ہو اخزاں سے یہاں تک چمن کہ ہم — چاہیں جو جل مریں تو کہیں خار و خس نہیں

بہار آئی ہے جب سے یاد کر کے گلستاں اپنا — قفس میں، ہائے، بلبل کس طرح جیتی ہے جاں اپنا

یہ آہو رام تھے مجنوں کے سب لیلیٰ کی خاطر سے — وگرنہ ان پری زادوں کو دیوانے سے کیا نسبت

کریں کیوں کر نہ ہم مجنوں کا ماتم — کہاں ملتے ہیں اپنے فن کے استاد

حشمت (ص ۳۳-۳۴)

جب آخزاں چمن میں ہوئی آشنائے گل — تب عندلیب رو کے پکاری کہ ہائے گل

حسن (ص ۳۴)

ہم نے ایسی ہی تو کچھ چوری نہ کی تھی آپ کی — بے سبب جو آپ اب ادھر کے آنے سے رہے

آہ کس کس بے وفائی کا میاں کیجے شمار — اور تو سب اک طرف نہ بھی دکھانے سے رہے

حیراں (ص ۳۴)

ہوا ہے اب تو نئے دوستوں سے ربط دل — تمہیں اب آنے کی فرصت ہمارے پاس کہاں

کٹے شب کس توقع پر ہماری جان سے حیراں — اب آیا دم میں آیا دن تو ان باتوں میں کتنا ہے

حسرت (ص ۳۵)

تم جو کہتے ہو کہ دو حسرت کو — آہ و فریادیاں کیا نہ کرے

آپکا اس میں کیا بگڑتا ہے — درد دل کی کوئی دوا نہ کرے

دل میں سو بات تھی، پر اس نے جو پوچھا احوال — مجھ سے تی درد دل اظہار ہوا کچھ نہ ہوا

حسن (ص ۳۶)

چھوٹا نہ واں تغافل اس اپنے مہرباں کا — اور کام کر چکا یاں یہ اضطراب جاں کا

کہا میں کہ بھرتا ہوں دم آپ کا — لگا کہنے صاحب کرم آپ کا

صیاد کی مرضی ہے کہ اب گل کی ہوس میں — نالے نہ کریں مرغ گرفتار قفس میں

رہنے نہ دیگا اس بن، یہ دل تو ایک دم بھی — کیوں اوٹھ کر ہم اپنا کھو دیں عبث بھرم بھی

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو — کیا غضب کرتے ہو ادھر دیکھو

دیکھنا زلف و رخ تمہیں ہر وقت　　شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو
پہنچے نہ کبھی منزل مقصود کو ہم اور　　آخر ہوئے سب زیست کے ایام سفر میں

حسرت (ص ۳۷)

بحق آں علی زین عباد　　قدوۂ سالکان راہ رشاد
نامۂ زشتی عمل در پیش　　نمک زخمہائے سینہ ریش
یہ آنکھیں نہ بھتیاں ہماری　　تن رہتی ہیں شکبار تجوبن

حسرت (ص ۴۳)

زلف و رخ یار دیکھتا ہوں　　کیا لیل و نہار دیکھتا ہوں

خاکسار (ص ۴۵)

تیری زلف سیہ سے اے پیارے　　مجھ کو یک سر ہزار سودا ہے
تیغ قاتل سے ہوئے محروم بے تقصیر ہم　　روز محشر سے اٹھیں گے گور سے دلگیر ہم
خاکسار عاشق میخوار کو تقوٰی سے کیا　　ابھی دیکھا تھا میں اس رند کو میخانے میں
قیامت بھی ہوگی تو میری بلا سے　　مجھے داد خواہی کی طاقت کہاں ہے
عشوہ و ناز کو ترے پیارے　　یہ ترا خاکسار جانے ہے
شانہ آہستہ کیجیو ہمدم　　تار اس زلف کا رگ جاں ہے

درد (ص ۴۶)

اکسیر پر ہوش اتنا نہ ناز کرنا　　ہے کیمیا سے بہتر دل کا گداز کرنا
جگ میں آکر ادھر ادھر دیکھا　　تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا
نالہ، فریاد آہ، اور زاری　　آپ سے ہو سکا جو کر دیکھا
ان لبوں نے نہ کی مسیحائی　　ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا
دیکھیے اب کے غم سے جی میرا　　نہ بچیگا، بچیگا، کیا ہوگا
دل کے پھر زخم تازہ ہوتے ہیں　　کہیں غنچہ کوئی کھلا ہوگا
دل بھی اے درد قطرۂ خوں تھا　　آنسوؤں میں کہیں گرا ہوگا
عاشق بے دل و زباں تک تو جی سے سیر تھا　　زندگی کا اس کو جو غم تھا دم شمشیر تھا

درد اپنے حال سے تجھے آگاہ کیا کرے
جو سانس بھی نہ لے سکے آہ کیا کرے

اگر یونہی یہ دل ستاتا رہے گا
تو یک دن مرا جی ہی جاتا رہے گا

میں جاتا ہوں دل کو تیرے پاس چھوڑے
مری یاد تجھ کو دلاتا رہے گا

خفا ہو کے اے درد مر تو چلا تو
کہاں تک غم اپنا چھپاتا رہے گا

اے درد یہ درد ہی سے کھونا معلوم
جیوں لالہ یہ داغ دل سے دھونا معلوم

گلزار جہاں ہزار پھولے، لیکن
میرے دل کا شگفتہ ہونا معلوم

تو اپنے دل سے غیر کی الفت نہ کھو سکا
میں چاہوں اور کو تو یہ مجھ سے نہ ہو سکا

گو نالہ نارسا ہو، نہ ہو آہ میں اثر
میں نے تو درگذر نہ کی، جو مجھ سے ہو سکا

مژگان تر ہوں یا رگ تاک بریدہ ہوں
جو کچھ کہ ہوں، سو ہوں، غرض آفت رسیدہ ہوں

فرصت زندگی بہت کم ہے
مغتنم ہے یہ دید، جو دم ہے

دین دنیا میں تو ہی ظاہر ہے
دونوں عالم کا ایک عالم ہے

اپنے نزدیک باغ میں بجز این
جو شجر ہے، سو نخل ماتم ہے

درد کا حال کچھ نہ پوچھو تم
وہی رونا ہے، نت وہی غم ہے

روند سے ہے نقش پا کی طرح خلق یاں مجھے
اے عمر رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے

دل دے چکا ہوں اس بت کافر کے ہاتھ میں
اب میرے حق میں دیکھیے اللہ کیا کرے

دانا (ص ۴۹)

بہر صورت خدا کو دیکھنا عنوان ہے میرا
یہی توحید میں مصرع سر دیوان ہے میرا

نہ چاٹے خون کو جس روز، میرا، اس کو فاقہ ہے
رگ گردن سے میری اس کے خنجر کو علاقہ ہے

دیوانہ (ص ۴۹)

وے لوگ کہاں جو یار باشی کیجے
وے وقت کہاں جو خوش معاشی کیجے

اک گوشہ میں بیٹھ کر دوانے تنہا
اب نافن غم سے دلخراشی کیجے

راسخ (ص ۵۲)

ہوں ہم آغوش، تجھ سے سب کوئی
کس طرح دیکھے یہ غضب کوئی

اس ستم گر کے سامنے جا کر — حال میرا کہے ہے جب کوئی
ہو کے برہم بہت وہ کہتا ہے — ذکر اس کا کرے تو اب کوئی
حیف راسخ کی تو نہ سمجھا قدر — تھا تری جان وہ عجب کوئی

سر کو رکھ، نقش قدم پر ترے مر جاؤں گا — مرتے مرتے بھی غرض ایسے ہی کر جاؤں گا
بعد مدت جو ملے ہو بسر رہ، نک ٹھہرو — تم ادھر جاؤ گے آخر، میں ادھر جاؤں گا
ہم رہاں چھوڑ گئے، مجھ کو اکیلا آخر — کس خرابی میں پڑا اب میں کدھر جاؤں گا
دیکھوں میں کب تئیں رہتا ہے تو گھر میں ظالم — آج تو دیکھ ہی کر، تجھ کو، میں گھر جاؤں گا

غم سوا عاشق کی تیرے کون غم خواری کرے — کون اس کے پاس آوے کون دلداری کرے
نے توقع وصل کی، ظالم، نہ امید وفا — کس بھروسے پر کوئی یہ ناز برداری کرے
دل وہ تیرا لے گیا راسخ بہت بہتر ہوا — ہے یہی اس کی سزا جو ایسے سے یاری کرے

اب تک تجھے راسخ سے وہی بے خبری ہے — جا دیکھ شتابی، وہ چراغ سحری ہے
گلگیر کی مانند کروں چاک، میں کیوں کر — یارب میرے سینے میں یہ کیا آگ بھری ہے

جیوں شمع تری بزم میں ہم سر کٹا چلے — جو ہم سے ہو سکا سو تجھے ہم دکھا چلے
منظور گر یہی ہے ترے پاس ہم نہ ہوں — تابع تری خوشی کے ہیں، لے بے وفا چلے
کیوں ہم سے تم اڑو ہو میاں کچھ کہ تو تھا — راسخ سے راہ میں، جو کل آنکھیں چرا چلے

شیخ خدا کے واسطے مان یہ اب مرا کہا — کعبہ کو جا نہ جا، ولے دل میں کسی کے راہ کر
راسخ دل فگار کی، یار خبر شتاب لے — تیرے فراق میں وہ شب کاٹے ہے آہ آہ کر

جس طرح سے آئے تھے اسی طرح چلے ہم — اس باغ میں جیوں ہرزہ نہ پھولے نہ پھلے ہم

غلط ہے، مرا کون غم خوار ہے — یہ دل بھی اسی کا طرف دار ہے
مجھے کیا، جلا دل کو، گھر ہے ترا — خوشی تیری تو جان منظور ہے

راقم (ص ۵۲)

یاں تک قبول خاطر کیجے تری جفا کو — تا سب کہیں کہ راقم رحمت تری وفا کو

میرے اعضا میں تجھ کمر سے میاں — فرق ہرگز نہیں سر مو کا

ابر ترے چشم گریاں کم نہیں — موج دریا ہے، شکنج آستیں

لے باغباں نہیں ترے گلشن سے کچھ غرض — مجھ کو قسم ہے، توڑوں اگر برگ و بر کہیں

اتنا ہی چاہتا ہوں کہ میں اور عندلیب — ایسے میں درد دل کہیں نکہ بیٹھ کر کہیں

کس کے گلے کا قطرۂ خوں ہے زمین پر — جیوں تکمہ لگتے ہیں گل اودنگ اب تلک

پہنچا نہ آہ درد کو میرے کوئی طبیب — یارب عجب طرح کا یہ آزار ہے مجھے

بیچوں ہوں میں، اس پاس، یہ دل، نیم نگہ کو — اس پر بھی ستر ہو کہ خریدار نہ ہووے

کہتا تھا کون یہ کہ ہے، خوبی جہاں کے بیچ — اس بات کا تو یاں کوئی مذکور ہی نہیں

رنگین (ص ۵۳)

ایک موزلف کا رنگیں کو نشانی بھیجا — بعد مدت کے کیا یاد صنم نے ہمارے

رسوا (ص ۵۳)

وصل میں بے خود ہے اور ہجر میں بیتاب ہے — اس دوانے دل کو یارب کس طرح سمجھائیے

وہ کون سی زمیں ہے جو اشکوں سے نم نہیں — رسوا بھی اس زمانے میں، مجنوں سے کم نہیں

رند (ص ۵۳)

سینے سے داغ عشق مٹایا نہ جائے گا — ہم سے تو یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

روشن (ص ۵۴)

رسما اٹھ بہار میں آیا — کیا ہی کافر بہار میں بدلا

جی میں یہ تھا کہ جان کیجے نثار — ایکدم بھی وہ بے وفا نہ رہا

شکوۂ ظلم بھی دل سے اٹھا لے روشن — جب کہا اس نے کہ میں یار ہوں کن کا ان کا

راغب (ص ۵۴)

مل تھل کے تئیں بھر کے یہاں سارا ڈبایا — آنکھوں سے لگی میرے وہ آنسو کی جھڑی ہے

رضا (ص ۵۵)

سب خلق ہوئی دشمن جاں عشق میں تیرے — افسوس کہ تو پر تو مرا یار نہیں ہے

وعدے پر اپنے دلبر نہیں برقرار یارب — کیوں کر کے میرے دل کو ہووے قرار یارب

رند (ص ۵۶)

خلقت تمام گردش افلاک سے بنی — مالی ہزار رنگ کی اس خاک سے بنی

مجھ سا تھ تری دوستی جب ہوگئی آخر — دنیا کی مرے دل سے طلب ہوگئی آخر

حاصل تو ہوا وصل ہمیں رات پر افسوس — اک پل میں شب عیش وطرب ہوگئی آخر

ذکی (ص ۵۷)

جلا جیوں بھلبھڑی مجھ ناتواں کو — شرر بیز کر ہر استخواں کو

جلا وحدت کی آتش سے دوئی کو — کر بس ہے ایک چنگاری وی کو

مزید نعت۔ مقرر ہے کہ بزاز دوکاں دار — دکھاوے جنس اول آخر کار

اسی سے جان ارفع اس کا پایا — کہ سب پیغمبروں کے بعد آیا

مزید منقبت۔ ہوا کعبہ سے نور اس کا نمایاں — کہ جیوں ظلمات سیتی آب حیواں

کیا معراج پر شیراز دھاوا — لیا افلاک پر چڑھ کر چڑھاوا

رسالت کی کرواب سیر گھر کا — بنا ہے زور ایواں پانچ در کا

قضا کے راج کی صنعت گری دیکھ — نبی کی آل کی بارہ دری دیکھ

نبی کے آل اوپر وار جانا — اسی بارہ پلے سے پار جانا

خدا تک پہنچنا کیا ہیگا مشکل — کہ بارہ کوس کی ہے ایک منزل

مزید در صفت معشوق۔ زبس گل برگ لب میں نازکی ہے — کنوری میں پڑے ہے پھول کی مئے

سودا (ص ۵۹)

مقدور نہیں اس کی تجلی کے بیاں کا — جوں شمع سراپا ہوا گر صرف زباں کا

پردے کو تعین کے در دل سے اٹھا دے — کھلتا ہے اسی پل میں طلسم جہاں کا

پھرے ہے شیخ یہ کہتا کہ میں دنیا سے مزہ پایا — الٰہی ان نے اب ڈاڑھی سوا کس چیز کو چھوڑا

اس تیغ تلے کہیو رستم سے کہ سر دھر دے — پیارے یہ ہمیں سے ہو، ہر کارے و ہر مردے

معشوق کی الفت ہی بندہ کرے عاشق کو — کس گل نے خریدا ہے بلبل کے تئیں زر دے

کیوں اسیری پر مری صیاد کو تھا اضطراب — کیا قفس آباد ہوگئے کون سے گلشن خراب

یا تبسم، یا نگہ، یا وعدہ، یا گلہے پیام
کچھ بھی اے خانہ خراب اس دل کے بہلانے کو ہے

جی تک تو دے کر لوں جو تو ہو کارگر کہیں
لے آہ کیا کروں نہیں بکتا اثر کہیں

ہوتی نہیں ہے صبح نہ آتی ہے مجھ کو نیند
جس کو پکارتا ہوں سو کہتا ہے مر کہیں

نہ کھینچ اے شانہ زلفوں کو، یہاں سودا کا دل اٹکا
اسیر ناتواں ہے یہ، نہ دے زنجیر کا جھٹکا

نہ جیا تیری صنم کا مارا
نہ تری زلف کا بندھا چھوٹا

تجھ بن عجب معاش ہے سودا کا ان دنوں
تو جی تک اس کو جا کے ستمگار دیکھنا

نے حرف نے حکایت نے شور و نے سخن
نے سیر باغ و نے گل و گلزار دیکھنا

خاموش اپنے کلبۂ احزاں میں روز و شب
تنہا پڑے ہوئے در و دیوار دیکھنا

یا جا کے اس جگہ کو جہاں تھا ترا گزار
لے صبح تا یہ شام کئی بار دیکھنا

کس کے ہیں زیر زمیں، دیدۂ نمناک ہنوز
جا بجا موت ہے پائی کہ تہ خاک ہنوز

عاشق کی بھی کٹتی ہے کیا خوب طرح راتیں
دو چار گھڑی رونا دو چار گھڑی باتیں

اتنا ستم نہ کیجے، مری جان، جان جاں
یکساں نہیں رہے گا ترا مان، مان مان

گزرا ہے تو چمن سے کہ جلئے ترا نہ آج
کھنچے ہے آہ مرغ گلستان، تمان تمان

دشنام دے کے جائے، وہ جھڑکا کھینچا
چبھتی ہے میرے دل میں وہی آن آن آن

پوچھا کسی نے مارا تو سودا کو کس لیے
بولا مجھے وہ گھورے تھا ہر آن آن آن

صدقے ترے یوں ہوے، مری خاک زمیں پر
جس طرح کلالوں کی پھرے چاک زمیں پر

غیر کے پاس یہ اپنا ہے گماں ہے کہ نہیں
جلوہ گر یار مرا اور نہ کہاں ہے کہ نہیں

دل کے ٹکڑوں کو بغل بیچ لیے پھرتا ہوں
کچھ علاج اس کا بھی اے شیشہ گراں ہے کہ نہیں

اس درد دل سے موت ہو، یا دل کو تاب ہو
قسمت کا جو لکھا ہوا الٰہی شتاب ہو

اس کشمکش کے دام سے کیا کام تھا ہمیں
اے الفت چمن ترا خانہ خراب ہو

روا ہے کہ تو بھلا اے سپہر ناانصاف
ریائے زہد چھپے، راز عشق رسوا ہو

اس چمن کے سیر میں، آ یار پی لیں مل کے مل
کیا بنایا صانع قدرت نے رنگیں گل کے گل

حل مشکل کس سے ہو سودا کی تجھ بن یا علی
کھول دے عقدے مرے مشکل کشا مشکل کے کل

الٰہی ہے سکت نعم البدل کے بھی کو دینے کی ——— مجھے اس کا عوض تو کچھ دے بس پیرے دل کو

گوہر کو جوہری اور صراف زر کو پرکھے ——— ایسا کوئی نہ دیکھا وہ جو بشر کو پرکھے

وہ شخص بار خاطر ہرگز نہ ہو کسی کا ——— جس کا ندیم ہووے اس کی نظر کو پرکھے

نہیں معلوم اس سینے میں کیا جوں شمع جلتا ہے ——— دھواں نوک زباں سے بات کرنے میں نکلتا ہے

مت ہنس مرے رونے پر، آماں میں کہتا ہوں ——— ٹپکے ہے ابھی کوئی قطرہ اشر آلودہ

سودا جہاں میں آکے کوئی کچھ نہ لے گیا ——— جاتا ہوں ایک میں، دل پر آرزو لیے

کہتا ہے بتا گوش تیری زلف کے آگے ——— اب صبح قیامت میں مری شام یہی ہے

زاہد چلا ہے کعبہ کو اور برہمن کنشت ——— بندے ہیں اس کے ہم جو کسی دل میں گھر کرے

جگ میں شراب خوار کی تشہیر کے لیے ——— سودا جو محتسب ہو تو زاہد خبر کرے

یوسف تجھے کہ بیٹھے زلیخا تو کہوں کیا ——— عاشق ہوئی وہ واں کہ جہاں جائے ادب ہے

سراج (ص ۶۲)

رفوگر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے ——— اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آجاوے

پتہ بھی نہیں ہے شرر شوق سے خالی ——— بیتابی نبض رگ خارا کی خبر لو

مجھے مصری سی بیزاریاں ہیں ——— وہ شیریں لب کی باتیں پیاریاں ہیں

نہ پوچھو آسماں پر ہم ستارے ——— ہماری آہ کی چنگاریاں ہیں

غزل خوانی چمن میں بلبلوں کی ——— ہماری تعزیت کی زاریاں ہیں

آہ سوزاں سے مری دامن صحرا میں سراج ——— قبر مجنوں کا چراغاں نہ ہوا تھا سو ہوا

خواب میں بھی دیکھنا اس کا مجھے مشکل ہوا ——— بسکہ رہتا ہوں خیال یار میں بیدار نت

نہیں ہے تاب مجھے تیرے سامنے جانا ——— کہاں سراج، کہاں آفتاب عالمتاب

شکر للہ، ان دنوں تیرا کرم ہونے لگا۔ شیوۂ جور و جفا فی الجملہ کم ہونے لگا

سلام (ص - ۶۳)

بیتابیو، قسم ہے تمھیں میرے صبر کی ——— مسلخ میں بعد ذبح تحمل نہ کیجیو

سوز (ص - ۶۳)

تو نہ جا، یار و رنہ آوے گا ——— گریہ بے اختیار آنکھوں میں

سجاد (س ۶۶)

یار کا جامہ ہمیں ہیگا عزیز ـــــ یوسف اپنا پیرہن ہتہ کر رکھے

کافر بتوں سے داد نہ چاہوں کہ یاں کوئی ـــــ مرجا ستم سے ان کے تو کہتے ہیں حق ہوا

ساقی بغیر جام کا جی کا بچاؤ نہیں ـــــ جیوں فیل مست آوے ہے ابر سیہ پلا

جو دل ہے گلوں سے اٹکتا ہوا ـــــ وہ کانٹا ہے جی میں کھٹکتا ہوا

بتاں تو چاہتے سجاد تجھ کو ـــــ کریں پر کیا خدا نے جو نچایا

اب جلا لے ٹک آن کر ساقی ـــــ عمر کا بھر چکا ہے پیمانہ

سجاد کوئی دیکھے بیتابیاں تو دل کی ـــــ ہے زندگی ہماری یہ موت کا نمونہ

لاہے ہو میرے آگے کیا دوا ـــــ خون دل اپنا پیوں میں یا دوا

دل میں تو خطرہ نہ لا ہرگز طبیب ـــــ دیکھ کر میرے مرض کو لا دوا

میں نے جانا تھا قلم بند کرے گا دو حرف ـــــ شوق کے لکھنے کا سجاد نے دفتر کھولا

تیری شمشیر سے جدا ہو کر ـــــ سر مرا مجھ کو تن نہیں دیتا

قاتل کی تیغ آگے جانے ہیں ہم نہ دھڑکے ـــــ ہرگز ہمارے دل میں سر کا نہیں ہے دھڑکا

شتابی پلا لے کہ جاتا ہے ابر ـــــ جو کچھ باقی ساقی رہی ہو شراب

چین دے ہے نہ چین لے ہے آپ ـــــ دل ہمارا ہوا ہے جی کو پاپ

بند میں مت رہ دوانے عقل کے ـــــ کر گریباں چاک چھاتی کھول کر

جن نے چمن کے بیچ بٹھائے ہیں نونہال ـــــ تعظیم تیری کرتے ہیں سب اٹھ کے سرو قد

کیا جانتا تھا مجھ کو رسوا کریں گے سب میں ـــــ یہ طفل اشک میرے آنکھوں کے بیچ پل کے

تجھ ساتھ رات بسکہ کوئی نہیں رہا شگفتہ ـــــ ہر صبح دم پیالے کہتے ہیں یار کل کے

اس فصل گل میں جوش جنوں کا ہوا ہے قہر ـــــ جنگل میں جا بھرا ہے نکل کر تمام شہر

لخت جگر ہمارا باتوں کے ساتھ کھا کر ـــــ کرتے ہو ہم سے باتیں اب تم چبا چبا کر

جس خوبرو کے دل میں نہ عاشق سے ہو نفاق ـــــ کہتے ہیں سارے اس کے تئیں حسن اتفاق

ایک دل رکھتا ہوں جو چاہے سو لے جاوے اسے ـــــ خواہ زلفیں خواہ ابرو خواہ مژگاں خواہ چشم

اب تو ہم نے کیا گریباں چاک ـــــ تیرے دامن کو کس طرح چھوڑیں
برابر اپنے سمن بندگی کے کاموں میں ـــــ نہیں میں دیکھتا صاحب کوئی غلام تمیں
کس طرح کوہکن پہ گزریں گی ـــــ ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں
ہیں شیشیاں شراب کی پیالے بھری ہوئی ـــــ آنکھیں نشہ کے بیچ تمہاری گلابیاں
جب کہ سے ہے ترے دہن کا بیاں ـــــ منہ سے غنچے کے پھول جھڑتے ہیں
صیت شراب مرا ہوا ہے بلند ـــــ شاعروں کو کہو کہ مسکر کریں
اے صنم زنار پہنی بہ وفا کے واسطے ـــــ ورنہ کوئی کافر نہیں ہوتا خدا کے واسطے
عاشقوں کا سمن لہو پی پی ـــــ دمبدم تیری تیغ اگلے ہے

سعادت (ص ۶۹)

واللہ جو سر لوح ترا نام نہ ہوتا ـــــ ہرگز کسی آغاز کا انجام نہ ہوتا
یار سے جو رقیب لڑتے ہیں ـــــ یہ ہمارے نصیب لڑتے ہیں
اہل زر کے سیم تن ہوتے ہیں رام ـــــ صید ہوں میں جس جگہ دیکھے ہیں دام
پپیہے کی طرح داروکی شیشی ـــــ زبان حال سے کہتی ہے پی پی

سید (ص ۷۰)

خدا کے واسطے صیاد نہ کر اب تو دام اپنا ـــــ کہ گلشن سے لیا ہے، تو نے خاطر خواہ کام اپنا
سوز شب باقی ہے دل میں تس پہ آتی ہے بہار ـــــ دیکھیے کیا کیا شگوفے اب کے لاتی ہے بہار

سلیم (ص ۷۱)

پڑھائے عشق نے جب ہم کو نکتے علم مستی کے ـــــ پریشاں ہو گئے اوراق سب دیوان ہستی کے
سلیم اس بے کس سے بائے زیر خاک جاتا ہوں ـــــ کہ رو دینگے لگا منکر نکیر، آغوش میں مجھ کو

سوزاں (ص ۷۱)

زبسکہ ذکر ترا گرم، سب بیاں میں رہا ـــــ طپش جگر میں رہی اضطراب جاں میں رہا
اگرچہ کعبہ نہ پہنچے تو کیا ہوا اے شیخ ـــــ بتاں تو دل میں رہے اور دل بتاں میں رہا
مت دل لگا بتوں سے کہنے پہ جا کسی کے ـــــ ہرگز ہوئے نہ ہونگے یہ آشنا کسی کے

خوبی ہے کیا ستم گر اس ہفتہ دو تی میں
اپنا کسی کو کیجے، ہو بیے یا کسی کے

شوق (ص ۷۲)

دکھا دیدار اے پیارے، کہ میں فرقت سے مر گزرا
مری فردائے محشر آج ہے، میں کل سے در گزرا

ماتم میں میرے کوئی نہ رویا تو غم نہیں
تربت پہ میری شمع کا ہنسنا بھی کم نہیں

کیا کیا ستم نہیں جو کیے چشم یار نے
جو سختیاں تھیں مجھ کو زمانہ دکھا چکا

مدت سے یہ بحث درمیاں ہے
پر علم نہیں کمر کہاں ہے

آج ہی ملے تو بہتر وعدہ غلط ہے کل کا
جیوں مفلس اشک میں تو مہماں ہوں کوئی پل کا

شاعر (ص ۷۳)

خبر یارب ہمیں اصلاً نہیں ہے
کہ پیدائش میں دل ہے یا نہیں ہے

گریباں پھاڑ کر کیدھر نکل جاویں ہم اے وحشت
ہوئی ہے زندگی ناحق گلے کا ہار، کیا کیجے

شاداں (ص ۷۳)

دیکھ اس کے مزہ پر لف سیہ فام کے تئیں
کیا زیب دی ہے کفر نے اسلام کے تئیں

بس ہو چکی شفا ترے بیمار کے تئیں
اے کاش موت ہو ترے بیمار کے تئیں

شرف (ص ۷۴)

صاف دل کا مرتبہ ہے عرش و کرسی سے بلند
جلوہ گر ہے آسماں زیر زمیں آئینہ

ضعت (ص ۷۶)

غمزے سے مارتا ہے جلاتا ہے ناز سے
کیا ملک حسن کا صنما، تو خدا ہوا

سینے میں آہ، دل میں تپش، اشک چشم میں
شہرہ یہ عاشق کا مری جا بجا ہوا

ضیا (ص ۷۹)

باد ہی کھائی نہ تھی دل نے کہ مرجھانے لگا
آہ یہ غنچہ تو کچھ کھلتے ہی کملانے لگا

قیس دیوانہ ہوا اور کوہکن جس سے ہوا
عشق ہم کو بھی وہی اب کام فرمانے لگا

کل کی رسوائی تھے، کیا کم نہ تھی اے ننگ خلق
اس کے کوچے میں ضیا پھر آج تو جانے لگا

دیکھیو اے دوستاں، چپکا ضیا کیوں ہو گیا
مر گیا بیتاب ہو یار روتے روتے سو گیا

برس اے ابر جتنا چاہیے اب تیری باری ہے ——— کبھی دل تھا تو میں بھی رو رواک دریا بہاتا تھا

جان کر زلف، دل نہ دھس آس میں ——— دام ہے دیکھ تو نہ پھنس اس میں

ہے قلمرو میں حسن کے سب کچھ ——— اک نہیں ہے تو داد رس اس میں

ہوں تپ بے صبر، رونے دو مجھ کو ——— کچھ کہو مت اے ناصحو مجھ کو

تربت ضیا کی دیکھی کل رات دور سے میں ——— آنے نظر مجھے واں شمع و چراغ کتنے

جا کر جو آج دن کو، دیکھا میں کر تفحص ——— اک دل جلے ہے اس میں حسرت کے داغ کتنے

سب امید اپنی، کر حصول گئے ——— اک ترے در سے ہم ملول گئے

بھول کر بھی لکھو نہ یاد کیا ——— ہم ترے جی سے ایسے بھول گئے

نہ کہ محروم بوسہ سے ہمیں، قاتل کہ مرتے ہیں ——— جو مانگے ہے اسے دیتے ہیں، جس کو قتل کرتے ہیں

پلا دے آب خنجر، ہم کو، قاتل تشنہ جاتے ہیں ——— جو کوئی مرتا ہے اس کے حلق میں پانی چلاتے ہیں

یہ ماتم کس دوانے کا ہے یارب آج صحرا میں ——— کہ سیلیں روتی پھرتی ہیں بگولے خاک اڑاتے ہیں

کل جو، تو گلشن میں آکر، پھر چمن سے مر گیا ——— چپکی لگ گئی بلبلوں کو رنگ گل کا اڑ گیا

کیا جور کیا توری، جو کچھ کرو بجا ہے ——— بدلا ہے دل دیئے کا اس کی یہی سزا ہے

برعکس حال اپنا میں کیا کہوں عزیزاں ——— جیوں جیوں ادھر وفا ہے تیوں تیوں ادھر جفا ہے

یہ آرزو ضیا کے، دل کی، بتاں خدا دے ——— تم اس کو گالیاں دو اور وہ تمھیں دعا دے

کونسا زخم کا کھلا ٹانکا ——— آج پھر دل میں درد ہوتا ہے

تم تو ہمارے پاس سے جاؤ گے کل یہ ہائے ——— اپنی نظر میں آج جہاں سب اداس ہے

نہ ہم ثمر نہ ہم نہال ہوئے ——— اگتے ہی ہم تو پائمال ہوئے

ضاحک (ص ۷۹)

درپیش اگر روز اجل آہ نہ ہوتا ——— قصہ تھا محبت کا کوتاہ نہ ہوتا

کیا دیجیے اصلاح خدائی کو تو لیکن ——— کافی تھا ترا حسن اگر ماہ نہ ہوتا

ظاہر (ص ۸۶)

پھر نہ لیخا نہ نیند بھر سوئی ——— جب سے یوسف کو خواب میں دیکھا

تانے تک اٹھا نقاب کے تئیں ——— دور پردے سے کر حجاب کے تئیں
اے آہ، اس قدر، گر تو بے اثر نہ ہوتی ——— ممکن نہ تھا کہ اس کو، دل کی خبر نہ ہوتی

عارف (ص ۸۶)

ہزاراں معنی باریک آویں دل میں اے عارف ——— اگر زلف سیہ کا پیچ، ان کے منہ پہ کھل جائے

عشق (ص ۸۷)

آہ جاں سوز کو سر دفتر دیوان کیا ——— عشق نے، دیکھتے ہو، پہلے ہی طوفان کیا
کہنے کو ادھر ادھر گئے ہم ——— تھے تیری طرف جدھر گئے ہم
تا جان نہ ہو عدو دل حکمی ——— تو نے کہا مر، تو مر گئے ہم
خانماں کر چکا ہوں میں برباد ——— تس پہ وہ گھر مرے نہیں آتا
نہ دو دل ہے باقی نہ آہ نہ فغاں ہے ——— اے سوز عشق سچ کہ تو ان دنوں کہاں ہے
دل سا جگر جو رکھے سو اس کے دو بدو ہو ——— منہ دیکھو آئینہ کا گر اس کے روبرو ہو
کیا کیا جفائیں ظالم ہم نے تری سہی ہیں ——— تس پر شکایتوں سے لب آشنا نہیں ہیں
کہ بعد قتل مجھ کو، کس طرح چین آوے ——— جو حسرتیں تھیں دل میں سو جیوں کی تو نہیں ہیں
کعبہ میں بہت خاک اڑائی ہم نے ——— بتخانہ میں صورت بھی نپائی ہم نے
آخر میں کیا عشق نے ہم سے کچھ اور ——— دیکھا تو یونہی عمر گنوائی ہم نے

عاشق (ص ۸۷)

روز و شب تجھ سے، گو ملا کیجے ——— چین اس پر نہ ہو تو کیا کیجے
شمع کی طرح کون رو جانے ——— جس کے دل کو لگے ہے سو جانے

عمدہ (ص ۸۸)

نہ اپنے مبتلاؤں پر غضب اے نوجواں کیجے ——— انھوں کی دلبری کیجے انھوں پر مہرباں کیجے
مدام کیوں کہ رہے میرا جی نہ صہبا میں ——— کوئی شراب سی شے دوسری ہے دنیا میں
یہ ٹوٹے ہے، سخن سخت سے، وہ پتر سے ——— مرے سے دل کی کہاں نازکی ہے مینا میں
چمن میں اس کے آنے نے منغض کر دیا مجھ کو ——— خلل صیاد نے ڈالا مری دھومیں مچانے میں

مرے تابوت پر حاجت نہیں پھولوں کی چادر کی ——— کہ میری نعش پر وہ سرو گل رخسار پہنچے گا

تو نے ہمارے دل کو ستایا تمام عمر ——— کرتا ہے کوئی کسو سیتی اتنی برائیاں

نہ کیجو خاکساری ہیچ گاہ اے عمدہ تو ہرگز ——— ملا کر آپ کو مٹی میں ویرانے کیا پایا

کسو کے سینے میں ہرگز، مرا سا داغ نہ تھا ——— مرے چراغ سا روشن کوئی چراغ نہ تھا

دل ہمارا دشت داموں کا ہے دیوانہ ہنوز ——— مر چکے ہیں تس پہ خوش آتا ہے ویرانہ ہنوز

حکم کیا ہے اسے راتوں کو ترے کوچے میں ——— دل مرا نالہ و فریاد کرے یا کہ نہیں

عمدہ اب ہم تو بہت یاد اسے کرتے ہیں ——— یاد ہم کو وہ پری زاد کرے یا کہ نہیں

عزلت (ص ۸۹)

تحمل امید بے وفا یوں ہے ——— دل سلامت پھرے، تو پھل پایا

تجھ قبا پر گلاب کا بوٹا ——— دل بلبل کو یا ابھی لوٹا

ہوش و دل لے کر ہمارا، آپ تھے لیتے سلام ——— دے جواب اے بے مروت ہم نے تیرا کیا کیا

عاجز (ص ۹۰)

اے زرد پوش تم ہوئے گر شاخ زعفراں ——— عاجز بھی باغ عشق کا رنگیں ملنگ ہے

مجھ سے بیدل کی اگر تصویر کھینچا چاہیے ——— اے مصور صورت دل گیر کھینچا چاہیے

عزیز (ص ۹۰)

ملیں کیوں کر بھلا، اس شوخ طفل لاابالی سے ——— کہ سوتے سوتے جو چوکے ہے تصویر نہالی سے

دل بے معرفت سے تار، پہلو، ہیچ بہتر تھا ——— بغل میں کاش ہوتا سنگ اس مینائے خالی سے

دن کو تو گزرے ہے اشکباری کرتے
اور رات تمام آہ و زاری کرتے
گر روز فراق ہم کو ہوتا معلوم ——— واللہ کہ ہم نہ تم سے یاری کرتے

کرے نہ یار اگر دل کو صاف کینے سے ——— عزیز، موت بھلی، پھر تو ایسے جینے سے

فغاں (ص ۹۷)

تو تو فغاں ہے پر دیر پاتے میں تجھ سے لطف سیر ——— کون جیے گا تجھ بغیر تو نہ مرے خدا کرے

نہ آنسو مری چشم میں کم رہے ہیں
خدا جانے کس واسطے تھم رہے ہیں

جنھوں سے کہتے تھے احوال دل کا
نہ وے یار غم خوار ہمدم رہے ہیں

سفر کر گئے اہل دل اس جہاں کے
فغاں کن دلوں کے لیے ہم رہے ہیں

کئی داغ سینے میں رہ جائیں گے
یہ آنسو نہیں ہیں کہ بہ جائیں گے

کہتے ہیں فصل گل تو چمن سے گزر گئی
اے عندلیب تو نہ قفس ہی میں مر گئی

تنہا اگر میں یار کو پاؤں تو یوں کہوں
انصاف کو نہ چھوڑ محبت اگر گئی

آخر فغاں وہی ہے اسے کیوں بھلا دیا
وہ کیا ہوئے تپاک وہ الفت کدھر گئی

مجھ سے جو پوچھتے ہو تو ہر حال شکر ہے
یوں ہی گزر گئی، مری یوں ہی گزر گئی

قاتل کے دم تیغ سے یہ بوالعجبی ہے
بسمل کی زباں پر طپش تشنہ لبی ہے

نہ حیا چشم میں، نہ دل میں وفا رکھتا ہے
آپ سے تو نہیں رکھتا ہے خدا رکھتا ہے

رسوائے خاص و عام ہے جاؤں جہاں لیے
اس داغ دار دل کو، پھروں میں کہاں لیے

دل تھا مری بساط میں سو دے چکا فغاں
اب بھاگنا پڑا مجھے اپنی ہی جاں لیے

ایک دن تو آ، مرے خورشید، اپنے نام پر
دیکھتا کب تک رہوں، صورت در و دیوار کی

کیوں کر ہو زندگی مرے غمخوار مر گئے
جو باعث حیات تھے وہ یار مر گئے

میرے بغل میں یار مرا صبح و شام ہو
وہ دن خدا کرے، کہیں یہ شب تمام ہو

جاری ہیں اشک صبح سے لے شام تک فغاں
اس قافلے کا دیکھیے کس جا مقام ہو

تقویت ہے داغ سے میرے دل بیمار کو
اے فلاطوں کیا مرض کہتے ہیں اس آزار کو

اے ہمسفراں منزل ہستی سے عدم تک
خاموش چلے جائیو، یاں راہ نہ پوچھو

ہستی کی خرابی جو نظر آتی عدم میں
ہرگز کوئی اس خواب سے بیدار نہ ہوتا

لاکھوں اذیتوں کے سزاوار ہو چکے
عاشق کہاں ہوئے کہ گنہگار ہو چکے

فردوی (ص ۹۹)

دل ہے اپنا نہ جسم و جاں ہے اپنا
اپنا کسے سمجھیے کہاں ہے اپنا

اپنی تو نظر میں فردوی، اللہ سوا
یاں ہے اپنا نہ کوئی واں ہے اپنا

فدوی لاہوری (ص ۱۰۵)

ہاں میاں سچ ہے تم نے فدوی سے ۔۔۔ ناروائی ہزار آنکھوں میں (؟)

مثنوی:

یارو خدا ایک ہے دوسرا برحق نہیں ۔۔۔ صورت لوح و قلم جس کے لیے خلق کی

راست کہنا لوگو بولیو، انکی ہی سوگند ہے ۔۔۔ آج زباں ہے کھلی کل کے تئیں بند ہے

سننے سمجھنے کو بات، حق نے دیا ہوش گوش ۔۔۔ حق بہ طرف جس کے ہو آیا نہ رہے ہوش میں

مرد کو سچ بولنا، جزو ہے ایمان کا ۔۔۔ جھوٹ کرے منعدم دین مسلمان کا

وارد احمد نگر ایک ہے مرد عزیز ۔۔۔ فہم میں سرتا قدم اور سراپا تمیز

شعر یہ ہر لیک کے کرتے ہیں وہ اعتراض ۔۔۔ جامی کے دیواں سے خوب جانے ہے اپنی بیاض

حضرت سودا تلک جو مرے استاد ہیں ۔۔۔ شعر یہ ان کے بھی اب ان کے یہ ایراد ہیں

شعر وہ ان کا سنا جاکے انھوں نے کہیں ۔۔۔ شیخ و برہمن کو ہے جس میں کہ نسبت بدیں

اپنی سخن فہمی پر کہتے تھے یہ ہو کے گرم ۔۔۔ دین تو ہے شیخ کو اور برہمن کو دھرم

ان کا سخن پوچ ہے، آپ ہے وہ پوچ تر ۔۔۔ شاعری و شعر سے کچھ نہیں رکھتا خبر

سن کے غرض میں یہ بات بولوں ہوں جل بھن کے اب ۔۔۔ کھول کے تک گوش فہم، سن لیں یہ احباب سب

میری زبانی انھیں، یہ کہیں قرآن خواں ۔۔۔ پوچھے تو اتنا کوئی تم میں سے اے مہرباں

آیت قرآن کی کیوں والو ہوم (دکنا) ۔۔۔ کافروں کو ہے خطاب جس میں لکم دینکم

دونوں پر اطلاق دیں از روے قرآن ہے ۔۔۔ خواہ برہمن کو ہے خواہ مسلمان ہے

دین اگر ہووے ایک جمع نہ ادیان ہو ۔۔۔ وہی نہ سمجھے اسے انسان جو انسان ہو

ان کا اگر اعتراض دیکھو تو معقول ہے ۔۔۔ بات جو معروف ہے، ان پہ وہ مجہول ہے

شعر کی ان کے سند دیکھ لو حق کا کلام ۔۔۔ اپنی غلط فہمی پر لعن کرے ہے مدام

سن چکے اے منصفو یہ تو سوال و جواب ۔۔۔ آگے انھیں دیکھیو ہوتے ہیں کیا کیا خراب

ایک یقین جانیو، حق ہی ہے اس کا گواہ ۔۔۔ ہو اگر اس امر میں ذرہ بھر اپنا گناہ

ان کو یہ لازم نہ تھا آن کر اس شہر میں ۔۔۔ آنکیں یہ اس شخص سے، طاق ہے جو دہر میں

پھرتے کیے ساتھ یا اپنے ہی یاروں کے بیچ ۔۔۔ ان کو بھی گنتا کوئی پانچ سواروں کے بیچ

اتنے لیے صاحبو آگے یہ اس سے اڑے
تا مجھے جانے کوئی یہ بھی ہیں شاعر بڑے

ہوتے ہیں وہی بڑے جن کو بڑا حق کرے
اپنے کیے سے بڑا آپ کو احمق کرے

اپنی زلیخا اگر اس لیے لائے یہاں
شاعروں کے زور کو اس پہ کریں امتحاں

اور زلیخا جو وہ خلق میں مشہور ہے
فہم و شعور ان کے سے سو تو بہت دور ہے

ہو جسے تم میں سے مولوی جامی کا درد
پوچھے انھوں سے وہ، زن ہے زلیخا کہ مرد

کہتے ہیں فخریہ میں اپنے یہ ہر ایک سے
مجھ سا زباں داں ہے کون پوچھو ذرا تھک سے

شاعروں میں ہند کے میں گیا ایران ملک
سیکھی زباں ان کی بھی جا کے خراسان ملک

فارسی میں کون یہاں اب میرا ہمچشم ہے
ریختہ کہنا تو کیا آگے مرے پشم ہے

پر جو انھوں کا سخن پہنچے بگوش فہم
خندہ زناں بولے ہے وہ کہ خدا تجھ علیم

ایک خراساں کیا گو کہ یہ ملکے ہو آئیں
جیسے ہی ادھر سے جائیں ویسے بنا ادھر سے آئیں

پوچھا زباں ان کی سے شعر جو سرزد ہوا
کاتب بیچارہ مفت لعن کا مورد ہوا

شعر تو لیے ربط پوچ، کہنے ستی شوق ہے
تس پہ انھیں خلق میں شہرے یہ ذوق ہے

شعر میں شاعر جو ہیں وہ تو تخلص کو لائے
پر یہ تخلص بغیر نام نہ اپنا جتائے

اس پہ مجھے ایک نقل برمحل آئی ہے یاد
جو ہو سخن فہم دے مغز سخن کی وہ داد

بنئے کا دیوان بند ایک قرضدار تھا
اس کے ادا کرنے میں سخت وہ لاچار تھا

پیسے تکے پر کہیں اس کو نہ تھی دست رس
سود میں اور مول میں اس کے ہاتھ وہ پھنس

الو نصیبوں سے ایک ہاتھ کہیں لگ گیا
سوچ کے دل میں کہا بنیے کو دیئے دغا

باندھی لے باریک سر کو بنھائی کلاہ
ہاتھ پہ رکھ کر چلا کہتا ہوا واہ واہ

اور کیا ہاٹ سے بنیے کے عمداً گذار
دیکھ کے الو لیا بنیے نے اس کو پکار

ہنس کے لگا پوچھنے کی ہے جی یہ جانور
پرکھا ہم سے کہو لے چلے اس کو کدھر

خوش ہو تب ان نے کہا سب اسے کہتے ہیں باز
جس پہ کرم ہو لے۔ بخشے اسے بے نیاز

شاہ و امیر و وزیر کھیلے ہیں اس کا شکار
قیمت و قدر اس کی ہے سیکڑوں سے تا ہزار

سن کے کہا بنیے نے، مرکے نہ اپنے سانوں
سانچ کہو پرکھا باج اسی کا ہے نانوں

ان نے کہا ساہ جی، تم سے مجھے جھوٹ بول
فائدہ کیا ہووے گا جھوٹ سے کچھ دو گے تول

پھر وہ لگا پوچھنے، کیوں جی یہ جیوے ہے کیا
ان نے کہا دودھ بھات کچھ اور اس کے سول

بنیے نے اس سے غرض باتیں یہ تحقیق کر
مول لگا پوچھنے، باز کا یوں گھر بگھر

سانچ بتاؤ مجھے باج کا کی بہاؤ ہے
ایک خریدار کو اس کا کتنا چاؤ ہے

مول جو کچھ باز کا ہووے ہے سب نے کہا
بنیے نے دل میں رکھا وہ جو کسی سے سنا

مول سن اس کا غرض سرد کیا یہ بنی (کذا)
باز کے لینے کی بات بنیے کے دل میں ٹھنی

کرنے لگا جو روے رات کو یہ مصلحت
سنتی ہے پربھاوتی اس میں ہے کیا تیری مت

پیسے میرے کرج ہیں ایک سپاہی کے پاس
اس سے نقد ملنے کی مجھ کو نہیں ہے اب آس

باج بڑا ہی سا ایک دیکھا ہے میں اس کنے
اس کو خریدوں ہوں میں کا کو وہ جیون بنے

بولی بنینی یہ سنو، اوت تجھے کی خبر ہے
اس کی رسوئی ہے ماس اس سے ہمیں بیر ہے

سن کے کہا بنیے نے، کی کہی یہ تیں نے بات
ناہیں ری پربھاوتی، رام کیسو دودھ بھات

بولی جو یہ سانچ ہے لاکے اسے تیں ہو یر
تونڑے سے کہنے کو سوچ، جوں یکے سچ کسر

جو رونے جب یہ کہا بنیے نے بھی صبحدم
داب بغل میں بہی کان پہ رکھ کر قلم

آکے سپاہی کے گھر، بولا کہ مرجاجی آؤ
کر کے حساب آج تم لینی کو مری چکاؤ

سن کے سپاہی نے یہ کہنے لگا چل پرے
پیسے کہیں آج یاں، تیرے لیے ہیں دھرے

باز یکے کا تو میں تجھ سے کروں گا حساب
مفلسوں کو مت پکاؤ خیر سیں گھر جا شتاب

بنیے تے سن کر کہا کرج میں کچھ بیر ہے
کھیر جو بتلائیو ہو آج تمھیں کھیر ہے

سیلی ہتی مرجاجی، ہم تم سے کرج لینے میں
تپتی ہوئے جاتے ہو کا ہیکو اب دینے میں

ہے جو چکونا مرا باج کے بکنے اوپر
باج ہی کو دو مجھے، سانچ سا کچھ بھاؤ کر

سن کے سپاہی یہ بات دل میں بہت خوش ہوا
لیک بظاہر یہ حرف تند ہو اس نے کہا

منہ ٹک اپنے کو دیکھ، لیوے گا یہ باز مول
یہ بھی ہوا تیل یوں لے ہے جسے تول تو ل

بول اٹھا بنیا، سن پرکھا کیا کھیر ہے
کرج کسو کا نہ دے کوئی عجب شہر ہے

بنیے کی یہ بات سن بولا سپاہی ہو نرم
قرض جو کچھ ہو ترا کہ جو ترا آوے دھرم

بنیے نے دکھائی تب کھول کر اپنی بہی
دو سو روپیہ اس کے نام لکھے تھے اس میں سہی

مول کیا پانچ سو اس پر ہوئی قیل و قال
چک چکے جب تین سو جھگڑے کا کر انفصال

ابوجوالہ کیا باتوں کی میزاں میں تول
قرض کے دو سو نپے، سو کی جڑی اور دھول

دے کے سپاہی دعا بنیے کو چلتا رہا
بنیے نے لاکر اسے جو رو سے ہنس ہنس کہا

دیکھ تو پربھاوتی، پرمکھا کی باج ہے
رام جی کے بھجل آج ہمیں راج ہے

دیکھ کے ان نے کہا اوت تجھے کی سلوم
یہ تو چنا در ہے وہ ترک (کہیں) جسکو یوم

نام نہیں لیتے ہیں پرتھی میں اس کا سویر
کھو یا کر ج ساتھ ہیں (نکدر و پونکا دبہتر کذا)

اڑ گئے جوں باز یہ سنتے ہی اس کے حواس
چاہا کہ اب پیر دوں جلکے سپاہی کے پاس

سر کو وہ اور تو پٹتا پہنچا جو واں
نام نہ اس کا سنا اور نہ دیکھا نشاں

سر کے اوپر خاک تب گلیوں کی کرتا ہوا
آیا بنیئے کے پاس رو رو کے مرتا ہوا

کہنے لگا کہ ہائے وہ کیا ہی دگا دے گیا
سونکد اور دو کی جنس گھر سے پھت لے گیا

سوچ کے دل میں کیا، بنیے نے یہ بھی خیال
کیوں نہ اسے بیچئے بات کو شہر میں ڈال

پاس میرے ہونے کی بات جو اس کے چلے
اور بھی شاید کوئی مجھ سا ہی احمق ملے

کھونٹی پر انو کو باندھ، بیٹھے تھا دوکان پر
صبح سے لے تا بشام، شام سے لے تا سحر

پوچھے تھا جس سودے کو جو کوئی ہے تیرے یہاں
لاوے تھا بنیاں وہیں، تب یہ سخن بر زباں

سانچ بتا میرے باپ، لینے پر کچھ تو بھی ہے
سب ہے دیار رام کا، یہ بھی ہے الو بھی ہے

یاں غرض اس نقل سے ہے یہی اپنا مآل
ہو جب ایسی نقل کا سن لو، انھوں کا ہی حال

چاہا تھا، اس عقل پر باز معانی کا لیں
ملک بہ ملک آن کر اور اسے شہر دیں

مل گیا ویسا ہی ایک ان کو فروشندہ اور
فہم و فراست کا جب بوجھ لیا، ان کے طور

سوزن کوری سے لے، دیدۂ دل کو سیا
باز معانی بتا، لا انھیں الو دیا

باز کی جا بوم باندھ، چاہتے ہیں شہر پائیں
نام جو پوچھو فقط، تو یہ تخلص بتائیں

باز کا جیوں بنیے کو، الو اسے بتا دیا
حق انھیں حق نے یوں، شاعری کی جا دیا

دل میں اب ان کے یہی فکر ہے لیل و نہار
اس کے تئیں بیچ کر اپنے لیے یوں (لوں) قرار

وارد ایسے شہر میں اپنے ہیں یک مہربان
رکھتے ہیں عطار کی رستے کے اوپر دکاں

بیٹھے یہ رہتے ہیں واں صبح سے لے شام تک
لکھتے ہیں اشعار کی جا، دو پہر روں کو یک کنا

ادویہ میں سے جو کوئی، مالک دوکان سے
پوچھے تو یہ دیں جواب، وہ بھی ہے فدوی بھی ہے

ہو سکے شعر اور شہرہ پہ یہ دل دیا
اپنا تخلص ندان بنیے کا الو کیا

تھی جو بینی میں عقل، اتنی بھی ان میں نہیں
بوم جو ہے اس کو باز سمجھے ہیں یہ تئیں

ایسا ہی اور ایک شعر حضرت استاد کا
جو قلم فہم نے خلق نے دل میں لکھا

سن کے انھوں نے پسند اس کا جو مضموں کیا
میں نے تب اس بحر میں یوں اسے موزوں کیا

تم نے جہاں والیے، بند قبا اپنی جاں
جا کے صبا نے، یہ باغ کھول دے گل کی کان نے

سو یہ میاں فدوی نے، کان کو لے گل کے توڑ
جلدی سے واں گرم گرم، آنکھ دی نرگس کی جوڑ

کہتے ہیں اب ہر طرف، بزم میں منہ پھیر پھیر
شعر وہ تھا پھر پھر، تو میں کیا ڈیڑھ سیر

کھول دیئے نانے سے، تم نے دو چشم اپنی جان
کھول صبا نے دیئے غنچہ نرگس کے کان نے

بات تو یہ ہے وہی، سمجھو تو اے صاحبو
گوش ملک جان کے، تو کہ اب اس وضع ہو

سرقہ سوا اس میں ہے ایک قباحت یہ اور
کون سے معشوق کا زیر فلک ہے یہ طور

باغ میں بیٹھا ہے آنکھ مند سے آٹھ پہر
کھول دے ہنگام ناز کرنے کو نرگس پر قہر

کان سے نسبت صدا گل سے چلی آئی ہے
صورت نرگس مدام آنکھ کی بتلائی ہے

شاعروں کی بات کا دیوے جواب اب وہ خاک
شاعری کی اپنے جوڑ کوں تئے کٹوائے ناک

ناک کا اور کان کا ان سے ہوا توڑ جوڑ
توڑنے میں ناک کے، جان بدن ہوں میں ہوڑ

ناک کوئی فہم کی، اب جو یہ انسان ہو
چاہیے نرگس کی طرح آگے انھیں کان ہو

کاٹیں نہ گل پھول یوں شاعری میں بے سند
شاعروں کے حق کے بیچ پھر نہ کہیں نیک و بد

بس چل اب آگے آنکھ کچھ انھیں شید اخوش
کہتے جی اس سے سخن ہوے جسے ہوش گوش

کرتے پڑ کر منفعل ان کے ہو میرا خیال
سو یہ نہ غلط ہے کہو ان کو نہ ہو انفعال

فرح (ص ۱۱۲)

گو ہو اشیر میں تجھے خسرو کی دولت جاہ و مال
پر کہیں ہوتا ہے پیدا کوہکن سا آشنا

چشم سے نور گیا، تن سے تواں، جی سے صبر — عشق میں تیرا ہوا، مجھ سے جدا کیا کیا کچھ

قائم (ص ۱۱۲)

درد دل کچھ کہا نہیں جاتا — آہ چپ بھی رہا نہیں جاتا
ہر دم آنے سے میں بھی نادم ہوں — کیا کروں پر رہا نہیں جاتا
یہ کبیو تو قاصد کہے پیغام کسی کا — پر دیکھو لیتا ہو کبھو نام کسی کا
گر ہو ایسے ہی مری شکل سے بیزار بہت — تم سلامت رہو بندے کے خریدار بہت
ہمدگر جب خفگی آئی تو جھگڑا کیا ہے — تم کو خواہندہ بہت ہم کو طرح دار بہت
آوے خزاں چمن کی طرف گر میں رو کروں — غنچہ کرے گلوں کو صبا گر میں بو کروں
دہن کو تیرے پایا بات کہتے — ہماری جز کمر میں کیا سخن ہے
اٹھائے ستم یا جفا کیا کرے — بچارا یہ دل ایک کیا کیا کرے

قدرت (ص ۱۱۳)

کس کی نیرنگی، یہ برق خاطر مایوس ہے — جوش۔ دل سے اٹھا سو جلوۂ طاؤس ہے
حسن کو اپنے ہواداروں سے کاوش ہے مدام — یہ تپش یاں شمع کی، برق دل فانوس ہے
صبر و طاقت تو کبھی کے کوچ یاں سے کر گئے — اب وداع ننگ ہے اور رخصت ناموس ہے
اس طرح سے کل ہوس ترغیب دیتی تھی مجھے — کیا ہی ملک روم ہے کیا سرزمین روس ہے
گر میسر ہو تو، کس عشرت سے کیجے زندگی — اس طرف آواز بلبل ادھر صدائے کوس ہے
صبح سے لے شام، چلتا ہو مئے گلگوں کا دور — شب ہوئی تو ماہرویوں سے کنار و بوس ہے
سنتے ہی عبرت یہ بولی، یک تماشا میں تجھے — چل دکھاؤں تو کہ قید آس کا محبوس ہے
لے گئی یکبارگی گور غریباں کی طرف — جس جگہ جان تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدیں دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے — یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
پوچھ تو ان سے کہ جاہ و مکنت دنیا سے آج — کچھ بھی ان کے پاس غیر از حسرت و افسوس ہے
کل تو قدرت پائے خم رکھتے تھے تسبیح ریا — آج اہل جام مے یہ خرقہ رسالوس ہے

تیرہ بختوں پر درِ عشرت زبس مسدود تھا
جو چراغ اس بزم میں روشن کیا سو دود تھا

ولولے بیداری کے بعد از درد یہ روشن ہوا
داغ ہی زخمِ جگر پر مرہمِ بہبود تھا

حالِ قدرت پوچھتا ہے کچھ تو ظالم ہم سے پوچھ
اس کی بالیں پر دعا گو آج ہی موجود تھا

آہ جو تھی تہ درد دل سیتی لپٹی ہوئی
اشک جو گرتا تھا سو لختِ جگر آلود تھا

کیا آسرا ہے ہستیٔ نقش بر آب کا
خالی ہے نت ستون سے خیمہ حباب کا

اے عمرِ خضر شاد تو رہ یاں، کہ ہم چلے
بس کر چکے نظارہ جہانِ خراب کا

قدرت وہ تشنہ لب ہوں کہ کھینچوں، اگر کلک
خالی کروں محیط سے کاسہ حباب کا

ترے حضور میں، جب قصدِ عرضِ حال کیا
ہجومِ گریہ نے میری زباں کو لال کیا

ہوا ہے اس کے گلوں میں گرہ دمِ اعجاز
ترے لبوں نے مسیحا سے کیا سوال کیا

نظر اٹھا کے جو تو نے کسی طرف دیکھا
ہر ایک وہم غلط میں نے پائمال کیا

جس جگہ جلوہ ترا مایۂ مدہوشی ہے
یاد میں اپنے اگر ہے تو فراموشی ہے

آہ یہ کون سی منزل ہے کہ رکھتے ہی قدم
نقشِ پا سے مرے سجدے کو ہم آغوشی ہے

رخصتِ آہ نہیں، ہم کو ہمیں میں قدرت
ورنہ صد نالہ بزیرِ لبِ خاموشی ہے

آہ یہ زخمِ جگر پاوے گا کیوں کر التیام
یاں سدا ناخن کو شغلِ کاوشِ انگور ہے

گر نہ ہو تالے کی قدرت خاک سر پر ڈالیے
کیجیے کوچے میں اس کے اپنا جو مقدور ہے

دل گم گشتہ خبر دار، وہاں سینے میں
تیرِ بیداد سدا در پئے جاسوسی ہے

جب گرے تیری نظر سے کوئی ہم جیتے ہیں
کشتۂ تیغِ تغافل، ترے کم جیتے ہیں

قرین (ص ۱۱۳)

ہمارے مرنے کا وہ شوخ غم کرے نہ کرے
پہنچ کے نعش پر آنکھوں کو نم کرے نہ کرے

کہا تو تھا کہ میں آؤں گا تیرے گھر میں قریں
غرورِ مستی سے دیکھیں کرم کرے نہ کرے

قربان (ص ۱۱۴)

کیا کچھ دلِ بلبل پہ کرے دیکھیے عشق
سو چاک دیئے جس نے گریباں میں گل کے

قاسم (ص ۱۱۴)

مجھے اے سرو قد بتخانۂ ناز اگر تجھ سے — بجائے گل ہماری قبر اوپر نارنج بو رکھیو

کلیم (ص ۱۱۶)

آتی ہے دل پہ قلعۂ مینا سے یہ شکست — وہ دن گئے کلیم کہ یہ شیشہ سنگ تھا

قبر میں بھی لیے ہمراہ گیا اپنے کلیم — آہ کیوں درد دل اپنا نہ کسی کو سونپا

ناصح یہ تجھ بغیر عبث میرا رنگ تھا — روشن تھی شمع آہ، دل اس پر پتنگ تھا

مانند سرو ہوں کہ نہ گل ہے نہ بر مجھے — بیکار باغ ہوں پہ سزاوار باغ ہوں

اس کے ابرو کی اگر تصویر کھینچا چاہیے — اوّل اپنے قتل پہ شمشیر کھینچا چاہیے

اب دم شمردگی سے مجھے کار و بار ہے — ہر دم مرے حساب میں روز شمار ہے

کافر (ص ۱۱۶)

حسرت سے ان بتوں کی، دل پر کدورتیں ہیں — مٹی کی مورتیں ہیں کافر یہ صورتیں ہیں

کس کس طرح بتوں کی صورت نے رنگ پکڑے — کافر ان انکھڑیوں میں دیکھے ہیں کیا جھمکڑے

گریاں (ص ۱۱۷)

ہرگز نہ ملیں کسی سے یاں ہم — گر دل پہ کچھ اختیار ہوئے

گماں (ص ۱۱۸)

قتل کرتے ہیں ہمیں یا رو نے خمدار کج — کاٹ دونا کرتی ہے ہوتی ہے جو تلوار کج

راست کہہ دیکھ نے کیا تجھ کو گماں سے بدگماں — اس سے کیوں کرتا ہے تو ہر وقت اب گفتار کج

گل بھی شبنم سے نہ دیکھے یوں، شجر بھیگے ہوئے — دیدۂ عاشق ہیں خوں میں جس قدر بھیگے ہوئے

واسطے جس کے سبھی مجھ کو برا کہتے ہیں — وہ جو سنتا ہے تو کہتا ہے، بھلا کہتے

ہزار افسوس تو اتنا ہمیں بدخواہ جانے ہے — میں جیسا ہوں ترا بندہ، مرا اللہ جانے ہے۔

گداز (ص ۱۱۹)

سنے قصہ مرا اک دم، جو کوئی درد و محنت کا — نہ لیوے زندگی بھر نام پھر ہرگز محبت کا

مجھے جب دیکھتا تب ہاتھ سے کھڑا چھپا لیتا — نکالا طور اس نے اور ہی صاحب سلامت کا

[سبک روحی] یہ پروانے کے دل میں داغ کرتے ہیں — کہ دوشِ شمع پر رکھتا جنہیں بارِ کفن اپنا

مظہر (ص ۱۱۹)

گئی آخر جلا کر گل کے ہاتھوں آشیاں اپنا — نہ چھوڑا ہائے بلبل نے چمن میں کچھ نشاں اپنا
لالہ و گل نے ہماری خاک پر ڈالا ہے شور — کیا قیامت ہے کہ موؤں کو بھی ستاتی ہے بہار
نرگس و گل کے دیکھو کلیاں کھل جاتی ہیں سب — پھیر ان خوابیدہ فتنوں کو جگاتی ہے بہار
شاخِ گل ملتی نہیں پہ بلبلوں کو باغ میں — ہاتھ اپنے کے اشارت سے بلاتی ہے بہار
زخم تری نگہ کا اک پل جیا تو پھر کیا — صیاد کے بغل میں تک دم لیا تو پھر کیا
خدا کے واسطے اس کو نہ ٹوکو — یہی اک شہر میں قاتل رہا ہے
گر گل کو گل کہوں تو ترے رو کو کیا کہوں — بولوں نگہ کو تیغ تو ابرو کو کیا کہوں
اہلِ درد و غم کی سرزمیں کا حال کیا ہوتا — محبت گر ہماری چشمِ تر سے مینہ نہ برساتی
توفیق دے کہ شور سے اک دم تو چپ رہے — آخر یہ میرا دل ہے الٰہی جرس نہیں
آزاد ہو رہا ہوں دو عالم کی قید سے — مینا لگا ہے جب سے تجھے توڑ کے ہاتھ

مصیب (ص ۱۲۱)

مشکل کہ بیٹھے اس صفِ مژگاں میں دل مصیب — کیوں کر سپاہی بائے فرنگی کی باڑ میں

مضمون (ص ۱۹۷ - ۱۹۹)

ہم نے کیا کیا نہ ترے غم میں اے محبوب کیا — صبر ایوب کیا، گریۂ یعقوب کیا
کرے ہے دار ہی، کامل کو سرتاج — ہوا منصور سے نکتہ یہ حل آج

میر (ص ۱۳۰)

جو اس شور سے میر روتا رہے گا — تو ہمسایہ کیوں کر کے سوتا رہے گا
تو یوں گالیاں شوق سے غیر کو دے — ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا
عید آئندہ تک رہے گا گلہ — ہو چکی عید تو گلے نہ ملا
جبکہ تابوت میرا جائے شہادت سے اٹھا — شعلۂ آہ دلِ گرم محبت سے اٹھا

کچھ میں نہیں اس دل کی پریشانی کا باعث ——— برہم ہی مرے ہاتھ لگا تھا یہ رسالہ
مت پوچھ کس طرح سے کٹی رات ہجر کی ——— ہر نالۂ میری جان کو تیغ کشیدہ تھا
میرے سنگ مزار پر فرہاد ——— رکھ کے تیشہ کہے ہے یا استاد
ہم تو اسیر کنج قفس ہو کے مر چلے ——— اے اشتیاق سیر چمن تیری کیا خبر
مر گیا میں، ملا نہ یار افسوس ——— آہ افسوس صد ہزار افسوس
ملنے لگے ہو دیر دیر دیکھیے کیا ہو کیا نہیں ——— تم تو کرو ہو صاحبی بندہ میں کچھ نہیں نہیں
بیٹھنے دے ہے کون پھر اس کو ——— جو ترے آستاں سے اٹھتا ہے
عشق اے میر، بھاری پتھر ہے ——— کب یہ تجھ ناتواں سے اٹھتا ہے
جب نام ترا لیجے، تب چشم بھر آوے ——— اس زندگی کرنے کو کہاں سے جگر آوے

منت (ص ۱۴۰)

منت اٹھائے کو دل دیا تو نے ——— اے مری جان کیا کیا تو نے

مجذوب (ص ۱۴۱)

خط بھی نکلے ہے اے ماہ دن دو چار میں ——— غیر کی معلوم ہو گی چاہ دن دو چار میں
اب تو مجذوب اس صنم کے قول پہ بھولا ہے تو ——— یاد آوے گا تجھے اللہ دن دو چار میں

عداوت ہے تمہاری کچھ مگر ہووے تو میں جانوں ——— ذرا تم زہر دے دیکھو اثر ہووے تو میں جانوں
مت اندیشہ کر و پیارے کہ شب ہے وصل کی تھوڑی ——— تم اپنی زلف کو کھولو سحر ہووے تو میں جانوں

مستمند (ص ۱۴۵)

نزع تک وصل کی ہے یار امید ——— ہے مثل، ایک دم ہزار امید

مجنوں (ص ۱۴۵)

بولے کہ بے حیا کالی دے بیٹھا مجھ کو جب سے ——— تو اپنے منہ سے آپ بھی بے اعتبار ٹھہرا

منشی (ص ۱۴۶)

سمن تیر نگہ سے کر مرے دل کو نشاں اپنا ——— کہ میں قربان کیا ہے تجھ کماں دار و کماں اپنا

ممتاز (ص ۱۴۶)

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا ——— ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا

(عشق کے) غم سے کوئی عیش مقدم نہ سمجھ — یہ عجیب طرح کی شادی ہے اسے غم نہ سمجھ

ڈروں میں بسکہ جو بخشش ہے پیار میں کیا تھا — میں اب خزاں کو جو روؤں بہار میں کیا تھا

عشق میں عرض تمنا، مانع دیدار ہے — میرا ہی دست دعا منہ پر مرے دیوار ہے

یاد اس شوخ کی اس دل میں بھری رہتی ہے — لوگ کہتے ہیں کہ اس گھر میں پری رہتی ہے

مت ہنر پر ہو تو نازاں، بد بخت ہے شرط — قابلیت جو ہے، ممتاز، دھری رہتی ہے

بے نیازی عشق کی وہ کچھ تمہارا ناز ہے — اس کا کیا انجام ہوگا جس کا ہے آغاز یہ

ناجی (ص ۱۵۱)

کیا وفا کا وعدہ سرو قد نے — قیامت کا جو دن سنتے ہیں کل ہے

نرگس کے تئیں میں ہرگز لاتا نہ تھا نظر میں — دیکھی ہیں میں نے پیارے (آخر) تمہاری آنکھیں

مجھ کو باتوں میں لگا معلوم نہیں کیا کہ گیا — لے چلا جب جی کے تئیں منہ دیکھتا میں رہ گیا

ڈوب گئے ملک جب کھولی لب دریا یہ زلف — حیف ناجی کو نہ پوچھا کس لہر میں بہہ کیسا

نزار (ص ۱۵۲)

کیا کیجے عرض جس کا مقدور نہیں ہے — اک زخم نہیں دل پہ کہ ناسور نہیں ہے

ہر طرح کی باتیں ہیں تری بزم میں پر ایک — افسانہ مرے حال کا مذکور نہیں ہے

آتا ہے تو آجا مرے بالیں پہ وگرنہ — کوئی دم کو سنے گا کہ یہ دلخوار نہیں ہے

نعیم ۔ (ص ۱۵۲

کیا فائدہ جو غیر سے وہ ہمکنار ہے — ہم سے تو اب تلک وہی دار و مدار ہے

بن دیکھ، اس کے، جان، نہ دوں گا میں اے اجل — مدت سے مجھ میں اور یہ اس میں قرار ہے

یہ جور اگر اور یہ بیداد رہے گا — تو کاہیکو عالم میں کوئی شاد رہیگا

نثار (ص ۱۵۲)

ہاتھ سے ان جامہ زیبوں کے نکل جاوینگے ہم — یہ گریباں دامن صحرا کو دکھلادیں گے ہم

ہر مژہ صد تیر ترپے ہے، خاک و خوں میں — ہے دشمن خانہ میرا میدان جنگ تجھ بن

ولی (ص ۱۵۴)

چھوڑتی نہیں ہے بسمن سر زلف تری اپنی مرور — بار کہ کمال اس کو پریشانی ہے (کذا)

اے ولی رہنے کو دنیا میں مقام عاشق — کوچۂ زلف ہے یا گوشۂ تنہائی ہے

نشہ بخش عاشقاں وہ ساقی گلفام ہے — جس کی انکھیوں کا تصور بے خودی کا جام ہے

کھولنا زلفوں کا کچھ درکار نہیں اے خوش نبین — یک نگاہ ناز تیرا، دو جہاں کا دام ہے

ریاض فہم، گلشن طبع، دانا دل، علی فطرت — زباں تیری فصیحی اور سخن تیرا زلالی ہے

نگر میں فیض وقدس، سرشت طالب و شیدا — کمال بدل دل اہل اور انکھیاں ہوہم غزالی ہے

تو ہی ہے خسرو روشن ضمیر و ماہ رو شوکت — ترے ابرو پہ مجھ بیدل کو طغرائی وصالی ہے

ولی بحمد قدوس ابرد کا ہو لے شوقی و مائل — تو ہر یک بیت عالی اور ہر یک مصرع خالی ہے

واقف (ص ۱۵۴)

روز خزاں چمن میں جو دیکھا ہزار کے — یک مشت پر پڑے تھے تلے شاخسار کے

آوارہ ہو کے دل سے شکیب و توان و صبر — یارب کہاں بسیں گے یہ اجڑے دیار کے

آنے سے جو مانع ہوے مجھ کو ترے در سے — رو یا سر بازار میں سر زانو پہ دھر کے

ہدایت (ص ۱۶۰)

قیس دوں مر گیا فرہاد کی وہ شکل ہوئی — آہ اس کوہ بیاباں میں کئی یار تھے ہم

یقین (ص ۱۶۰)

کعبہ میں ہم گئے نہ گیا ان بتاں کا عشق — اس درد کی خدا کے بھی گھر میں دوا نہیں

یکرنگ (ص ۱۶۲)

ترک عاشق نے ننگ و نام کیا — کام اپنا جو تھا تمام کیا

اس قدر کیا ہے حمایت غیر کی ہم بھی تھے تم سے کبھی تو آشنا

اگر آوے مرے گھر میں وہ پیارا کروں اس ماہ کو پتلی کا تارہ

خون دل کا مجھے شراب ہوا جگر سوخت کباب ہوا

نہ کر گوہر سے ہرگز برابر اگر معلوم ہے رتبہ سخن کا

مجھے مت بوجھ پیارے اپنا دشمن کوئی دشمن بھی ہوے اپنی جاں کا

بنا بر مصلحت ہے یہ جو تم سے رہا ہے روٹھ دن دو چار یکرنگ

کیا جائے وصال ترا ہو کسے نصیب ہم تو ترے فراق میں اے یار مر گئے

یونس (ص ۱۶۳)

صبح جب گلشن سے گر وگیا باغ سے باہر نکل دگل ہ روگیا

تتمہ ۲

تذکرۂ مسرت افزا جو پہلی بار معاصر (پٹنہ) حصہ ۵ میں چھپا اس میں ایک صفحہ کا مقدمہ تھا۔

تذکرۂ مسرت افزا نہایت کمیاب ہے اور جہاں تک میرا علم ہے، اس کا صرف ایک نسخہ اس وقت دنیا میں موجود ہے۔ یہ اکسفرڈ یونیورسٹی کے کتبخانے میں ہے اور اس کا مختصر ذکر اس کتبخانے کے مخطوطات فارسی کی فہرست میں ہے۔ قرائن اس پر دلالت کرتے ہیں کہ مصحفی نے ریاض الفصحا اور محسن نے سراپا سخن میں اس تذکرے سے کسی حد تک استفادہ کیا ہے، گو ان کتابوں میں اس کا نام تک نہیں آیا۔ اشپرنگر اس سے آگاہ نہیں اور دتاسی کو بھی اس کے مطالعے کا موقع نہیں ملا، اس کی تاریخ میں اس کے متعلق جو کچھ مرقوم ہے یا اس کے حوالے سے جو کچھ لکھا گیا ہے وہ اس تحریری یادداشت پر مبنی ہے جو اس کے ایک دوست نے اسے بھیجی تھی۔ مصنف کا نام امیر الدین احمد عرف امر اللہ اور کنیت ابوالحسن ہے۔ یہ عہد شاہ عالم کے مشہور مصنف خیر الدین احمد کا چھوٹا بھائی ہے اور مؤخر الذکر کے عبرتنامہ میں کئی جگہ اس کا نام آیا ہے۔ امر اللہ الہ آباد کا رہنے والا تھا۔ باقاعدہ تعلیم (ظاہراً) لکھنؤ میں ختم کر کے ۱۱۹۲ھ میں خیر الدین کی معیت میں عازم کلکتہ ہوا اور راہ میں عظیم آباد و مرشد آباد میں بھی کچھ دن اقامت کی۔ اس کے بعد بنارس اور لکھنؤ وغیرہ گیا اور اسے ان مقامات کے شعرا کے حالات سے واقفیت حاصل کرنے کے مواقع ملے۔ اس کا بیان ہے کہ میں نے ۱۱۹۳ھ میں تذکرہ لکھا، لیکن اس میں ۱۱۹۵ھ تک کے واقعات ملتے ہیں۔ ظاہراً کتاب ۱۱۹۳ھ میں تمام ہو گئی تھی، مگر ۱۱۹۵ھ تک اضافے ہوئے ہیں۔ کتاب کی اہمیت اس کی اشاعت کی مقتضی ہے اور یہ بہ اقساط معاصر میں شائع ہوگی۔ متن نسخۂ اکسفرڈ کے عکس پر مبنی ہے۔

قاضی عبدالودود

●●

ضمیمه-۱

اختلافات نسخ

ص/س

پچاس/ ۸ نسخہ خطی (مخ) کا پہلا ورق نہیں ہے۔ دوسرے ورق سے اس طرح ابتدا ہوتی ہے: "عباد اللہ الہادی"

پچاس/۱۴ مہیا سازم: مخ: مہیا گردانم

پچاس/۴ مرحلہ پیمائے خطوات غربت: مط:... خطوات غریب

پچاس/ ۷ وایں نازنیں بتاں مطالب: مط: ونازنیں بتاں..

اکاون/۱ بودہ زمہ جماد دوم: مخ:... جماد دویم

اکاون/۶ یارب بطفیل سرور دیں: مط:... رہبر دیں

۴/۱ محمد شاہ را: مط: محمد شاہ

۲/۲ یکہزار و یکصد و ہفتاد و سہ: مط: و یکصد ہفتاد و سہ

۲۲/۲ مط: دوسرا مصرع نہیں ہے، مخ: ردیف سے "وہ شوخ ہے"

۲۲/۳ صنم کے ناز میں پاؤں میں کیا ہی خوب توڑے ہیں:
مط:... پاؤں میں... توڑی ہے۔... اپنے یہ قدرت سے جوڑے ہیں: مط:... جوڑی

۲۳/ عمدۃ الملک: مط: عمدۃ الملوک

۱۴/۴ "اوہ لوگو امیر خاں ہوا" کے اعداد ۱۰۲۳ ہوتے ہیں کہ ۱۱۵۹ھ

۱۵/ منظور نواب موصوف [لو دستوب] می کنند: مط: منظور نظر نواب موصوف می کنند

۱۹/۴ دختر رز بزم میں آ، شرم سے پانی ہوئی: مط:... شرم کی پانی ہوئی۔

۲۰/۲ ٹک تو فرصت دے... مخ: ٹک تو دے فرصت...

۱۴/۵ وعدے تھے سب دروغ جو اس لب سے ہم سنے: مخ:... جو اس لب کے ہم سنے۔

۱۵/ مرے شوخ خرابات کی کیفیت نہ پوچھو تم مخ:... نہ پوچھو کچھ

۱۸/ جامع صفات: مط: جامع بصفات

۱۴/۶ مگر کہ ٹوٹ گیا، میرا آبلہ دل کا: مخ:... میرے آبلہ دل کا۔

۵/۷ جو تو یوں نہیں آنکھیں دکھاتا ہے گا: مخ: جو تو یوں نہیں آنکھیں چھپاتا رہے گا۔

۶/۷ مرے دجی کا دشمن قیامت ہے یہ دل: مخ:... قیامت یہ دل ہے۔

۱۶/ پہ ٹک کبھی نہ ذرا، ایک ہم ہوئے محظوظ: مخ: پر ایک ہم نہ کبھی ٹک ذرا ہوئے محظوظ۔

۲۳/ آیا صبح کو نیند سے اٹھ رسما ہوا (یوان آبر دیں آیا ہے صبح)

۱۸/۸ مت ستاے یوں: مخ: مت ستاے توں

۶/۹ جانداد [۵] قزلباش خاں: مخ: مط: جانداد قزلباش خاں۔ ۵ کے اضافہ کے بعد ۱۱۵۹ھ آئیگا

ص/س
۱۹/۱۰ کبھو تو مہرباں ہو ہم پرائے بت: مخ:... ہم سے...
۲۱/۹ آشنا وہ یہ ہوئیگا تیرا: مط:... تیرا
۲/۱۰ شاہ غلام یحییٰ: مخ:... جونپوری
۱۰/ ازیں خبر مطلع شد: مط:... ایں خبر مطلع شد
۱۴/ عشق کے پیشے میں جس نہیں: مخ: عشق کے شیوے میں
۱۷/ ایسا ہی ٹھکانا: مط: ایسی ہی ٹھکانا
۲/۱۱ مولدش سرہند: مط: مولودش سرہند
۵/۲۰ چوں در دولائے اجداد خود: مخ:... چو ...
۱۴/ میاں میں کیا کہوں اب اس سے آگو: مخ:... اس سے آگے
۱۷/ دل سے جو چاہیے سو باندھیے بات: مط: دل سے چاہیے..
۱۷/ میں تو واللہ کچھ کہا ہی نہیں: مخ: کچھ کیا ہی نہیں
۲۱/ اس منہ سے الا کچھ نہ نکلا: مخ:... اللہ کچھ نہ نکلا
۸/۱۳ حال اپنا مجھے جو ہے کہنا: مخ: جو ہے مجھے کہنا
۶/۱۳ نہایت مشتاق، خدایش بیامرزد: مخ: نہایت مشتاق طرز سخن ریختہ و پسند خاطر عشاق و وضع بیاں او سراپا اشتیاق خدایش بیامرزد
۹/ احسن از شاگردان: مخ: میرزا احسن علی احسن تخلص مظہر خوبی سخن و منظر جلوۂ احسن از شاگردان
۱۱/ آدے ہے بوے دل: مخ: آتی ہے۔
۱۵/ اشرف لیکن: مخ: اشرف است لیکن
۱۸/ رونے کا بھی اثر پڑا ہے: مخ: مط: رونے کا اثر بھی پڑا ہے
۲۰/ دیکھ کر [کھنکھارا مجھکو] (کلیات انشاء: مخ: مط: دیکھ کر مجھ کو کھنکھارا۔

۵/ اور دی دشنام بھی: مخ: اور دیے...
۲۱/ کچھ تہی دستی میں تنہا دشمن انشا نہیں: مخ: دشمن انشا کی نہیں
۱۰/۱۲ منگباشی: مخ: قماشی
۱۷/ جلوہ گر کفر کہیں چمکے ہے اسلام کہیں: مط: جگ میں ہے اسلام کہیں
۲۱/ سنتے ہی بلبل ایسی ہی تڑپی کہ مر گئی: مط: سنتی ہی بلبل ایسی ہی تڑپی کہ مر گئی۔
۲۲/ جوں کباب سیخ: مط: جو کباب سیخ
۲۳/ شاگرد و صابر: مط: شاگرد صابر
۱۴/۱۵ ہوائے سخن سرائی در سر دارد: مط: ہوائے سخن در سر دارد
۱۴/ وشق سخن از میرزا فدوی: مط: وشق سخن سرائی
۲۳/ [میخانے میں مطاولت جام کیجئے: مط: میخانے کی جگہ خالی ہے۔
۶/۱۶ لٹکے ہے پڑی شعلے کی شمشیر: مخ: لٹکے ہے تری شعلے کی شمشیر
۱۲/ نہ میرے دل سے بھولے...: مخ: نہ میرے دل سی تو بھولے ہے (کذا)
۶/۱۷ مت پوچھ دل کی باتیں: مط: مت پوچھ دل کی باتیں...
۶/ اس تخم بے نشاں کا حاصل: مط: اس تخم بے نشاں کی حاصل
۱۹/ اب تو فتنہ ہے...: مط: اب فتنہ ہے...
۲۱/ کر ایک نام کی خاطر جگر کھدائی ہے: مط... چھدائی ہے
۱/۱۸ نہ بگولا ہے نہ گرد ہے ویرانے کی: مط: نہ یہ گرد ہے دیوانے کی

۲/۱۸ یک بار آفت آ گئی صبر و قرار پر = مط: ... صبر قرار پر

۶/ آہ لب تک پہنچ نہیں = مخ: ... نہیں پہنچ سکتی

۱۱/۱۹ آج کوئی استادی کے قابل نہیں = مخ: آج استادی کے کوئی

۲۱/۱۹ کید مرے کہاں ہے خوشدلی تو = مط: کید مرے کدھر ہے

۶/۲۰ جس کی بالیں پر تمامی شب کھڑی روتی ہے شمع = مط جس کے بالیں پر تمامی شب پڑی ...

۸/ ایسا ہی برا حال بیاں کا دیکھا = مط: ایسا ہے برا ...

۱۵/ جز صبر کچھ چارہ نہیں بیچارہ ہونا پڑا = مط: جز صبر کچھ چارہ، بیچارہ ہونا پڑا۔

۲۲/ کیا ہی پیا ہے رنگ = مخ: کیسا چلبلے رنگ

۲۳/ یہ نظم ترجیع بند ہے۔ ہر دو شعر کے بعد یہ شب کا مصرع مخطوطہ میں لکھا گیا ہے۔

۱/۲۱ کہتے ہیں لوگ رات کو نکلا ہے آفتاب = مط: کہتے لوگ

۲/ سب عیش ساتھ ساز ہے = مخ: سب عیش ساز ساز ہے

۳/ لڑکوں کا آج چاروں طرف ہی ہجوم ہے = مخ: ... چاروں طرف سے ہجوم ہے۔

۱۰/۲۱ تڑپ کر مر گئی بلبل قفس میں = مخ تڑپ کے ...

۱۳/ سیوک رائے = مط: شیوک رائے

۱۸/ آسماں تک ہے اٹھا شعلہ ... = مط: آسماں تک ہیں اٹھا شعلہ ...

۱۹/ محتاج نہ یہ کلبۂ احزاں چراغ کا = مخ: محتاج نہیں

۲۰/ نہ پوچھ مجھ سے مرے دل پہ کیا عشق کیا لایا = مط ... مرے دل میں

۱/۲۲ اگر تو ہی نہ ہوئے جان مجھ پاس = مط: ... تجھ پاس

۱۲/ شرح آں ناگزیر افتاد = مط: شرع آں ...

۱۳/ شہباز بیگ تورانی بود کابلی نژاد = مط: ... تورانی کابلی نژاد

۲۱/ نہ رسید = مط: رسید

۲۲/ از خوف استخفاف حاکمان = مط: ... استحقاق حاکمان

۳/۲۳ درشت = مط: درست

۱۳/ رسانیدند = مخ: دہانیدند

۱۵/ نیز بعہ = مط: بر بعہ

۲/۲۴ شاہجہان آباد = مخ: خاک شاہجہاں آباد

۴/ کد ہیں = مخ: کبھی

۴/ دعا ہوئی = مط: دعا ہوا

۱۴/ در سایہ محبت = مط: در محبت

۲۲/ بتکدے میں = مخ: میکدے میں

۳/ اس کی = مط: اس کے

۱۷/۲۵ ایجاد نادرہ = مخ: ایجاد تازہ

۱۱/۲۳ ہمت عالی کی = مط: ہمت عالی کا (تعریف)

۳/۲۶ عرصہ دنیا کہ (ہاشمی) = مخ مط: عرصہ دنیا کا

۶/۲۶ ہست کم (ہاشمی): ہست و کم

پوچھیے = مط: پوچھیو

۸/ یقیں ہے حاصل ہندوستاں = مخ: یقیں حاصل ہندوستاں

۱۳/۲۴ نواب دکا ثانی = مخ: کے ثانی، مط: کی ثانی

ص/س

۱۷/۲۶ ہوئے = مخ: ہووے

" ۲۳/ بہت محال = مخ: پٹ محال

۵/۲۷ کائنات کے نسرین = مط: کائنات نسرین

" ۷/ اوپر مطالعہ = محط: اوپر شوق مطالعہ

" ۱۰/ رکتی = مخ: روکتی

" ۱۰/ واسطے شغل = مط: شغل

" ۱۶/ ہاشمی: اردوے معلیٰ کا رکھتا ہو۔ مطالعہ اس گلدستہ بہار میں لے کے ہوش و شعور فحوائے کلام حاصل کرے۔

" ۱۷/ خامۂ عجز نگار = مط: خامۂ عجز زر نگار

" ۲۱/ ارتفاع کی پختہ قوس = مط: ارتفاع قوس

" ۲۳/ دارالامن کے تئیں = مط: دارالامن گیتی

۷/۲۸ جیسے = مخ: جیسے

" ۷/ مسکن و ماوا = مط: مسکن (و) ماوا

" ۱۱/ اس کی کچھ تعریف = مط: اس کی تعریف

" ۱۵/ اس فکر دلخراش = مط: این فکر دلخراش

" ۱۶/ گل عشرت اس کے = مط: گل عشرت اس کی

" ۱۶/ صرصر غم و الم سے = مخ: صرصر اس غم و الم کی سی

" ۱۸/ شب پردہ نشینان = مخ: سب پردہ نشیناں

" ۲۰/ کا اوپر = مط: کے اوپر

" ۲۱/ اوج عفت = مخ: اوج عصمت

۸/۲۹ وقت شب در = مط: وقت در

" ۹/ ماہتاب کے تئیں = مط: ماہتاب کے سیں

" ۱۱/ جلوہ سرلے = [ہاشمی: جلوہ پیرلے]

۱۸/۲۹ مہتاب نہ = مخ: مہتاب نہیں

۱/۳۰ ۱۹/" چاندنی = مخ: چاندسی

۲۰/" پاس نہ = مط: پاس نہیں

" ۲۱/ جنبش دی = مط: جسن دی

" ۲۲/ دہ ماہ = مط: وفا

۱/۳۰ [ہاشمی: نگینہ ہائے الماس] = مخ، مط: آبگینہ ہائے الماس

۱/" سبزۂ زمیں ریاض آئیں = ہاشمی: سبزۂ ریاض خلد آئیں

۴/" ماہ نسترن = مط: ماہ رویان نسترن

۱۰/" کچھ کہنا نہیں = مط: کچھ کہتا نہیں

۱۰/" کہیں = مخ: کبھی

" ۱۴/ جھاڑنے = مط: جھاڑمیں

" ۱۴/ درخت انار = ہاشمی: درخت چنار

" ۱۴/ پھنیے کے گلدستے = مخ: پہنچے

" ۱۶/ پٹا خلعا = مخ: پٹا خے

" ۱۸/ موتی کی سی لڑی = مخ: موتی کی لڑی

۲/۳۱ افتخار یافت = مط: اختیار یافت

" ۲/ بدرس و استخراج مسائل = مط: بدرس استخراج مسائل

" ۵/ وجودت انتقال = مخ: سرعت انتقال

" ۱۶/ ضعف بصر = مخ: ضعف بصارت

۶/۳۲ نہ اپنے = مط: بیاپنے

۱۵/۳۲ اندریں = مخ: کدریں

۴/۳۳ باندھ کے = مخ: باندھ کر

۸-۷/" فیض صحبت = مط: فیض محبت

۱۱/۳۳ کشیدہ درعین = مخ: کشیدہ آخر الامر سر بدیوانگی کشید درعین

"/۱۶ مچائی تھی = مخ: مچاتے تھے

"/۱۷ عشق کی = مخ: عشق میں

"/۱۷ اب دل = مخ: اس دل

۲/۳۴ محتشم = مخ: سید محتشم

"/۶ چھپایا = مخ: جھکایا

"/۹ حسن ابن = مخ: حسن تخلص بن

۱۷/۳۴ شرق = مط: مشرق

"/" جستجو میں پڑے کرتے ہیں بہم = مط: جستجو میں تری نت کرتے ہیں ہم۔

"/۱۹ ہے یہ غم = مخ: ہیں یہ غم

۱۱/۳۵ اسی کے = مخ: اسی کو

۲۲/۳۵ تجھے = مخ: مجھے

۱۵/۳۶ دیکھ کے = مخ: دیکھ کر

۶/۳۷ نتواند = مط: تواند

۱۱/۳۷ کس واسطے = مط: کس راہ سے

۱۲/۳۷ گلے کے ہار = مط: گلے بار

۱۴/۳۷ عیاں = مخ: میاں

۱۸/۳۷ مولائی واستادی = مط: مولائے راستاں

"/۲۱ حیرت افزائش = مخ: حسرت افزائش

"/۲۲ باپر = مخ: ازبہر

"/۳۷ خذف = مط: صدف

۳/۳۸ بہارس پیدا = مط: بہارش پیداست

"/۴ طرز = مخ: شعار

"/۵ طبع عالیش = مط: طرز عالیش

"/۶ کسے می خواند = مط: سے می خواند

"/" می کرد = مخ: می نمود

"/۷-۸ از سنین عمرش چہاردہ گذشتہ = مخ: چہاردہ سال گذشتہ

۸/۳۸ اعلم العلماء = مط: عالم العلما

"/۱۰ سرفراز شدہ = مخ: شرف اندوز شدہ

"/۱۴ تعلیم = مط: بقلم

"/۱۹ ودرخدمت = مط: درخدمت

"/۲۱ کمی گرفت = مط: می گرفت

۳/۳۹ آنجناب = مخ: آنحضرت

۸/۴۰ (پانچویں شعر کے بعد) = مخ: بحق آں علی زین عباد قدوۂ سالکان راہ رشاد

۱۲/۴۰ تواشت = مط: بودہ است

"/۱۷ آنکہ = مط: ایکہ

۱۷/۴۰ کبار = مط: کرام

۱/۴۱ می نماید = مخ: بنماید

۶/۴۱ (گیارہویں شعر کے بعد) مخ: نامۂ رشتی از تشنج عل در پیش نمک زخمہائے سینۂ ایش

۱۰/۴۱ می رسد = مخ: برسد

۲۲/۴۱ برمطیعان ومنکراں = مط: برمطیعان منکران
۲۳/۴۱ مجرمان = مط: محرمان
۱/۴۲ برآں = مخ: برین
" ۵ بوقت محسن = مخ: بوقت مہین
" ۱۷/ بدرد ومحسن = مخ: بدرد ومہین
" ۲۰/ قادر وغفار = مخ: قادر غفار
۵/۴۳ تاابد = مط: اید
" ۱۶/ درالٰہ آباد = مخ: درالٰہ آباد آمدہ
۱۹/۴۳ یہ کافر = مخ: یہی کافر
۲۲/۴۳ بسیار موزوں = مخ: بس موزوں
" ۲۳/ فکر ریختہ وغزل = مخ: فکر غزل وریختہ
۴/۴۴ واللہ نہ ہوگا = مط: واللہ ہوگا
" ۱۷/ گلزار سخنوری = مط: سخنوری
" / " ونشو ونمائش = مط: ونشو نمایش
۱/۴۵ تارہ [نعرہ] ہل من مزید = مط مخ: نارہ ہل من مزید
" ۰/ بگوش می رساند = مخ: بگوش وے می رساند
" ۳/ چوں ایں فقیر = مط: چوں فقیر
" ۱۰/ اسرافراز = مخ: سرافراز
" ۱۰/ اعمال خویش = مخ: اعمال عمال خویش
" ۱۱/ تعویض نمودہ بعنایت = مخ: تعویض فرمودہ وبعنایت
" ۱۲/ اشعار = مخ: اشعار وے
" ۱۹/ ٹانکے بھرتے = مط: ٹاکے بھرتے

۶/۴۶ اک = مخ: یک
" / " اور عرض کی ڈر سے = مخ: اور عرض کی زور سے
" ۱۸/ " راحت مرے = مخ: راحت مجھے
۱۳/۴۶ کس کے تئیں ... = مخ: سب کے تئیں گردوں نے دنیا میں کیا ہے کامیاب
" ۱۵/ راہگذر اوپر = مط: راہگذار وپر
" ۱۶/ جبکہ = مط: جی کہ
" / " ہووے = مخ: ہوگی
" ۱۷/ جاکر = مط: جاکے
" ۱۹/ ودراں = [اعواں] = مخ مط: ودراواں
۴/۴۸ وادن موپر = مط: وامو پر
" ۸/ کنشت ودیر = مط: کنشت دیر
" ۹/ نہ ہونے پائی = مط: ہونے پائی
" ۱۱/ لے درد = مخ: بے درد
" ۱۷/ آنکھوں کی راہ = مط: آہوں کی راہ
۹/۵۰ تعشق داشت = مخ: تعشق دارد
" ۱۲/ جاب آوے = مط: جاب آیا
" ۱۵/ لخت دل سے جب خالی = مخ: جب سے خالی لخت دل سے
۱/۵۱ می پسندید لیکن ایں اثر = مخ: می پسندید ایں اثر
" / " منزل من السمار = مط: منزل من السمار
